دفن شدہ تعویذات کو ظاہر کرنے کا عمل

کالی دیوی کو تسخیر کر کے ہر قسم کا لینے کا آسان منتر

مجربات اکابر

عورتوں کے لئے روحانی علاج

سحر جادو کو مریض کے بدن سے نکالنے کا خاص عمل

زوجین میں محبت کے طلسمات

گھر سے جنات کو نکالنے کے اعمال

عورتوں کے لئے روحانی علاج

محبت و شادی کے خاص اعمال

نظر بد اور حسد سے بچنے کی دعائیں

روحانی درسگاہ کی طرف سے درج ذیل اعمال پر 20% خصوصی رعایت

برائے دسمبر 2023

عاملین کیلئے حُب کے خاص اور مجرب اعمال کی بیاض

عاملین یہ بات بخوبی جانتے ہیں کہ حُب کے اعمال کے لوگ دعوے تو بہت کرتے ہیں، مگر کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ ''کھودا پہاڑ، نکلا چوہا''۔ کئی عامل بہت چکر لگوانے پر بھی اصل عمل نہیں دیتے۔ دارالعمل چشتیہ کی طرف سے ایسے حُب کی متلاشی عاملین کے لیے ایک روحانی تحفہ جس میں چند ایسے اعمال ہیں جو عرصہ سے ہمارے استعمال میں ہیں اور بعض اعمال کے پیچھے باقاعدہ مخلوق بھی ہے۔ مخلوق ہمارے پاس رہے گی، عامل صرف اس سے استفادہ کر سکیں گے۔ بیاض کے حصول کے لیے نقد ہدیہ ادا کرنا شرط ہے۔ اجازت یافتہ عامل ان اعمال کو اعتماد سے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ بیاض ہر کسی کو نہیں دی جائے گی۔ جن پر اطمینان ہوا، صرف ان عاملین کو ہی دی جائے گی۔

ہدیہ: 11,000 روپے

کڑاہی والا عمل

بڑے سے بڑے اور سخت سے سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل مجرب المجرب عمل۔ اس عمل میں گروہ در گروہ جنات اور شیاطین کڑاہی میں جلتے ہیں۔ چاہے وہ کتنے ہی بڑے جادوگر اور عامل ہوں، اس عمل کے سامنے ان کی طاقتیں کمزور پڑ جاتی ہیں۔ جو انسانی جادوگر پیچھے سے وار کر رہا ہوتا ہے، اس کی طاقتیں بھی کڑاہی میں جل کر خاک ہو جاتی ہیں۔ اس عمل کو صرف بڑے عامل ہی کر سکتے ہیں۔ خاص کر ان جگہوں پر کیا جاتا ہے، جہاں جادو اور جنات نے بسیرا کر لیا ہو اور کسی طرح بھی نکلنے کا نام نہ لے رہے ہوں۔ اس عمل میں تین سے چار بڑے اعمال بھی شامل ہیں۔

ہدیہ اجازت عمل 30000 روپے

تھیلی والا عمل

سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔ اس عمل کے پیچھے عامل جنات غیبی معاونت کرتے ہیں، جو جادو اور شیاطین، آسیب، خبیث جنات اور ہر طرح کے جادوگر...... چاہے وہ انسانوں میں سے ہو یا جنات و شیاطین میں سے...... سے لڑنے میں مہارت رکھتے ہیں۔ یہ عمل صرف ان عاملین کے لیے ہے، جنہوں نے بنیادی ریاضتیں کی ہوئی ہوں۔ اس عمل میں چالیس یوم کا چلّہ با پرہیز کیا جاتا ہے۔ کامیابی پر عامل، بڑے سے بڑے جادو اور جنات کا علاج آسانی سے کر سکتا ہے۔

ہدیہ اجازت عمل 5100 روپے

بکرے کے صدقے کا عمل

جب جنات یا جادو سخت نقصان دہ ہو جائیں تو ان کے علاج کے لیے بکرے کے صدقے کا خاص عمل کیا جاتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے جادو اور جنات مریض کا جسم کسی قسم کا نقصان دیے بغیر چھوڑ دیتے ہیں۔ یہ عمل ان مریضوں کے لیے کیا جاتا ہے، جو عرصے سے جادو اور جنات کے اثرات میں مبتلا رہ کر کئی طرح کے امراض کا شکار ہو گئے ہوں۔ اسی طرح اس عمل کو لاعلاج اور ڈاکٹروں سے مایوس مریضوں کے لیے بھی کیا جاتا ہے، جس سے شفاء کی ایک نئی امید مریضوں کو ملتی ہے۔ اس عمل میں ایک با پرہیز چلّہ کرنا پڑتا ہے۔

ہدیہ اجازت عمل 4100 روپے

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 0309-7772775 042-35420586
ruhanidarsgah ruhanidarsgah97 ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com

اسلامی تصوف، روحانی عملیاتی، طبی نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ خزینہ روحانیات لاہور

جمادی الاوّل، جمادی الثانی
۱۴۴۵ھ
دسمبر 2023ء
جلد نمبر 14
شمارہ نمبر 8

قیمت 100 روپے

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب

معاون مدیر: حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

سالانہ ممبر شپ بذریعہ پاکستان پوسٹ

عام ڈاک: 1170 روپے | رجسٹرڈ ڈاک: 1530 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27/28/29 تاریخ کو رسالہ ارسال کیا جاتا ہے۔

سالانہ ممبر شپ بذریعہ کوریئر TCS

لاہور کیلئے: 1730 روپے
لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 2220 روپے
لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 3000 روپے

سالانہ ممبر شپ بذریعہ ای میل / واٹس ایپ

ای میل: 700 روپے | واٹس ایپ: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی پہلی / دوسری تاریخ کو رسالہ Whatsapp/Email کیا جاتا ہے۔

برائے ماہنامہ خزینہ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات
0322-4773786, 042-35410586

darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat | khazinaruhanyat

دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht | darulamalchishtia
0322-7772772 | 0343-7772772
0312-7772772 | 0306-7772772(ufone)
042-35410586 | پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

دسمبر 2023ء

جمادی الاوّل، جمادی الثانی ۱۴۴۵ھ

اہم اعلان

تمام قارئین، شاگرد ممبران، احباب لکھاریوں، قلم کاروں، اساتذہ وعاملین سے درخواست ہے کہ ماہنامہ خزینہ روحانیات میں اپنے قیمتی مضامین، مجربات، اعمال، سینے کے راز، آزمودہ وظائف وعملیات، مجرب تعویذات ونقوش، اہم انکشافات، اصول وظائف، تیر بہدف کلمات اور انوکھے بھید، ادارے کو جلد از جلد ارسال فرمائیں۔ مضمون ہر ماہ کی 25 تاریخ تک بھیج سکتے ہیں۔ یہ مضامین آپ کے نام سے شائع کیے جائیں گے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ ہوں گے۔ ادارہ آپ تمام حضرات سے دعاؤں کی درخواست کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس رسالے کو بہترین انداز میں شائع کرنے کی توفیق دے۔ امین

مضامین بھیجنے کے لیے

- خط بھیجنے کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119 لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570
- کوریئر، رجسٹرڈ ڈاک: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور
- ای میل: khazinaeruhaniyaat@gmail.com
- واٹس ایپ: 0322-4773786

حمد باری تعالیٰ

ریاض حسین چوہدری

رحمت تری پہ میرا بھی حق ہے، مرے خدا
گندم مرے بھی سُوکھے ہوئے کھیت میں اُگا
آسودگی کے لمحوں کو اذنِ سفر ملے
صدقہ مجھے بھی سیدِ عالمؐ کا کر عطا
ہاتھوں میں دے کدال مگر ربِ کائنات
اُٹھے ترے کرم کی اُفق سے ابھی گھٹا
دامانِ آرزو میں سجا موتیوں کے ہار
محرومیوں کے نقش در و بام سے مٹا
قاصد کی راہ دیکھتا رہتا ہوں رات دن
بُھولا نہیں کبھی مجھے طیبہ کا راستہ
یارب! گھرا ہوا ہوں مصائب کے درمیاں
تو ہی کڑے دنوں میں بھی دیتا ہے حوصلہ
چاروں طرف مہیب چٹانیں ہیں بُھوک کی
ناکامیوں کا دُور تک پھیلا ہے سلسلہ
اشکوں سے ہے بھرا ہوا کشکولِ آرزو
سِکّے کرم کے عرشِ معلی سے بھی گرا
مٹی کے ہی کھلونے ہیں بچوں کے ہاتھ میں
سوئے ہوئے نصیب غریبوں کے بھی جگا
رہ رہ کے دیکھتا ہوں ترے آسمان کو
کشتی کے ارد گرد ہیں گردابِ ابتلا
جھوٹے خدا کھڑے ہیں جھروکوں میں آج بھی
زنجیرِ عدل قصرِ انا کی کبھی گرا
ہیں کربلائے عصر کے گرد و غبار میں
آسودگی کے دن میرے بچوں کو بھی دِکھا
یارب! ہے امتحان کے قابل کہاں، ریاض
اِس کو تُو اپنے فضل و کرم کا دے آسرا

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صدیقہ نورین تبسم مصریال

نورانی صبح میں دیوانے کو دیدار مصطفٰے ﷺ چاہیے
آج ایک ساتھ در و دیدار مصطفٰے ﷺ چاہیے
اک یار کی حالت نے بھی یہ کہلوایا سب سے
صدیقؓ کو دوا نہیں بس دیدار مصطفٰے ﷺ چاہیے
محبت کی تڑپ کو کملی والے اور رب جانے
بس ان کی آنکھوں کو تو دیدار مصطفیٰ ﷺ چاہیے
عرش و فرش کو سجا دیا ہے تو نے مولا
پھر تو ضرور سب کو دیدار مصطفیٰ ﷺ چاہیے
قبر میں کہنے سے پہلے کچھ نہ سنوں گی
کہ مر کے آئی ہوں پہلے دیدار مصطفیٰ ﷺ چاہیے
تبسم تجھ جیسا نکما اور خطاکار تو کوئی نہ تھا
مگر ان الفاظ نے بخشوا دیا کہ دیدار مصطفیٰ ﷺ چاہیے

یہ دل کیا کرے کملی والے سے رشتہ ہی کچھ ایسا ہے
مر مٹے ہم کہ محمد ﷺ نام ہی کچھ ایسا ہے
جھولی کو میں نے خود خالی رکھا زندگی بھر
در مصطفیٰ ﷺ کے لیے کہ وہ در ہی کچھ ایسا ہے
سب دیکھتے رہ گئے سدرۃ المنتہیٰ سے آگے آپ کو
بات یہ ہے کہ محب کا محبوب ہی کچھ ایسا ہے
وہ جو کعبے کا کعبہ بن گیا جو کعبہ بھی پتھر ہے
چاہے کوئی بھی ہو احمد مجتبیٰ ﷺ سے عشق ہی کچھ ایسا ہے
بڑے بڑے عاشق مر مٹتے ہیں در پہ تبسم
میری سانس بھی نکل گئی کہ وہ در ہی کچھ ایسا ہے

ایک ہوں مسلم حرم کی پاسبانی کیلئے

مولانا علی آفاق (مدیر ماہنامہ خزینۂ روحانیات)

محترم قارئین کرام! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ: ایک وقت تھا کہ اسلام اور مسلمان عروج پر تھے۔ ہر طرف امن عافیت، سکون، برکت، عزت، دولت اور شہرت کی ریل پیل تھی۔ کسی کو کسی دوسرے سے خوف نہیں تھا اور اس کی واحد وجہ اسلام تھا۔ حضور ﷺ کی ابتدائی دعوت کے زمانے سے جو محنت، فکر، نظریہ، وحدت، فکر آخرت کا بیج بویا گیا اس کی بنیاد میں آخرت اور فکر آخرت کے ذریعے ایسی امت تیار کرنا تھی کہ جو اس دنیا اور مختصر دنیا میں رہتے ہوئے آخرت کے نقصانات سے بچنے اور پوری انسانیت کو بچانے کا مقصد لے کر اٹھی تھی۔ اس دنیا کو امن کا گہوارہ بنانے کے لئے آخری آسمانی شخصیت اور آسمانی علم کو بروئے کار لایا گیا۔ یہ انسان آسمانوں سے بھیجا گیا ہے۔ آسمان والا ہی اس کا بنانے والا ہے۔ آسمان والا ہی اس کی فطری، حقیقی، ظاہری، باطنی خصوصیات سے واقف ہے کیونکہ بنایا ہی اس نے ہے اپنے امر کن سے تو اس ذات بابرکات اور خدائے وحدہ لاشریک ہی اس آسمانی مخلوق اور اشرف المخلوقات کی تربیت، کامیابی، عزت، امن، عافیت و برکت کے تمام ذرائع واسباب کا ذمہ دار ہے اور اسی مقصد اور ذمہ داری کو پورا کرنے کے لئے آخری کتاب قرآن پاک نازل فرمائی، آخری نبی ﷺ کو اس کتاب کو عملی سیرت، معاشرت، اخلاق، کردار، ایمانیات، اقتصادیات، معاملات سب کو سکھایا، بتایا بلکہ سب سے بڑی بات یہ کہ عملی طور پر دکھا دیا۔ آپ ﷺ کی خانگی، معاشی، معاشرتی، اخلاقی، ایمانی زندگی سیرت ﷺ کی سنہری باتوں کی شکل میں سیرت کی کتب کے نام سے مدون ہو کر قیامت تک رہنمائی کا سامان پیش کرتی رہیں گی۔ اس آخری نبی ﷺ نے اپنی تعلیمات میں بتا دیا کہ تمہیں عروج عمل سے، اخلاق سے، انصاف سے، خوف خدا سے، انسانیت کی بھلائی اور خیر خواہی کے جذبے کے تحت رہنمائی، دعوت اور افکار اور پورے لائحہ عمل کے بعد جہاد سے ملی ہے۔ اب جب تم دنیا کی محبت میں غرق ہو جاؤ اور موت سے خوف زدہ ہو جاؤ تو پھر ساری دنیا تم پر ٹوٹ پڑے گی اور دنیا تمہیں ٹکڑے ٹکڑے کر کے کھا جائے گی۔ آہ! آج ہم ساری امت محمدیہ ﷺ ڈیڑھ ارب کی کثیر تعداد اسلامی ملکوں کے پاس سب سے مضبوط ہتھیار ایٹم بم کی موجودگی اور گھمنڈ کے باوجود جنگ اور جہاد کا نام لینے سے دانتوں کو پسینہ آرہا ہے۔ فلسطین کے نہتے، بے یار و مددگار بچے اور بوڑھے اور عورتیں متی نصر اللہ؟ کے نعرے لگا رہے ہیں۔ اسرائیلی یہودی زر اور زمین کی ہوس میں اس قدر اندھے ہو چکے ہیں کہ اب ان کو ہسپتال اور عورتوں اور بچوں کے متعلق اپنے ہی بنائے گئے قوانین کی خلاف ورزی اپنا حق سمجھ کر پانی، بجلی، دوائی اور دیگر بنیادی ضروریات سے لاکھوں افراد کو محروم کر رہا ہے اور عالمی طاقتوں کی پوری پشت پناہی حاصل ہے اور فلسطین اپنی تمام مظلومیت کے باوجود صرف اللہ کی مدد کا طلب گار ہے۔ پوری امت بشمول ہماری ایٹمی طاقت ان سے بے گانہ ہے۔ ملت اسلامیہ توحید واحد ہے، ملت واحدہ ہے۔ مگر ہم ان کی اخلاقی، مالی، معاشی، معاشرتی اور جہادی مدد اور تعاون کا سوچنا تو درکنار ان کے بارے میں سوچنے اور ان نہتے مسلمانوں کے خلاف مالی استحکام بخشنے والی کمپنیوں اور اداروں کے بائیکاٹ کا نعرہ لگانے والوں کو پاگل اور دیوانہ قرار دے رہے ہیں۔ خدارا چند کاموں کو معمول بنا لیں! 1 دعا 2 توبہ واستغفار 3 ویہود وہنود کی مالی کمپنیوں اور اداروں کا معاشی بائیکاٹ۔ صرف آج نہیں آئندہ ہمیشہ کے لئے 4 ندامت کہ یا اللہ ہم وقت قیام میں خواب غفلت میں ہیں، ہمیں معاف فرما دے۔ 5 ہر مناسب فورم پر ان مسلمانوں کے لئے آواز اٹھانا اور سپورٹ کرنا وغیرہ۔ تو آیئے ان تمام مذکورہ اور دیگر ضروری اقدامات کو آج سے ہی شروع کرتے ہیں تا کہ حشر میں منہ دکھا سکیں۔

تصوف کی حقیقت

حبیب الرحمن اعظمی مدظلہ

احسان یا بالفاظ متعارف تصوف کیا ہے؟ انسانی روح کا اپنے مطلوب حقیقی سے ملنے کا شدید اشتیاق؟ تصوف کیا ہے؟ اخلاق کی جان اور ایمان کا کمال، شریعت اسلامی اس کی اساس اور قرآن وحدیث اس کا سرچشمہ، چناں چہ سید الطائفہ شیخ جنید بغدادیؒ کا بڑے واضح الفاظ میں اعلان ہے کہ:

''ایں راہ کسے یابد کہ کتاب بردست راست گرفتہ باشد وسنت مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم بردست چپ ودر روشنائی ایں دو شمع می رود تانہ در مغاک شبہت افتد نہ در ظلمت بدعت۔

اس راہ کو وہی پا سکتا ہے جو کتاب اللہ کو داہنے ہاتھ میں اور سنت رسول کو بائیں ہاتھ میں لیے ہو اور ان دونوں چراغوں کی روشنی میں راہِ سلوک طے کرے تاکہ گمراہی اور بدعت کی تاریکی میں نہ گرے۔''

حضرت سہل بن عبداللہ تستریؒ جو متقدمین صوفیاء میں امتیازی مقام و مرتبہ کے حامل تھے فرماتے ہیں: ''اصولنا سبعة اشياء التمسك بكتاب الله والاقتداء بسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم واكل الحلال وكف الاذى واجتناب المعاصي والتوبة واداء الحقوق (التاج المكلل)

ہمارے سات (7) اصول ہیں۔ کتاب اللہ پر مکمل عمل، سنت رسول کی پیروی، اپنی ذات سے کسی کو تکلیف نہ پہنچنے دینا، گناہوں سے بچنا، توبہ واستغفار اور حقوق کی ادائیگی۔''

سلطان الہند شیخ معین الدین اجمیریؒ کا یہ مقولہ تاریخ اجمیر میں درج ہے: ''اے لوگو تم میں سے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ترک کرے گا وہ شفاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محروم رہے گا۔''

حضرت میر سید اشرف سمنانیؒ مدفون کچھوچھا ضلع فیض آباد فرماتے ہیں: ''یکے از ہم شرائط ولی است کہ تابع رسول علیہ السلام قولاً وفعلاً واعتقاداً بود۔ (لطائف اشرفی)

ولی کی شرائط میں سے یہ بھی ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے قول، فعل اور اعتقاد میں پیرو ہو۔''

تصوف دراصل وہ رہنما ہے جو سالک کو ہر آن باخبر رکھتا ہے کہ دیکھنا کہیں مقصود نگاہ سے اوجھل نہ ہو جائے وہ ہدایت کرتا ہے کہ جب تو بارگاہِ خداوندی میں نماز کے لیے کھڑا ہو اور یہ دیکھے کہ قبلہ رو ہے یا نہیں، جائے نماز اور کپڑے پاک ہیں یا نہیں، تو اسی کے ساتھ یہ بھی دیکھ کہ تیرا تصور پاک ہے یا نہیں، دل مالک کائنات کی طرف ہے یا نہیں، غرض تصوف ہر ہر قدم پر سالک کو خبردار رکھتا ہے کہ مقصود اصلی خدائے ذوالجلال والاکرام کے خیال سے دل غافل نہ ہونے پائے، ایک مرتبہ امام احمد بن حنبلؒ کے تلامذہ نے ان سے سوال کیا کہ آپ بشر حافیؒ کے پاس کیوں جاتے ہیں وہ تو عالم ومحدث نہیں ہیں؟ تو امام صاحبؒ نے فرمایا کہ میں کتاب اللہ سے واقف ہوں مگر بشر اللہ سے واقف ہیں۔ عارف ہندی اکبر الہ آبادی مرحوم نے بہت خوب کہا ہے۔

قرآن رہے پیش نظر، یہ ہے شریعت
اللہ رہے پیش نظر، یہ ہے طریقت

اس حقیقت کو یوں بھی سمجھا جا سکتا ہے کہ فقیہ بھی ہدایت کرتا ہے کہ، اے بندے اللہ کا نام لے اور صوفی بھی یہی کہتا ہے کہ اللہ کا نام لے مگر اس طرح کہ وہ تیرے دل میں اتر جائے، یعنی صوفی کا کہنا یہ ہے کہ صرف زبان سے اللہ کا نام لینا کافی نہیں ہے، زبان کے ساتھ تیرا دل بھی ذاکر ہونا چاہیے، حاصل کلام یہ نکلا کہ تصوف یا احسان دل کی نگہبانی کا اصطلاحی نام ہے، حدیث جبرئیل میں ''ان تعبد الله كانك تراه فان لم تكن تراه فانه يراك'' کا جملہ اسی دل کی نگہبانی کی انتہائی بلیغ اور پیغمبرانہ تعبیر ہے، امام العرفاء سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مختصر جملے سے احسان یا تصوف کی پوری حقیقت بیان فرمادی ہے کیوں کہ راہِ تصوف کے تمام جہد و عمل، ذکر وفکر، محاسبہ ومراقبہ وغیرہ کا منشاء ومقصد یہی ہے کہ دل مشاہدہ وحضور کی متاعِ عزیز سے ہم کنار ہو جائے۔

تصوف کی مستند کتابوں مثلاً قوت القلوب از شیخ ابوطالب مکیؒ، طبقات الصوفیہ از شیخ عبدالرحمن سلمیؒ، حلیۃ الاولیا از ابونعیم اصفہانیؒ، الرسالۃ القشیریہ از امام قشیریؒ، کشف المحجوب از شیخ علی بن عثمان ہجویریؒ مدفون لاہور، تذکرۃ الاولیاء از شیخ فریدالدین عطارؒ، عوارف المعارف از شیخ سہروردیؒ، فوائد الفواد ملفوظات شیخ نظام الدین اولیاءؒ، خیر المجالس ملفوظات شیخ نصیر الدین چراغ دہلویؒ وغیرہ کے صفحے الٹتے جائیے، صرف زبانی ہی نہیں بلکہ عملاً بھی کتاب وسنت کی تلقین ملے گی اور معتمد طور پر یہ بات واضح ہوجائے گی کہ اکابر صوفیاء کے مجاہدات، ریاضات اور مراقبات کی اساس و بنیاد قرآن و حدیث کی تعلیمات ہی ہیں، اور ان کی پاکیزہ زندگیاں اسلام کی جیتی جاگتی تصویریں تھیں۔

اسلامی تعلیمات میں محبت الٰہی، مکارم اخلاق اور خدمت خلق کو بنیادی حیثیت دی گئی ہے، تصوف کی تعلیمات بھی انھیں ارکانِ ثلثہ پر مبنی ہیں، تاریخی شواہد کی بنیاد پر بلا خوف تردید یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ حضرات صوفیاء ہی نے اپنی عملی جدوجہد کے ذریعہ ہر زمانے میں اسلام کے اخلاقی و روحانی نظام کو زندہ رکھا، صوفیاء سے بڑھ کر تبلیغ اور تعمیر سیرت کا فریضہ کسی جماعت نے انجام نہیں دیا، متکلمین، معتزلہ اور حکماء نے صرف دماغ کی آبیاری کی جب کہ صوفیاء نے دماغ کے ساتھ دل کی تربیت اور اصلاح کی اہم ترین خدمت بھی انجام دی اور یہ بات کسی بیان وتشریح کی محتاج نہیں ہے کہ اسلام میں اصلی چیز دل ہے نہ کہ دماغ۔ اگر دل فاسد ہوجائے تو دماغ کا فاسد ہوجانا یقینی ہے، چناں چہ نبی صادق و مصدوق صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "الا ان فی الجسد مضغة اذا صلحت صلح الجسد کله واذا فسدت فسد الجسد کله الا وھی القلب" انسان کے جسم میں ایک عضو ہے، اگر وہ صالح ہوجائے تو سارا جسم صالح ہوجائے اور اگر وہ فاسد ہوجائے تو سارا جسم فاسد ہوجائے، آگاہ ہوجاؤ وہ قلب ہے۔

حضرات علمائے کرام نے علمی ونظری دلائل سے اسلام کی حقانیت کو واضح کیا جب کہ حضرات صوفیاء نے اپنے اعمال واخلاق اور سیرت وکردار سے اسلام کی صداقت کو مبرہن اور آشکارا کیا، اس لیے تصوف یا طریقت شریعت سے الگ کوئی چیز نہیں ہے بلکہ صحیح معنوں میں تصوف اسلام کا عطر اور اس کی روح ہے، لیکن کوئی انسانی تحریک خواہ وہ کتنی اچھی کیوں نہ ہو جب افراط وتفریط عمل وردعمل کا بازیچہ بنتی ہے تو اس کی شکل مسخ ہوئے بغیر نہیں رہتی، چناں چہ متکلمین نے اسلام کو یونانی فلسفہ کی زد سے بچانے میں بڑی قابل قدر خدمت انجام دی ہیں، لیکن آگے چل کر جب علم کلام کو شکوک و شبہات پیدا کرنے کا ذریعہ بنالیا گیا تو یہی علم کلام مسلمانوں میں ذہنی انتشار برپا کرنے کا سبب بن گیا، یہی حال تصوف کا بھی ہوا کہ تصوف کی ہمہ گیر مقبولیت اور ہردلعزیزی دیکھ کر جاہل یا نقلی ارباب غرض صوفیوں کے بھیس میں اس جماعت صوفیہ صافیہ میں در آئے اور اپنی مقصد برآری کے لیے شریعت وطریقت میں تفریق کا نظریہ شائع کردیا، مجاز پرستی، قبر پرستی، نغمہ وسرود کو روحانی ترقی کا لازمی جزو بنادیا اور دنیا پرستی سے گریز کو رہبانیت کی شکل دے دی مگر ہمیں اس حقیقت کو فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ محققین صوفیا نے ہمیشہ ان گمراہیوں کے خلاف آواز بلند کی ہے اور ان فاسد عناصر کو تصوف سے خارج کرنے کے لیے ہمیشہ کوشاں رہے ہیں۔

اس جعلی اور غیر اسلامی تصوف کی بنا پر سرے ہی سے تصوف کا انکار کردیا جائے اور اسے نوع انسانی کے لیے بمنزلہ افیون بتایا جائے اور الزام عائد کیا جائے کہ تصوف زندگی کے حقائق سے گریز کی تعلیم دیتا ہے اور اس نے مسلمانوں کے قوائے عمل کو مضمحل یا مردہ بنادیا ہے تو یہ سراسر ناانصافی اور اسلامی تصوف پر ظلم ہوگا۔

بدقسمتی سے خود مسلمانوں کا ایک طبقہ جو براہ راست اسلام اور اسلامی مآخذ کا مطالعہ کرنے کی بجائے مستشرقین اور عیسائی مصنفین کے واسطہ اور انھیں کی مستعار عینک سے اسلامی علوم و معارف کو دیکھنے کا عادی ہے، اسلامی تصوف پر اسی قسم کے بیجا اور غلط اعتراضات کرتا رہتا ہے، یہ بات حق وصداقت اور انصاف و عدالت سے کس قدر بعید ہے کہ ہدف ملامت تو بنایا جائے اسلامی تصوف کو اور قبائح مدنظر رکھی جائیں غیر اسلامی تصوف کی، اسلام کے ان نادان دوستوں نے اپنے اس رویہ سے نہ صرف علم وتحقیق کا خون کیا بلکہ لاکھوں بندگانِ خدا کو تصوف کی حسنات و برکات سے محروم کردیا۔ فالی اللہ المشتکی

نیک صفات اور ان کے حصول کے طریقے (پہلی قسط)

توبہ اور اس کا طریقہ

توبہ سے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں، جو شخص اپنی حالت میں غور کرے، اسے محسوس ہوگا کہ ہر وقت کوئی نہ کوئی گناہ ہو ہی جاتا ہے، اس لیے ہر شخص کو توبہ کا اہتمام کرنا چاہیے۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ قرآن اور حدیث میں گناہوں پر جو وعیدیں آئی ہیں، ان کو یاد کرے اور انجام کو سوچے، اس سے گناہ ہونے پر دل دکھے گا۔ لہذا زبان سے بھی توبہ کرے اور جو نماز، روزہ وغیرہ فوت ہوئے ہو، ان کی قضا کرے۔ اگر بندوں کے حقوق ضائع ہوئے ہوں تو ان سے معاف کرائے اور جو مالی حقوق ہیں ان کو ادا کرے اور جو ان کے علاوہ گناہ ہوئے ہوں اُن پر خوب کڑھے اور رونے کی شکل بنا کر اللہ تعالیٰ سے خوب معافی مانگے۔

خوفِ خدا اور اس کا طریقہ

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو حکم فرمایا ہے کہ مجھ سے ڈرو۔ خوفِ خدا ایسی چیز ہے کہ آدمی اس کی بدولت گناہوں سے بچتا ہے۔

اس کا طریقہ وہی ہے جو توبہ کا طریقہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کو سوچا کرے، جس سے اللہ تعالیٰ کا خوف پیدا ہوتا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے امید رکھنا اور اس کا طریقہ

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ تم حق تعالیٰ کی رحمت سے ناامید مت ہو۔ امید ایسی چیز ہے، جس سے نیک کام کرنے اور توبہ کرنے کی ہمت بڑھتی ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کو یاد کرے اور سوچا کرے۔

صبر اور اس کا طریقہ

نفس کو دین کی باتوں کا پابند رکھنا اور دین کے خلاف اس سے کوئی کام نہ ہونے دینا، اس کو صبر کہتے ہیں اور اس کے کئی مواقع ہیں۔

1. آدمی امن وسلامتی کی حالت میں ہو، اللہ تعالیٰ نے صحت دی ہو، مال و دولت عزت، آل اولاد، گھر بار، ساز و سامان دیا ہو، ایسے وقت کا صبر یہ ہے کہ آدمی مال و دولت کی وجہ سے بگڑ نہ جائے، اللہ تعالیٰ کو بھول نہ جائے، غریبوں کو حقیر نہ سمجھے، ان کے ساتھ نرمی اور حسن سلوک کرتا رہے۔
2. عبادت کا وقت ہے کہ اس وقت نفس سستی یا کنجوسی کرتا ہے جیسے: نماز کے لیے اٹھنے یا زکوٰۃ خیرات دینے میں۔ ایسے موقع پر تین طرح کا صبر درکار ہے۔

   (1) عبادت سے پہلے نیت درست رکھے۔ اللہ تعالیٰ ہی کے واسطے وہ کام کرے، نفس کی کوئی غرض نہ ہو۔ (2) عبادت کے وقت کم ہمتی نہ ہو۔ جس طرح اس عبادت کا حق ہے، اسی طرح ادا کرے۔ (3) عبادت کے بعد کسی کے سامنے اس کا ذکر نہ کرے۔
3. گناہ کا وقت ہے۔ اس وقت کا صبر یہ ہے کہ نفس کو گناہ سے روکے۔
4. جب کوئی تکلیف پہنچائے، برا بھلا کہے۔ اس وقت کا صبر یہ ہے کہ بدلہ نہ لے، خاموش ہو جائے۔
5. مصیبت، بیماری اور مال کے نقصان یا کسی عزیز و قریب کے مرجانے کا ہے۔ اس وقت کا صبر یہ ہے کہ زبان سے خلاف شرع کوئی کلمہ نہ کہے۔ چیخ چیخ کر نہ روئے۔

صبر کے حصول کا طریقہ یہ ہے کہ ان سب مواقع میں صبر کے ثواب کو یاد کرے اور یہ سوچے کہ بے صبری کرنے سے تقدیر تو ٹلتی نہیں، تو پھر صبر کا ثواب کیوں ضائع کیا جائے۔

شکر اور اس کا طریقہ

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے خوش ہو کر اس کی محبت دل میں پیدا ہونا اور اس محبت سے یہ شوق ہونا کہ جب اللہ تعالیٰ ہمیں ایسی نعمتیں عطا فرماتا ہے تو اس کی خوب عبادت کی جائے اور ایسی نعمت دینے والے کی نافرمانی بڑی بے مروتی ہے۔ یہ شکر کا خلاصہ ہے۔ ظاہر ہے کہ بندے پر ہر وقت اللہ تعالیٰ کی ہزاروں نعمتیں ہیں، اگر کوئی مصیبت بھی ہے تو اس میں بھی بندے کا فائدہ ہے، اس لیے وہ بھی نعمت ہے۔ جب ہر وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے نعمت ہی نعمت ہے تو پھر ہر وقت دل میں یہ خواہش اور محبت رہنی چاہیے کہ کبھی اللہ تعالیٰ

(بقیہ ص 43)

روحانیات و تصوف

قیصر احمد بی اے (کراچی)

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن کہنے کی کرامت

حضرت لیث بن سعد رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں ''زید بن حارثہؓ کا واقعہ ہے کہ انہوں نے طائف سے ایک خچر کرائے پر لیا۔'' خچر کے مالک نے کہا ''میں خود آپ کے ساتھ رہوں گا اور جہاں میرا جی چاہے گا وہاں اتار دوں گا۔'' وہ انہیں لے کر ایک جنگل کی جانب چلا گیا اور پھر بالکل ویرانے میں جا کر کہنے لگا ''یہاں اُتر جایئے۔''

وہ اتر گئے تو دیکھا کہ چاروں طرف لاشیں ہی لاشیں پڑی ہوئی ہیں۔ اُس نے انہیں قتل کرنا چاہا تو زید بن حارثہؓ نے فرمایا ''مجھے دو رکعت نماز پڑھنے کی مہلت دے دو، پھر چاہے قتل کر دینا۔'' اس نے کہا ''ٹھیک ہے، پڑھ لو، تم سے پہلے ان سب نے بھی نماز پڑھی تھی۔ مگر ان کی نماز انہیں نہ بچا سکی، لہٰذا تم بھی اپنی خواہش پوری کر لو۔'' حضرت زید بن حارثہؓ فرماتے ہیں ''جب میں نماز پڑھ چکا تو وہ مجھے قتل کرنے کے لیے آگے بڑھا۔ میں نے بے ساختہ ''یا ارحم الراحمین'' کہا، یہ کہتے ہی ایک آواز اس نے سنی جو کہہ رہی تھی کہ انہیں قتل کرنے سے باز آجا۔''

وہ سوچنے لگا، یہ آواز کس کی ہے؟ وہ اِدھر اُدھر دیکھنے لگا۔ جب کچھ بھی نظر نہ آیا تو وہ پھر قتل کیلئے آگے بڑھا۔ زید بن حارثہؓ فرماتے ہیں، میں نے پھر کہا: ''یا ارحم الراحمین''، تین (3) مرتبہ میں نے یہ مبارک کلمہ پڑھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک گھڑ سوار سامنے کھڑا ہے، اس کے ہاتھ میں لوہے کی ایک بڑی سلاخ تھی، جس کے سرے پر آگ کا ایک شعلہ بلند ہو رہا تھا۔ اُس نے آتے ہی اُس ظالم کو وہ سلاخ گھونپ دی اور پلک جھپکنے کی مدت میں اُسے ڈھیر کر دیا۔ پھر وہ گھڑ سوار مجھ سے مخاطب ہوا۔ ''جب تم نے پہلی مرتبہ پکارا اُس وقت میں ساتویں آسمان پر تھا، پھر جب دوسری مرتبہ پکارا اُس وقت میں پہلے آسمان پر پہنچ گیا اور تیسری پکار پر آپ کے سامنے تھا۔''

معاملات میں عدل و انصاف

رسول اللہ ﷺ ایک شخص کے پاس سے گزرے کہ گندم فروخت کر رہا تھا۔ آپ ﷺ نے گندم کے (ڈھیر میں) ہاتھ ڈالا تو اندر سے بھیگی ہوئی تھی تا کہ تولتے وقت خواہ مخواہ دس سیر کے بجائے بارہ سیر وزنی بن جائے۔ فرمایا! یہ کیا بات ہوئی؟ فریبی نے کہا کہ (گندم) ذرا بھیگی ہوئی ہے۔ فرمایا تو پھر اسے نکال باہر کیوں نہ کیا، خشک کے اندر اسے غڈ مڈ کیوں کر دیا اور پھر وہ یوں کہ عیب پوشیدہ رہے؟ اور فرمایا کہ ''مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا'' یعنی جو دوسروں کو جل یعنی دھوکہ دے، وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

ایک شخص جو دودھ میں پانی ملا کر فروخت کیا کرتا تھا۔ ایک دن سیلاب آیا کہ گائے کو بہا کر لے گیا۔ اُس شیر فروش کے بیٹے نے کہا کہ وہ پانی جو ہم دودھ میں ملایا کرتے تھے، جمع ہوتا رہا اور پھر یکبار جمع ہو کر اس سیلاب کی صورت میں آیا اور گائے کو بہا کر لے گیا اور حضور ﷺ نے فرمایا کہ ''جب لین دین میں خیانت اور بددیانتی راہ پا جاتی ہے تو برکت اس میں رُخصت ہو جاتی ہے۔'' اور برکت سے مراد یہ ہے کہ کسی کے پاس مال تو تھوڑا سا ہو لیکن اس سے حاصل حصول بہت کچھ ہو اور زیادہ لوگوں کو اس سے فیض اور راحت پہنچے اور بہت سی خیر و برکت اس سے ظہور پذیر ہو۔ اور ایک وہ ہوتا ہے کہ مال بے شمار ہوتا ہے لیکن وہ فراوانی ہی اس کی ہلاکت کا ذریعہ بن جاتی ہے اور یہ تباہی اور دُنیا و آخرت دونوں میں برپا ہو کر رہتی ہے اور اس سے کچھ ملتا ملاتا بھی کم ہی ہے۔ بس چاہیئے کہ طلب کرے تو برکت کو نہ کہ کثرت و فراوانی کو۔ ختم شد۔ وما علینا الا البلاغ المبین۔

آفتاب جفر کامل

صفحات: 276
قیمت 425 روپے

مصنف: ایم غلام عباس اعوان

☆علم جفر کیا ہے؟ ☆مستحصلہ جفر ☆بندش سوال ☆چند فنی اصطلاحات جفر ☆ابجد قمری یا نوحی ☆ہم رتبہ حروف ☆سوال کے اعداد کا حصول ☆مستحصلہ ابجد رزق ☆مستحصلہ افلاطونی ☆مستحصلہ ابوطالبی ☆کچھ علم جفر کے بارے میں ☆ابجد الیقیع اور حضرت امام حسن علیہ السلام ☆چند ضروری معلومات نجوم ☆طالع برج یا طالع وقت ☆طالع برج ☆ساعت سوال ☆منازل قمر ☆داخلہ قمر یعنی قمری برج ☆داخلہ شمس یا شمسی برج ☆مستحصلہ مستقیم ☆سطر امتزاج ☆مستحصلہ کاشف الاسرار ☆مستحصلہ ناد علی ☆مستحصلہ بدوح بلبن سری ☆دستور العمل ☆قاعدہ تمشق (نظم شبکہ) ☆قاعدہ ترخص ☆مستحصلہ کیسے آیا ☆جفر الجامع خبریہ ☆علم جفر کا آثاری عمل ☆علم جفر کا مستحصلہ خفیہ ☆اسم مولود ☆علم جفر کا شعبہ ☆شرف سیارگان کی منسوبات سیارگان کے شرف وہبوط ☆رجال الغیب ☆منازل قمر یا نچھتر ☆بخورات سیارگان ☆جعفری عمل برائے شرف شمس، زہرہ، عطارد، مشتری، زحل ☆سحر یا کالا جادو

بندش کا توڑ

سفلی جناتی سحر سے نجات

قیمت: 600 روپے
صفحات: 464

ترتیب جدید و اضافہ جات: محمد الیاس عادل

☆اسباب بندش ☆بغض وعداوت ☆کم علمی اور جہالت ☆غیر ارادی بندشیں ☆آسیب زدہ جگہ ☆غیر انسانی مخلوق کا عاشق ہوجانا ☆جن کی نظر بد لگ جانا ☆رشتوں کی بندش ☆بیوی کی خاوند سے محبت کی بندش ☆نو بیاہتا کی جنسی بندش ☆دولت کی بندش ☆گھر کی بندش ☆اولاد نرینہ کی بندش ☆افزائش نسل کی بندش ☆بندشوں کا توڑ ☆وقت جامع احتیاطی تدبیر ☆رزق کی بندش کا توڑ ☆کاروبار کی بندش کا مجرب توڑ ☆اولاد کی بندش کا توڑ ☆سب سے خطرناک بندش ☆بندش جدائی کی علامات ☆نظر بد ☆میاں بیوی کے مابین بندش ☆سحر جنون سے مکمل نجات کا عمل ☆شیطان کا کنٹرول کرنا ☆آسیب چمٹنا ☆دفن شدہ جادو کا سراغ ☆جادو ٹونے کا توڑ ☆تندرستی کو بیماری میں بدلنا ☆ایک شیطانی عمل ☆نماز میں دل نہ لگنا ☆ہر برا کام اچھا لگنا ☆مایوسی چھاجانا ☆چڑ چڑاپن ☆ہر چیز گھومتی نظر آنا ☆اولاد نرینہ کیلئے ☆حمل کی حفاظت کیلئے ☆ناف درد سے نجات ☆دکان خوب چلے ☆سحر سے فوری نجات ☆کالے علم کی کاٹ ☆گھر سے سحر کے اثرات ختم کرنا ☆جناتی سحر کا خاتمہ

قرآنی عملیات (جلد اول)

صفحات: 200
قیمت: 400 روپے

مولف: آیت اللہ آقا محمد تقی ابن محمد باقر نجفی صفہانی

☆فضائل تسمیہ ☆برائے حصول حاجت ☆خواص سورۃ الحمد ☆بخار دفع کرنے کے مجرب خواص ☆خواص سورۃ بقرہ ☆برائے دفع بلیات از باغات وزراعات ☆برائے حصول رزق کشادہ ☆برائے بندش بواسیر ودریافت دفینہ ☆برائے دوری لقوہ فالج وتشنج ☆بندشدہ کام کے کھلنے کیلئے ☆برائے دوری موذی حیوانات ومچھر وغیرہ ☆کسی جماعت میں پھوٹ ڈالنے کے لئے ☆برائے اضافہ قوت حافظہ وحصول جاہ ومنزلت ☆برائے دوری وسوسہ شیطانی اور فقر وفاقہ

قرآنی عملیات (جلد دوم)

صفحات: 248
قیمت: 500 روپے

مولف: آیت اللہ آقا محمد تقی ابن محمد باقر نجفی صفہانی

☆برائے منظوری دعا ☆برائے حصول حاجات ☆برائے حصول حسنات ☆برائے آسانی سکرات ☆برائے حصول روزگار، فراخی معیشت، امدادی غیبی وکیمیا ☆برائے حصول محبت، قبولیت نکاح ☆برائے نجات از دشمناں ☆نجات از ظلم ظالم وشر حاکم ☆برائے ادائیگی قرض ☆امراض مردانہ ☆امراض زنانہ ☆حفاظت حمل ☆حفاظت فرزند از ہر بلا ☆عملیات برائے حصول اولاد نرینہ

تحفہ دستگیری

صفحات 440
قیمت 500 روپے

مرتبہ صوفی محمد اسلم صاحب نقشبندی مجددی

اس کتاب میں قرآنی دعاؤں کے فضائل، نقوش قرآنی اور ان کے اثرات وثمرات، روحانی علاج، عملیات قرآنی، منزل، قصیدہ بردہ شریف اور اوقات الصلوٰۃ دیئے گئے ہیں، انہیں پڑھیے اور فائدہ اٹھائیے۔

☆قرآنی دعائیں ☆طلب ہدایت اور استقامت کیلئے دعا ☆کوئی افسوسناک خبر یا چیز گم ہوجانے کی دعا ☆فراخی رزق کی دعا ☆مقدمہ میں کامیابی ☆قرآن مجید کی عظمت اور سورتوں کے فضائل ☆اسماء حسنیٰ کے فضائل ☆بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا ☆بیت الخلاء سے باہر آنے کی دعا ☆کشائش رزق کی دعا ☆اخلاق رذیلہ کی دعا ☆دانت اور کان کے درد کے وقت ☆دعائے حزب البحر ☆نظر بد کیلئے جھاڑ پھونک ☆بدنظری کا نبوی علاج ☆عذاب جہنم سے حفاظت ☆سہولت ولادت ☆طلب حاجت ☆ہر مشکل کا وظیفہ ☆اولاد نرینہ ☆بچہ کا زندہ نہ رہنا ☆دشمن سے حفاظت ☆نسیان ☆پیشاب کی بندش ☆جریان ☆کثرت احتلام ☆پستانوں کا عدم ابھار ☆ورم پستان ☆کمی حیض ☆کثرت حیض ☆نامردی دودھ کی کمی

مجربات اکابر

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

حضرت مولانا محمد یعقوب نانوتوی رحمہ اللہ

ظالم و جابر دشمن پر غلبہ کے لئے

وقت ضرورت مندرجہ ذیل دعا اول و آخر درود شریف ایک سو گیارہ (111) مرتبہ نماز عشاء کے بعد پڑھے۔

سُبْحَانَ اللهِ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْقَائِمِ الْكَافِي أَعُوذُ مِنْ شَرِّ عَدُوٍّ هُوَ أَقْوَى مِنِّي بِرَبٍّ هُوَ أَقْوَى مِنْهُ۔

حضرت الحاج سید عابد حسین دیوبندی رحمہ اللہ

برائے فراخی رزق

مندرجہ ذیل عمل خلوص نیت اور حضور قلب کے ساتھ بعد نماز فجر ادا کیا جائے۔ یہ عمل حصول مقصد کے لیے تیر بہدف ہے۔ لیکن اکل حلال اور صدق مقال نیز ظاہری و باطنی طہارت ضروری ہے۔

درود شریف گیارہ (11) مرتبہ، سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ اکتالیس مرتبہ، بعد ازاں اکتالیس بار یہ دعا پڑھی جائے:

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لِي أَبْوَابَ رِزْقِكَ

مذکورہ دعا کے بعد گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب رحمہ اللہ

برائے قوت حافظہ

مندرجہ ذیل آیت زعفران سے چینی کی تشتری پر تحریر کرے اور جمعہ کے روز طلوع آفتاب سے قبل اس کو پانی سے دھو کر اور اس میں ایک (1) قطرہ شہد ڈال کر پیا جائے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَكَذٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا مِّنْ أَمْرِنَا ۚ مَا كُنْتَ تَدْرِي مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْإِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِي بِهِ مَنْ نَّشَاءُ ۔ (الشوری:۵۲)

حضرت مولانا رفیع الدین صاحب قدس سرہ

نقش برائے فتح مقدمہ و تسخیر حکام

۷۸۶

۸	۹۴	۹۷	۱
۹۶	۲	۷	۹۵
۳	۹۹	۹۲	۶
۹۳	۵	۴	۹۸

یا اللہ جل جلالہ، ببرکت ایں نقش ہر بلا دفع شود جملہ حکام مسخر شوند

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ

برائے حفاظت از اعداء

دشمنوں سے محفوظ رہنے کے لیے فجر کی سنت اور فرض کے درمیان چالیس (40) دفعہ سورۂ فاتحہ اول و آخر درود شریف تین (3) بار پڑھ لیا کرے۔

حضرت شیخ محمد محدث تھانوی

برائے حصول مقصد

یہ دعا چالیس (40) روز تک طلوع آفتاب کے وقت تین (3000) ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اتوار کے دن یہ عمل شروع کرے۔

سُبْحَانَكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ يَا رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَوَارِثَهُ وَرَازِقَهُ وَرَاحِمَهُ يَا سُبْحَانُ۔

عورتوں کے لیے روحانی علاج

شیخ العاملین حضرت مولانا امان اللہ نقشبندی رحمہ اللہ

حمل قرار پائے

یہ تعویذ عورت کے گلے میں باندھے۔ جب جماع کریں تو اس وقت اتار کر پیٹ پر ناف سے اوپر باندھے۔ جماع کے بعد پھر گلے میں ڈالیں۔

برائے اسقاط حمل

خون جاری ہوں، اس میں پلایا جائے۔ اور حمل کی صورت میں گلے میں باندھا جائے۔

۷۸۶

الحمدللہ	رب العالمین	الرحمن	الرحیم
مالک یوم	الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت علیھم مثل ابراھیم و یعقوب وزکریا علیھم السلام
غیر المغضوب	علیھم	ولا الضالین	آمین

برائے استقرار حمل ازحد مجرب

۲۱ چھوہارے لے کر اس پر سورہ تغابن ۲۱ بار پڑھیں۔ پھر ایک (1) مہینہ میں سات (7) عدد چھوہارے مرد عورت کھائیں۔ اس طرح کہ ایک چھوہارے کو آدھا کریں۔ آدھا عورت کھائے، آدھا مرد کھائے۔ پھر جماع کریں۔

اگر پہلے مہینہ میں حمل ٹھہرے تو بہتر ورنہ پھر دوسرے مہینہ میں اس طرح کریں۔ حمل ٹھہر جائے تو بہتر ورنہ پھر تیسرے مہینہ اسی طرح کریں۔ ان شاء اللہ کام بن جائے گا۔

نیز جس رات جماع کریں تو عشاء کی نماز پڑھ کر دونوں میاں بیوی ایک ایک (۱۰۱) تسبیح رَبِّ هَبْ لِي مِنَ الصّٰلِحِيْنَ (الصّٰفّٰت:۱۰۰) پڑھ کر ہمبستر ہوں۔

سحر جادو کو مریض کے بدن سے نکالنے کا خاص عمل

حضرت صوفی غلام سرور شباب مدظلہٗ (حویلی لکھا)

یہ عمل کیا ہے؟ طلسماتی و رُوحانی قوتوں کی صداقت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اور ہم یہ دعویٰ سے کہتے ہیں کہ پاک و ہند میں کسی بھی عامل کامل پیر وفقیر کے پاس ہمارے اس عمل جیسا کرشماتی عمل موجود نہیں ہے۔ اس سے قبل کہ ترکیب عمل اور اس کے فوائد کا ذکر کیا جائے۔ اس جگہ یہ وضاحت کر دینا بھی ضروری ہے کہ سحر جادو کے اثرات کے اثر انداز ہونے کی دو صورتیں ہیں۔ پہلی صورت جو غیر مستقل اور خطرناک نہیں ہوتی ہے، یہ ہے کہ سحر جادو کا عامل اپنے سائل کے ارادہ کے مطابق اس کے مطلوبہ دشمن کو محض اپنے ارادۂ عمل کی قوت سے ہی نقصان پہنچانے پر اکتفا کرتا ہے۔ اور وہ متاثرہ شخص عامل کی طرف سے مقرر کردہ وقت و مدت کے بعد بغیر کسی روحانی علاج ومعالجہ کے، قدرتی طور پر سحر جادو کے سبب پیدا ہونے والی پریشانیوں سے چھٹکارا حاصل کر لیتا ہے۔

سحر جادو کی اس صورت احوال سے متاثرہ شخص پر سحر جادو کی حاضری بلانے پر سحر جادو کی عملی صورت کے موجود اثر انداز نہ ہونے کے باعث کسی قسم کی کوئی بھی چیز حاضر نہیں ہو سکتی۔ البتہ روحانی علاج معالجہ کی بدولت متاثرہ شخص اپنے سحر جادو کے ختم ہونے کی مدت سے قبل سحر جادو کے خطرناک، پریشان کن اور نقصان دہ اثرات سے بچ جاتا ہے۔

دوسری صورت جو مستقل طور پر اثر انداز اور زبردست قسم کی خطرناک شمار کی جاتی ہے۔ اس میں عامل اپنے سحر جادو کے تابع جنات وشیاطین کی مدد سے اپنے سائل کے مخالف شخص پر سحری حملہ کرتا ہے۔ جس کے نتیجہ میں دشمن کو جس قسم کا نقصان پہنچانا مطلوب ہو، فوراً پہنچ جاتا ہے۔ جیسے

** دشمن شخص کو اس کے بلند مرتبہ سے گرانا۔

** اس کے اور اس کے دوستوں اور خاندان کے لوگوں کے درمیان فتنہ وفساد ڈالنا۔

** عورت و مرد کے درمیان طلاق ونفاق کا پیدا کر دینا۔

** دشمن کو بیمار، ذلیل یا سرگرداں کرنا۔ کاروبار کا بستہ کر دینا۔

** املاک کا تباہ کرنا۔

** آباد جگہ کو ویران کر کے رکھ دینا تا کہ دشمن صحت، کاروبار اور عزت و وقار کے اعتبار سے گوناگوں پریشانیوں اور مختلف مالی ومعاشی حالات کا شکار ہو کر زندگی کا سکون کھو بیٹھے۔

سحر جادو کی اس متذکرہ بالا صورت میں متاثرہ شخص پر مسلط آسیبی و جناتی قوتیں اس عمل کے زیر اثر ہوتی ہیں، جس میں عامل مختلف تراکیب کے نقوش و فتیلہ جات دشمن کی شکل وصورت پر بنائے جانے والے خیالی اجسام اور سحر جادو میں کام آنے والے جانوروں اور انسانی وحیوانی ہڈیوں اور ان کے مخصوص اعضاء سے ترتیب دیتا ہے۔ پھر ان اشیاء کو اپنے سحر جادو کے عمل سے دشمن شخص کی تباہی و بربادی یا بیماری وہلاکت کے ارادہ سے ویران و بے آباد قسم کے قبرستان یا کنوؤں میں جلا کر یا ایسے ہی دفن کر دیتا ہے۔ دشمن کی گزرگاہ میں جادو سے ترکیب دی ہوئی چیزوں کا پھینک دینا تا کہ وہ اوپر سے گزر جائے۔ خاک کا دشمن کے گھر یا دکان میں ڈال دینا یا پھر کسی بھی طریقہ سے دشمن کو جادو سحر کے فتیلہ جات ونقوش کو کھلا پلا دیا جاتا ہے۔ سحر جادو کی اس خوف ناک صورت کے شکار فرد پر جب اس کے سحر جادو کی حاضری کا عمل بجالایا جاتا ہے تو سحر جادو کے عملی طور پر موجود ہونے کی بنا پر حاضری میں متاثرہ فرد پر اثر انداز اس کا سحر جادو حقیقی واصلی حالت میں جس طرح اور جس بھی مقام پر موجود ہوتا ہے، عمل کی خیر وبرکت اور طاقت وقوت سے مسحور شخص کے سامنے ظاہر وحاضر ہو جاتا ہے۔ عمل کی مدد سے متاثرہ فرد کے جادو کے مکمل طور پر اخراج کے ساتھ ہی اس جادو سحر کی صورت کے زیر اثر جنات وشیاطین کا عمل و دخل بھی ختم ہو جاتا ہے۔ جس کے بعد وہ تباہ حال اور ہر چہار اطراف سے پریشانیوں میں جکڑا ہوا شخص سکون و آرام اور سکھ چین کا سانس لیتا ہے۔ مصیبتیں ختم ہو جاتی ہیں۔ دشمن دوست بن جاتے ہیں۔ کاروباری گردش ختم ہو کر تنگ دستی و افلاس کا دور دورہ جاتا رہتا ہے۔ عزت و وقار کی بحالی اور نفرت و دشمنی کے

اسباب ختم ہو جاتے ہیں۔ معاشی امور میں خیر و برکت اور رُوحانی سکون حاصل ہو جاتا ہے۔ تمام دنیاوی مشکلات کا خاتمہ ہو کر جملہ شکایات دُور ہو جاتی ہیں۔

سحر جادو کو حاضر کر کے مریض کے بدن سے نکالنے کا طریقہ

ترکیب عمل کے مطابق مسحور فرد کو نہلا دُھلا کر پاکیزہ لباس پہنایا جاتا ہے اور اس کی دونوں آنکھیں کپڑے سے ڈھانپ کر عامل اپنے سامنے بٹھا لیتا ہے۔ مسحور فرد کپڑے کے اندر بھی عامل کے حکم کے مطابق اپنی آنکھیں بند کئے رکھتا ہے۔ اور بالکل خاموش حالت میں سحر جادو کے حاضر ہو جانے کے ارادہ کو دِل ہی دِل میں دہراتا رہتا ہے۔ عامل تانبے یا پیتل کے برتن کو کسی رنگ دار قسم کے سوتی کپڑے میں باندھ کر مریض کے لواحقین کے سامنے مریض کو دے دیتا ہے کہ وہ اس برتن کو اپنے دِل کے مقام پر خوب دبا کر لگائے رکھے۔ اس کے بعد لکڑی کے کوئلے دہکا کر مریض کے سامنے رکھ دیے جاتے ہیں اور کوئلوں پر کوئی خوشبودار قسم کا دھنہ جلا کر اس کی دھوپ روشن کر کے مریض کے بدن کو پہنچائی جاتی ہے۔ اس کے لیے مریض کے تمام بدن کو کسی کمبل وغیرہ سے ڈھانپ دیا جاتا ہے تاکہ دھونی کے سبب پیدا ہونے والے دھوئیں اور کوئلے کی تپش و حرارت سے مریض کے جسم میں خوب کھل کر پسینہ آ جائے۔ چنانچہ جب دھونی کے عمل کے نتیجہ میں مریض کا تمام جسم پسینہ سے تربتر ہو جاتا ہے تو عامل ذیل کے اسمائے طلسمات کا ورد کرنا شروع کر دیتا ہے۔ اسمائے طلسمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ فَقُوْخِيَاقُوْخَا۔ خَقُوْقًا۔ حَاراً۔ وَبَارِداً كَقَا۔ مِيْطَرًا۔ قُوْقُرْقًا۔ سِحْرًا عَنْ جَمِيْعِ بَدَنِهٖ وَ مَالِهٖ وَاَهْلِهٖ وَمَنْ حَوْلَهٗ عَلٰى مَا حَقَانَا صَبَابًا اَنْ يَبْطِلَ جَمِيْعًا مِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَمِنْ ثَوْرِ السَّاحِرِيْنَ مَسَامِيْرًا۔ لَفَاخَقًا۔ شَمْشَاعَا۔ مَارِسَا۔ لَحْمًا۔ شَحْمًا۔ تَاكُلُ الْعِظَامَ وَتَشْرِبُ الْمَرْقَةِ مَدْقُوْقًا۔ دَقُوْشًا۔ عَنْ مَوْرِدِهَا۔ عَظِيْمَةً۔ مَشْوِيَّةً۔ هَيَاحَا۔ دَامُوْهِطًا۔ هٰذِهِ السَّاعَةِ رَوَيْدًا كَيْدًا يَرْقَدًا فِى الظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ يَاذَالطَّوْلِ قَوْضًا نَاظِرًا بِالْعِيْنِ نَاظِرَةً بِعَوْنِ اللهِ تَعَالٰى۔

عمل کی برکت سے مسحور فرد پر اثر انداز سحر جادو کی متعلقہ تمام اشیاء جو جس بھی صورت میں موجود ہوتی ہیں، اس کے دِل کے مقام پر رکھے ہوئے برتن میں حاضر ہو جاتی ہیں۔ اگر عامل کے عمل کے باوجود مسحور فرد کا سحر جادو اس کے مقام دِل پر رکھے ہوئے برتن میں حاضر نہیں ہوتا تو پھر عامل برتن کو اس فرد سے لے کر الگ رکھ دیتا ہے اور عمل کا ورد کرتے ہوئے مریض کے سر کے بالوں کو ان کی جڑ کے مقام سے پکڑ کر کھینچنا شروع کر دیتا ہے۔ اور اسی طرح مریض کے دونوں ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کو بھی باری باری کر کے پکڑ کر کھینچنے لگتا ہے۔ حیرت انگیز طور پر نہ تو مریض کو ہی کسی قسم کی کوئی تکلیف محسوس ہوتی ہے اور نہ ہی عامل کو کچھ پتہ چلتا ہے کہ بقدرت خدا متاثرہ فرد کا جادو تمام کا تمام اس کے بالوں اور ہاتھوں پاؤں سے نکلنا شروع ہو جاتا ہے۔ عامل اس عمل کو جاری رکھتا ہے اور جب یہ دیکھتا ہے کہ اَب کوئی بھی چیز برآمد نہیں ہو رہی ہے تو اس وقت وہ عمل کو ختم کر دیتا ہے۔ اور اس کے ساتھ ہی مریض کی آنکھوں پر سے کپڑا اتار کر اسے عمل کے مقام سے اُٹھا دیا جاتا ہے۔

عمل کے تمام کرنے کے بعد جادو سحر کی حاضری کے عمل میں جو کچھ کا غذات، ہڈیاں، گوشت و خون، فولادی کیل، کانٹے، سڑے پتلے، حیوانی اعضاء، مسان کی خاک وغیرہ برآمد ہو، اسے دریا، ندی یا کسی نہر میں پھینک دیں اور جس طرح بھی مناسب خیال کریں اس فرد کا رُوحانی علاج کریں۔ اور اس کے لیے ایسا عمل تجویز کریں کہ جس کی موجودگی کی وجہ سے اس فرد پر دوبارہ سحر جادو کا حملہ نہ ہو سکے۔

سحر جادو کی حاضری کے اس عمل تسخیر کے لیے کوئی پابندی نہیں ہے تاہم عامل کا عمل کو اپنے رُوحانی پیشوا (پیر و مرشد) کی اجازت اور حکم سے بجالانا ضروری ہے۔ رُوحانی علوم و فنون کی اشاعت اور خدمتِ خلق کے جذبہ کے پیشِ نظر ہم نے اس عمل کو شائع کیا ہے۔ ورنہ عاملین ایسے اعمال کسی بھی قیمت پر آشکار نہیں کرنا چاہتے اور ایسے اعمال کو اپنے ساتھ قبر میں ہی لے جاتے ہیں۔

محبت و شادی کے خاص اعمال

قیصر احمد بی اے (کراچی)

الحُب

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ۔ (الاعراف: ۵۴)

تصور کر کے یا نام لے کر پڑھیں۔ تین (3) یوم میں کام ہوتا ہے۔ سینہ کا راز تھا جو بیان کر دیا۔

رشتوں کی بندش... شادی نہ ہو رہی ہو

آزمودہ است۔

سورۂ الم نشرح روزانہ ایک (1) تسبیح پڑھیں اور سورۂ الم نشرح کا نقش عطر وغیرہ لگا کر دے دیں کہ فلاں بن فلاں کی شادی فوراً اللہ کے حکم سے ہو۔ پھر قدرت کا نظارہ دیکھیں۔ عمل معمولی سا نظر آ رہا ہے، کرشمہ لاکھوں کا ہے۔

الحُب

سورۂ اعراف، پارہ 8، آیت 54۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ۔ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا۔ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ۔

(الاعراف: ۵۴)

طریقہ: پانچ سو (500) بار تین (3) دن پڑھیں۔ دن اتوار کا ہو۔ قبر کی مٹی لے کر خاک پر دم کر کے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائے کہ فلاں بن فلاں میرے عشق میں بے قرار ہو۔ تین (3) یوم میں کام ہوگا۔ حرام کیلئے نہ کریں۔

الحُب

یہ آیت ایک سو ایک (101) پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلا دے۔ اگر کھلا نہ سکے تو چیونٹیوں کو ڈال دے۔

آیت مبارکہ یہ ہے:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ فلاں بن فلاں مجھ پر دیوانی ہو جیسے زلیخا ہوئی یوسفؑ پر دیوانی۔

شادی کا رشتہ لینے کیلئے

مخالفین کے پاؤں کی مٹی حاصل کریں۔ اگر مٹی دستیاب نہ ہو تو چوکھٹ ر دہلیز کی مٹی حاصل کریں۔ اس پر ایک (1) دفعہ سورۂ طٰہٰ اور ایک (1) دفعہ سورۂ نور پڑھ کر اس پر دم کریں۔ دم شدہ مٹی مخالفین کے گھر ڈال دیں۔ ان شاء اللہ مخالفت ختم کر دیں گے اور رشتہ مل جائے گا۔ اگر اسی طرح رشتہ لینا ہو تو بھی یہی عمل کریں، والدین نرم ہو کر رشتہ دے دیں گے۔

نوٹ: حب کے اعمال صرف جائز مقصد کے لیے کریں۔ خ

اسمائے حسنیٰ کے اعمال

علامہ ڈاکٹر سخاوت حسین سندرالوی

ذلت سے بچنا اور عظمت حاصل کرنا

ذلت سے بچنے اور عظمت کے حاصل کرنے کے لئے دن کے وقت چھ سو چھ (606) مرتبہ یاوتر کو پڑھے، بہت مفید ہے۔

شور شرابے سے بچنے کے لئے

شور شرابے سے بچنے کے لئے رات کے وقت دو سو چوراسی (284) مرتبہ یافر د کا ورد کرے، فائدہ ہوگا۔

گمشدہ شدہ چیز کے حصول کیلئے

گمشدہ شدہ چیز کے حصول کیلئے دو سو گیارہ (211) مرتبہ یافالق پڑھے۔

پوشیدہ علوم کو جاننے کیلئے

پوشیدہ علوم کو جاننے کیلئے ایک ہزار ایک سو نوے (1190) مرتبہ یاعلّام پڑھے۔

دل کی نورانیت کیلئے

دل کی نورانیت کیلئے دن کو تین سو (300) مرتبہ یانور پڑھے۔

اَلرَّحْمٰن کی زکوٰۃ کا آسان طریقہ

عروج ماہ کی شب اوّل سے کامل پرہیز جلالی سے تنہائی میں تیرہ ہزار (13000) بار یَارَحْمٰنُ پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ (11-11) بار متواتر اکیس (21) روز پڑھے۔ دوران عمل لباس علیحدہ ہو۔ عجیب وغریب اسرار ظاہر ہوں گے۔ عزت و آبرو میں اضافہ اور کاروبار میں کشادگی ہوگی۔

مجرباتِ اسماء الحسنیٰ

حکیم پیر عدنان قادری (اٹک)

فتح و کامیابی کا عمل

یَانَاصِرُ یَااَللّٰہُ: روزانہ گیارہ سو (1100) بار پڑھیں۔

جادو کی کاٹ

یَامُمِیْتُ: روزانہ پانچ سو (500) بار پڑھیں۔

جنات بھگاؤ

یَاقَھَّارُ: سات (7) دنوں تک روزانہ گیارہ سو (1100) بار پڑھیں۔

رزق بارش کی طرح برسے

یَابَاسِطُ یَااَللّٰہُ: روزانہ پانچ سو (500) بار پڑھیں۔

چوری شدہ مال واپس لانا

یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ: روزانہ ایک ہزار ایک (1001) بار پڑھیں۔

چہرہ روشن کرنے کا عمل

یَابَاطِنُ یَانُوْرُ: روزانہ پانچ سو (500) بار پڑھیں۔

خواص القرآن

علامہ ڈاکٹر سخاوت حسین سندرالوی

سورۃ بینہ

سورۃ بینہ کا قاری شرک سے دور رہے گا۔ دین محمدؐ پر رہے گا۔ یرقان کا علاج، نابینائی کا علاج، برص کا علاج اس سورت میں ہے۔

سورۃ زلزال

سورۃ زلزال پڑھنے والے کو اللہ زلزلہ سے محفوظ رکھے گا۔ خاص طور پر سنتی نمازوں میں اگر پڑھا جائے تو ہر آفت کو دور رکھا جائے گا۔

یہ سورت ربع قرآن کے برابر ہے۔ چار (4) مرتبہ پڑھنے والے کو ختم قرآن کا ثواب ملتا ہے۔ دو (2) رکعت سونے سے پہلے سورۃ حمد کے بعد تیرہ (13) مرتبہ سورۃ زلزال، دوسری رکعت میں حمد کے بعد پندرہ (15) مرتبہ سورۃ اخلاص۔ اگر کوئی روزانہ اسے پڑھے، بے شمار نعمتیں ملیں گی۔ اس کا ثواب خدا کے علاوہ کوئی نہیں جانتا ہے۔

جو شخص سات (7) مرتبہ سورۃ زلزال پڑھے سونے سے قبل بروز پیر یا جمعرات تو خواب میں مشکلات کا حل دیکھ لے گا۔ دو (2) رکعت نماز، ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد تین (3) مرتبہ سورۃ زلزال پڑھے تو گردن کا درد ختم ہوگا۔ آرتھورائٹس کیلئے بھی مفید ہے۔

سورۃ عادیات

ایک سو دس (110) مرتبہ اگر کوئی یہ سورت پڑھے تو ایسی جگہ سے رزق آئے گا کہ گمان ہی نہ ہوگا۔

سورۃ قارعہ

سورۃ قارعہ کو اگر ایک سو اسی (180) مرتبہ پڑھا جائے، ایک نشست میں، اٹھنے سے پہلے حاجت پوری ہوگی۔

سورۃ تکاثر

سورۃ تکاثر پڑھنے والا آہوال آخرت سے محفوظ رہے گا۔

ایک سو پچیس (125) مرتبہ خلوت میں معطر ہو کر پڑھنے والا، اختتام پر ایک ہزار (1000) مرتبہ درود پڑھے تو حاجت پوری ہوگی۔

سورۃ عصر

سورۃ عصر کی ایک (1) مرتبہ تلاوت بخار سے شفایابی کی ضمانت ہے۔

سورۃ ہمزہ

سورۃ ہمزہ آنکھوں کی بینائی پلٹا دیتی ہے۔

سورۃ فیل

سورۃ فیل اٹھانوے (98) مرتبہ پڑھیں تو ظالم جابر دشمن ہلاک ہوگا۔ اس نیت سے اپنے بھائی بہنوں کمیونٹی ممبرز کیلئے نہ کیا جائے۔ شر دشمن سے بچاؤ کی ضمانت ہے۔

سورۃ قریش

سورۃ قریش کا پڑھنے والا ایسے شمار ہوتا ہے کہ طواف کعبہ اور اعتکاف حرم کر چکا ہے۔ دو (2) رکعت نماز مجرب ہے ہر حاجت کیلئے جس میں گیارہ (11) مرتبہ سورۃ قریش ہر رکعت میں بعد از فاتحہ پڑھی جائے۔

سورۃ ماعون

سورۃ ماعون کا ایک سو (100) مرتبہ بعد از فجر پڑھنے والا چوبیس گھنٹے ہر حادثے و مصیبت سے محفوظ رہے گا۔ اکتالیس (41) مرتبہ پڑھنے والے کی نسل میں غربت نہ ہوگی۔

سورۃ کوثر

سورۃ کوثر پڑھنے والا کوثر پیے گا۔

سورۃ لہب

سورۃ مسد یا لہب پڑھنے والا کسی مصیبت میں مبتلا نہیں ہوتا۔

درود شریف کے خاص صیغ

مرتب: خالد مقبول حفظہ اللہ

جواهرات الكمال

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى عَيْنِ الرَّحْمَةِ الرَّبَّانِيَةِ وَالْيَاقُوْتَةِ الْمُتَحَقِّقَةِ الْحَائِطَةِ بِمَرْكَزِ الْفُهُوْمِ وَالْمَعَانِيْ، وَنُوْرِ الْاَكْوَانِ الْمُتَكَوِّنَةِ الْاٰدَمِيِّ صَاحِبِ الْحَقِّ الرَّبَّانِيْ، الْبَرْقِ الْاَسْطَعِ بِمُزُوْنِ الْاَرْبَاحِ الْمَالِئَةِ لِكُلِّ مُتَعَرِّضٍ مِّنَ الْبُحُوْرِ وَالْاَوَانِيْ، وَنُوْرِكَ اللَّامِعِ الَّذِيْ مَلَأْتَ بِهٖ كَوْنَكَ الْحَائِطِ بِاَمْكِنَةِ الْمَكَانِيْ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى عَيْنِ الْحَقِّ الَّتِيْ تَتَجَلّٰى مِنْهَا عُرُوْشُ الْحَقَائِقِ عَيْنِ الْمَعَارِفِ الْاَقْوَمِ صِرَاطِكَ التَّامِّ الْاَسْقَمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى طَلْعَةِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ الْكَنْزِ الْاَعْظَمِ اِفَاضَتِكَ مِنْكَ اِلَيْكَ اِحَاطَةِ النُّوْرِ الْمُطَلْسَمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ، صَلَاةً تُعَرِّفُنَا بِهَا اِيَّاهُ۔

نوٹ: سات (7) بار روزانہ پڑھیں۔

صلوات امام شافعی علیہ الرحمۃ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ۔

شیخ کبیر عبد اللہ داغستانیؒ صلوات

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَسَلِّمْ۔

نوٹ: سو (100) بار روزانہ پڑھیں۔

صلوات الاسکندری

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَرَحْمَةً لِلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَنْ مَضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِيَ وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِيَ صَلَاةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِيْطُ بِالْحَدِّ صَلَاةً لَا غَايَةَ لَهَا وَلَا اِنْتِهَاءَ، وَلَا اَمَدَ لَهَا وَلَا اِنْقِضَاءَ صَلَاةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ بَاقِيَةً بِبَقَائِكَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا مِثْلَ ذٰلِكَ.

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَاَجْزِ مُحَمَّدًا عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا عَلِمْتَ وَزِيْنَةَ مَا عَلِمْتَ وَمِلْءَ مَا عَلِمْتَ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰى كُلِّ نَبِيٍّ وَ عَلٰى جِبْرِيْلَ وَ عَلٰى كُلِّ مَلَكٍ وَ عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ وَ عَلٰى كُلِّ وَلِيٍّ۔

الصلوٰت الکامل

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ كَمَا لَا نِهَايَةَ لِكَمَالِكَ وَعَدَدَ كَمَالِهٖ۔

نوٹ: مغرب اور عشاء کے درمیان برائے قوت حافظہ اور بھولنے کی بیماری سے نجات۔

درود شفاء

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْاَرْوَاحِ وَعَلٰى جَسَدِهٖ فِي الْاَجْسَادِ وَعَلٰى قَبْرِهٖ فِي الْقُبُوْرِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ۔

نوٹ: نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھنے کے لیے۔ سوتے وقت پڑھتے رہیں، یہاں تک کہ سو جائیں۔

صلوات الداتیة

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الذَّاتِ الْمُطَلْسَمِ وَالْغَيْبِ الْمُطَمْطَمِ لَاهُوْتِ الْجَمَالِ نَاسُوْتِ الْوِصَالِ طَلْعَةِ الْحَقِّ كَنْزِ عَيْنِ اِنْسَانِ الْاَزَلِ فِيْ نَشْرِ مَنْ لَمْ يَزَلْ فِيْ قَابِ نَاسُوْتِ الْوِصَالِ الْاَقْرَبِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ بِهٖ مِنْهُ فِيْهِ عَلَيْهِ وَسَلِّمْ۔

روحانی دکان میں دستیاب غیر دم شدہ اشیاء جن کی عاملین کو اشد ضرورت ہے

1 طلسمی آلہ نور (قیمت: 2000 روپے)

اس طلسم میں ایسی روحانیات بھر دی گئی ہے جو کسی بھی ماحول، چاہے وہ گھر ہو، آفس ہو، ہسپتال ہو، کھیت ہو یا گودام ہو، وہاں کے منفی اثرات کو سیکنڈز میں سکون، خوشگواریت ومحبت سے بھر دینے کی طاقت رکھتا ہے۔

2 بھوج پتر (قیمت: 130 روپے)

بھوج پتر اعمال شر کے لیے خاص ہے۔ بغض وعداوت اور جدائی کے اعمال اس پر تیار کرنے سے تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ نیز یہ اور بھی کئی خاص مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

4 ہرن کی جھلی (قیمت: 100 روپے)

ہرن کی جھلی خاص خاص عملیات محبت، تسخیر، شادی، فتح نامہ وغیرہ کے اعمال تیار کرنے میں استعمال ہوتی ہے۔

5 ہرن کی کھال (قیمت: 150 روپے سکوائر انچ)

ہرن کی کھال خاص قسم کے تعویذات لکھنے میں استعمال ہوتی ہے۔ خاص کر محبت، ترقی، بلندئ مرتبہ، دنیاوی عروج، تسخیر، شادی، فتح نامہ وغیرہ کے اعمال تیار کرنے میں۔

6 مشک نافہ

مشک نافہ: مشک نافہ کا استعمال روحانی علاج اور چلہ کشی میں بہت ہوتا ہے۔ مشک نافہ کے ریٹس روزانہ تبدیل ہوتے ہیں۔ آرڈر دیتے وقت جو ریٹ ہوگا، اسی کے مطابق بل بنایا جائے گا۔

7 حروف مقطعات کی نورانی انگوٹھی

(قیمت: 3000 روپے)

یہ انگوٹھی بہت سے فوائد کی حامل ہے، یہاں چند ایک بیان کیے گئے ہیں:۔ دشمنوں کی زبانیں خاموش کرا دینے، مخالفوں کے ہونٹوں پر تالا لگا دینے، بدمعاشوں کو مغلوب کر دینے، عدالتوں اور حکام کو آپ پر مہربان کروا دینے، افسران بالا کو شفیق بنا دینے، بے پرواہ رشتہ داروں/ اپنے بیگانوں کے دلوں کو مسخر کر دینے والی لاجواب، بے مثال اور خاص انگوٹھی۔

8 زعفران

زعفران: زعفران کا استعمال روحانی علاج میں کثرت سے ہوتا ہے۔ زعفران کئی اقسام کے ہوتے ہیں۔ **100% Natural** افغانی زعفران۔ بہترین رنگ دیتا ہے۔ لکھائی لاجواب۔ عاملین کا پسندیدہ۔ خواص: ضد سرطان۔ تقویت کنندہ جنسی۔

وزن خالص 1 گرام۔ 550 روپے (خوبصورت پیکنگ)
ایرانی زعفران۔ 1 گرام: 400 روپے

9 جواہراتی تسبیحات

جواہراتی تسبیحات: عقیق، فیروزہ، یاقوت، مرجان، سن ستارا اور اونٹ کی ہڈی والی 33 دانہ اور 100 دانے والی تسبیحات موجود ہیں۔

10 نورانی پیالے

نورانی پیالے: روحانی علاج میں استعمال ہونے والے خاص نورانی پیالے جن کو ہر کوئی استعمال کر کے فیض اٹھا سکتا ہے۔ کسی اجازت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ طریقہ استعمال بھی بہت آسان۔ مختلف مقاصد کے لیے مختلف کلاموں کے نورانی پیالے مختلف سائزوں میں دستیاب ہیں۔

11 تعویذات لکھنے کیلئے مختلف قسم کے کاغذ

تعویذات لکھنے کیلئے مختلف قسم کے کاغذ: روحانی علاج میں پہننے، جلانے، پینے، لگانے/لٹکانے، دبانے وغیرہ کے لیے مختلف قسم کے کاغذوں پر لکھا جاتا ہے۔ تفصیل درج ذیل ہے:

روغنی: پینے کے لیے۔ ان پر سے سیاہی مٹ کر پانی میں حل ہوجاتی ہے۔

نیوز: فلیتے/بتیوں/جسم پر مل کر جلانے والے اعمال کے لیے۔

سفید: پہننے، لگانے/لٹکانے، دبانے کے لیے۔

بٹر پیپر: پہننے کے لیے۔ یہ باریک کاغذ ہوتا ہے۔ بڑی سورتیں یا اعمال اس پر لکھ کر تعویذ بنایا جائے تو بہت چھوٹا بنتا ہے۔ بٹر پیپر دستے کی صورت میں دستیاب ہیں۔

گھر سے جنات کو نکالنے کے اعمال

حضرت مولانا اعجاز احمد خان مدظلہ (کراچی)

مکان سے جن بھوت بھگانے کا طریقہ

اگر کسی مکان میں جن بھوت پریت آسیب نے قبضہ کر لیا ہو اور گھر کے لوگ اکثر طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا رہتے ہوں تو پانچ (5) ٹھیکریاں کورے مٹکے کی لیں (کورا مٹکا وہ ہے جس کو بھٹہ سے نکال کر پانی سے نہ دھویا گیا ہو) اور بعد نماز باوضو ہر ٹھیکری پر پانچ پانچ (5،5) مرتبہ سورۂ عصر پڑھ کر دم کریں اور چار (4) ٹھیکریاں مکان کے چار کونوں میں اور ایک ٹھیکری مکان کے صحن میں دفن کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام جنات وشیاطین کے اثرات سے گھر محفوظ ہو جائے گا۔ یہی عمل دوکان اور کارخانے کے لئے بھی کر سکتے ہیں۔ چاروں ٹھیکریاں، چاروں کونوں میں اور ایک ٹھیکری دوکان یا کارخانے کے بیچ میں دفن کریں۔ سورۂ عصر یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَالۡعَصۡرِ ۙ﴿۱﴾ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَفِیۡ خُسۡرٍ ۙ﴿۲﴾ اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ ۬ۙ وَتَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ ﴿۳﴾

گھر سے اثرات بد ختم کرنا

اگر گھر میں اثرات ہوں، پریشانی رہتی ہو اور گھر میں وحشت معلوم ہوتی ہو، گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو، ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں، گھر میں خیر وبرکت ختم ہوگئی ہو اور گھر میں کسی کا دل نہ لگتا ہو تو اس کے لئے سورۂ بقرہ کم از کم چالیس (40) روز بلند آواز سے باوضو مقررہ وقت پر پڑھوائیں یا خود پڑھ لیں۔ عورت بھی پڑھ سکتی ہے لیکن ایام کے دوران ناغہ کر کے پاک ہونے پر غسل کر کے دوبارہ شروع کر دیں۔ اور چالیس (40) دن پورے کر لیں۔ اگر ایسا کرنا مشکل ہو تو چالیس (40) آدمی یا عورتیں جمع ہوں۔ باوضو ایک ایک (1،1) مرتبہ پڑھ لیں اور ایک (1) بڑے مٹکے پر دم کر کے رکھ لیں اور روزانہ چار (4) وقت مکان کے ہر کونے میں چھڑکیں۔

روزانہ پڑھنے کی حالت میں روزانہ ایک (1) بڑے مٹکے پر دم کر کے وہ پانی مکان کے ہر کونے میں چھڑکیں اور سب اہل خانہ کو چار (4) وقت پلائیں۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو صبح اور رات سوتے وقت پلا دیں۔

چھڑکنے اور اپنی پینے کے چار (4) اوقات یہ ہیں:

۱۔ صبح ناشتہ سے پہلے　　۲۔ دوپہر گیارہ بجے

۳۔ بعد نماز عصر　　۴۔ بعد نماز عشاء

اس عمل کی برکت سے گھر میں رونق بحال ہوگی۔ سب گھر والے باہم محبت واتفاق سے رہیں گے اور گھر میں خیر وبرکت ہوگی۔ پریشانیاں دور ہوں گی۔ ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

گھر کو جنات سے پاک کرنا

بعض مرتبہ خالی مکان پر جنات قبضہ کر لیتے ہیں۔ جب کوئی شخص اس مکان میں رہائش اختیار کرتا ہے تو یہ اسے طرح طرح سے تنگ کرتے ہیں۔ آئے دن لوگ مکان میں آتے ہیں اور چند دن کے بعد رخصت ہو جاتے ہیں۔ اس کا مستقل علاج یہ ہے کہ چالیس (40) حفاظ قرآن پاک کو جمع کر کے ان سے ایک ایک (1،1) مرتبہ سورۂ بقرہ پڑھوائی جائے۔ سب الگ الگ کمروں میں بلند آواز سے پڑھیں اور ایک کورے نئے مٹکے کو دھو کر پاک کر کے اس میں پانی بھر کر سب حافظوں سے دم کرا کر رکھ لیں۔ وہ پانی غسل خانہ اور بیت الخلاء کو چھوڑ کر سب کمروں، صحن، باورچی خانے کے کونوں میں چار (4) وقت ہلکا ہلکا چھڑکا جائے۔ یہ پانی اکتالیس (41) دن تک مسلسل چھڑکیں۔ ناغہ نہ ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تمام جن اس مکان سے نکل جائیں گے۔ اگر چالیس (40) حفاظ کا انتظام نہ ہو سکے تو کسی ایک (1) حافظ یا ناظرہ خواہ کو مقرر کر دیں جو روزانہ وقت مقررہ پر ایک (1) بار سورۂ بقرہ پڑھ کر پانی کے مٹکے پر دم کر دیا کرے۔ اس میں سے پانی لے کر چار (4) وقت چھڑک دیا کریں۔ پانی چھڑکنے کے چار (4) اوقات یہ ہیں:

۱۔ صبح آٹھ (8) بجے　　۲۔ دوپہر بارہ (12) بجے

۳۔ شام کو بعد نماز عصر　　۴۔ بعد نماز عشاء

دفن شدہ تعویذات کو ظاہر کرنے کا عمل

صوفی محمد ایاز اسلمی اویسی مدظلہ (کراچی)

یہ عمل پیر عبدالرحمن مجددی المعروف پیر آف سرہند کا ہے۔ آپ اسی کی برکت سے پانی کے برتن میں یا مریض کے استعمال شدہ کپڑے کو جھٹک کر مدفون تعویذات کو ظاہر کیا کرتے تھے۔ یہ عمل راقم الحروف کو پیر آف سرہندؒ کے دست مبارک سے لکھا ہوا، ان کے نہایت ہی قریب دو احباب، ایک راقم الحروف کے استاد محترم حضرت علامہ نور احمد ریاض صاحب مدظلہ العالی اور دوسرے سلسلہ چشتیہ کے عظیم بزرگ شیخ الاسلام شیخ فرید الدین گنج شکرؒ کی اولادِ پاک حضرت شیخ رشید احمد فاروقی چشتیؒ سے عطا ہوا ہے۔ لہٰذا جس طرح یہ عمل مجھے عطا ہوا، بعینہٖ اسی طرح عاملین کے لئے تحفہ پیش کرتا ہوں۔

عمل: چالیس (40) روز تک بعد نمازِ عشاء، اول و آخر گیارہ (11) مرتبہ درود پاک کے ساتھ ایک سو گیارہ (111) مرتبہ سورۃ الاخلاص کی باموکل عزیمت، بعدہٗ چالیس (40) مرتبہ چہل کاف باموکل پڑھیں۔ درودِ پاک کے بعد ایک (1) مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھیں۔ سورۃ الاخلاص اور چہل کاف کے درمیان بسم اللہ نہ پڑھیں۔ پڑھتے وقت ایک (1) مٹی کے پیالے میں پانی بھر کر اپنے دائیں طرف رکھیں۔ روزانہ پڑھنے کے بعد پانی پر دم کریں اور پانی کسی درخت کی جڑ میں ڈال دیں۔ چالیس (40) روز بعد عمل مکمل ہو جائے گا۔ سات سات (7،7) مرتبہ روزانہ معمول میں رکھیں۔

استعمال: مٹی کے برتن میں پانی بھریں اور مریض کا استعمال شدہ کپڑا لے کر اس پانی سے بھرے مٹی کے برتن کو اس کپڑے سے ڈھانک دیں۔ اوّل و آخر درود پاک ایک (1) مرتبہ، درمیان میں ایک (1) مرتبہ بسم اللہ اور سورۃ الاخلاص کی باموکل عزیمت و چہل کاف باموکل ایک ایک (1،1) مرتبہ پڑھ کر کپڑے پر دم کریں۔ اس طرح تین (3) دم کریں اور کپڑا برتن سے اگر مریض سے متعلق کسی طرح کا بھی تعویذ دفن کیا گیا ہے یا ہوا میں لٹکایا گیا ہے تو وہ ان شاء اللہ پانی میں ظاہر ہو جائے گا۔

یہی عمل مریض کے استعمال شدہ کپڑے پر بھی کیا جا سکتا ہے۔ اس میں اوّل و آخر درودِ پاک ایک ایک (1،1) مرتبہ، درمیان میں ایک (1) مرتبہ بسم اللہ اور سات سات (7،7) مرتبہ سورۃ الاخلاص کی عزیمت باموکل و چہل کاف باموکل پڑھ کر دم کریں اور کپڑے کو جھٹک دیں۔ تعویذات ظاہر ہو جائیں گے۔ اس عمل میں پڑھی جانے والی سورۃ الاخلاص کی عزیمت باموکل اور چہل کاف باموکل مندرجہ ذیل ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ قُلۡ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ یَارَبِّ یَاجِبۡرَائِیۡلُ۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَارَبِّ مِیۡکَائِیۡلُ۔ لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ یَارَبِّ اِسۡرَافِیۡلُ۔ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَارَبِّ عِزۡرَائِیۡلُ۔

کَفَاکَ رَبُّکَ یَاآخۡتَائِیۡلُ کَمۡ یَکۡفِیۡکَ وَاکِفَۃً یَاذَالۡکَائِیۡلُ کِفۡکَافُھَا کَکَمِیۡنٍ یَاجِبۡرَائِیۡلُ کَانَ مِنۡ لُکَکٍ یَاکَلۡکَائِیۡلُ تَکِرُّ کَرًّا یَامِیۡکَائِیۡلُ کَکَرِّ الۡکَرِّ یَانَعۡمَائِیۡلُ فِیۡ کَبَدٍ تَحۡکِیۡ مُشَکۡشَکَۃً یَاسَرۡکَائِیۡلُ کَلۡکَلٍ لُکَکٍ یَاھَمۡرَائِیۡلُ کَفَاکَ مَابِیۡ کَفَاکَ الۡکَافُ کُرۡبَتَہٗ یَاعِزۡرَائِیۡلُ یَاکَوۡکَبًا کَانَ تَحۡکِیۡ کَوۡکَبَ الۡفَلَکِ یَااِسۡرَافِیۡلُ بِحَقِّ عَبۡدِ الۡقَادِرِ جِیۡلَانِیۡ اُمۡدُدۡنِیۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ بِحَقِّ یَاحَافِظُ یَاحَفِیۡظُ یَاوَکِیۡلُ یَارَقِیۡبُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ کُفِیۡتُ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ حُمِیۡتُ قُفۡلُ کَرۡدَمۡ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُھۡرُ کَرۡدَمۡ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ

نظر بد اور حسد سے بچنے کی دعائیں

انتخاب: مولانا قاری محمد ممتاز (جوہر آباد)

٭......نظر بد سے حفاظت کی دعائیں۔ کسی چیز کو دیکھ کر یہ کہنا:

مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ۔

ترجمہ: جو اللہ نے چاہا کچھ قوت نہیں مگر اللہ کی مدد سے۔

٭......پسندیدہ چیز کو دیکھ کر برکت کی دعا کرنا:

بَارَكَ اللّٰهُ فِيْهِ۔

ترجمہ: اللہ تمھیں اس میں برکت دے۔

٭......معوذتین پڑھنا:

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔

٭......اللہ کے مکمل کلمات کے ذریعے پناہ لینا:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ۔

ترجمہ: میں پناہ لیتا ہوں اللہ کے مکمل کلمات کے ذریعے ہر ایک شیطان سے اور ہر زہریلے جانور سے اور ہر نقصان پہنچانے والی نظر بد سے

٭......نظر بد سے حفاظت کا دم

اِمْسَحِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ بِيَدِكَ الشِّفَاءُ لَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا أَنْتَ۔

ترجمہ: اے لوگوں کے رب! اس تکلیف کو دور فرما، شفاء تیرے ہاتھ میں ہے، تیرے علاوہ اسے کوئی دور نہیں کر سکتا۔

٭......شدید نظر لگ جانے پر دعا:

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنْهُ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَوَصَبَهَا

ترجمہ: اے اللہ! اس سے اس کی گرمی و سردی اور بیماری و لاغری کو دور کر دے۔

٭......صبح و شام کی دعائیں پڑھنا:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے، وہ ذات کہ اس کے نام سے کوئی چیز زمین میں ہو یا آسمان میں، نقصان نہیں دے سکتی اور وہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے۔

٭......ہر طرح کے نقصان سے بچنے کی دعا:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔

ترجمہ: میں اللہ کے کامل کلمات کی پناہ لیتا ہوں، ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے۔

٭......حاسد کے شر سے بچنے کی دعائیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

ترجمہ: آپ کہیے کہ: میں صبح کے رب کی پناہ مانگتا ہوں۔ ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے۔ اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔ اور گرہوں میں پھونک مارنے والیوں کے شر سے۔ اور حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

٭......جبرائیل علیہ السلام کا دم:

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيْكَ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنِ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ۔

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ میں آپ پر دم کرتا ہوں ہر اس چیز سے جو آپ کو تکلیف دے اور ہر انسان کے یا حسد کرنے والی آنکھ کے شر سے۔ اللہ آپ کو شفاء دے۔ میں اللہ کے نام کے ساتھ آپ پر دم کرتا ہوں۔

چاندی سے بنی ہوئی

کوئی دعویٰ نہیں — کوئی وعدہ نہیں

حروف مقطعات کی خاص روحانی انگوٹھی

ھدیہ: 3500 روپے

یہ انگوٹھی بہت سے فوائد کی حامل ہے، یہاں چند ایک بیان کیے گئے ہیں:

دشمنوں کی زبانیں خاموش کرا دینے والی انگوٹھی، دشمنوں کے منہ بند کرا دینے والی انگوٹھی، مخالفوں کے ہونٹوں پر تالا لگا دینے والی انگوٹھی، بدمعاشوں کو مغلوب کر دینے والی انگوٹھی، چالبازوں کی ہمتوں کو پست کر دینے والی انگوٹھی، عدالتوں اور حکام کو آپ پر مہربان کروا دینے والی انگوٹھی، افسران بالا اور لاپرواہ دوستوں کو شفیق بنا دینے والی انگوٹھی، بے پرواہ رشتہ داروں/ اپنے بیگانوں کے دلوں کو مسخر کر دینے والی انگوٹھی، لاجواب بے مثال اور خاص انگوٹھی۔

شاگرد اور عاملین کیلئے رعایت

روحانی لوبان برائے دھونی

گھر، مکان، دکان، کارخانہ، فیکٹری، مارکیٹ، کوٹھی، بنگلے، فام ہاؤس، شادی ہال، گودام، مراکز، سکول، کالج، یونیورسٹی، اکیڈمی، ٹیوشن سنٹر، مدارس

قیمت: (250 گرام) 880 روپے

- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی کچے گوشت کی بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی بھنے گوشت کی بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی جانوروں کی بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی گوبر کی بد بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی پاخانے کی بد بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی عجیب و غریب بد بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی گندی بد بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی خون کی بد بو کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے آنے والی منی کی بد بو کو ختم کرتا ہے۔

روحانی لوبان کی دھونی سے ہر طرح کی سخت بد بو، پرانی بد بو فوری ختم ہو جاتی ہے۔

روحانی گوگل برائے دھونی

جادو۔ آسیب۔ جنات۔ شیاطین۔ نظربد

گھر، مکان، دکان، کارخانہ، فیکٹری، مارکیٹ، کوٹھی، بنگلے، فام ہاؤس، شادی ہال، گودام، مراکز، سکول، کالج، یونیورسٹی، اکیڈمی، ٹیوشن سنٹر، مدارس

قیمت: (250 گرام) 880 روپے

- ......جادو کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......جنات کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......آسیب کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......بدروحوں کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......شیاطین کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......گندی مخلوق کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......ارواح خبیثہ کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......غلط تعویذات کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات بد کو ختم کرتا ہے۔
- ......نظر بد کی وجہ سے پیدا ہونے والے اثرات کو ختم کرتا ہے۔
- ......روحانی گوگل ہر طرح کے اثرات کو ختم کرنے میں بے مثال ہے۔

روحانی حرمل برائے دھونی

جادو۔ آسیب۔ جنات۔ نظربد

گھر، مکان، دکان، کارخانہ، فیکٹری، مارکیٹ، کوٹھی، بنگلے، فام ہاؤس، شادی ہال، گودام، مراکز، سکول، کالج، یونیورسٹی، اکیڈمی، ٹیوشن سنٹر، مدارس

قیمت 400 روپے

- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے کیڑوں کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے مکوڑوں کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والی چھپکلیوں کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے زنبور کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے مچھروں کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والی ٹڈیوں کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے لال بیگ کو ختم کرتا ہے۔
- اثرات بد کی وجہ سے ہونے والے پسو کو ختم کرتا ہے۔

روحانی حرمل کی دھونی دیجئے اور ان سے جان چھڑائیے۔

کالی دیوی کو تسخیر کر کے ہر قسم کا کام لینے کا آسان منتر

صوفی ظفر محمد کھوکھر (جھنگ)

تعداد: تین سو تین (303) بار۔

عبارت منتر: کالی کیکر کجروٹی۔ نہ ہووے پیڑ نہ بُجھے پٹی۔ کالی دیوی کالکاں مارے، خاکی دیُو ھسیے۔ آ کر ہمارا یہ کام کروئیں تاں تیری بہن بھتیجی کو تین سو تین طلاق طلاق طلاق۔

صدقہ دے کر عمل شروع کریں اور گیارہ (11) بار یَاحَفِیظُ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے پڑھائی شروع کریں۔ حفاظت رہے گی۔

طریقۂ عمل: آپ نے بڑے بڑے عمل دیوی کے پڑھے ہوں گے، سنے ہوں گے لیکن طریقہ سُن کر آپ عمل نہ سکیں گے۔ یہ اس عمل میں جگہ کی کوئی پابندی نہیں۔ صرف پڑھتے وقت دوسرا کوئی پاس نہ ہو۔ اگر اور کوئی جگہ نہ ملے تو رات کو گھر کے باہر کھڑے ہو کر نالی کے پاس یا کوڑے کے پاس کھڑے ہو کر پڑھ سکتے ہیں۔ لیکن یہ عمل وہ کرے جو دل کا مضبوط ہو۔ جھوٹ نہ بولنے والا ہو۔ حرام نہ کمانے والا ہو۔ بے ادب نہ ہو کیونکہ یہ دیوی جلالی طبیعت کی مالک ہے۔ یہ نہیں دیکھتی یہ میرا محسن ہے، اس نے عمل کر کے مجھے تسخیر کیا ہے، کام لے رہا ہے، تھوڑی سی غلطی آپ سے ہو گئی تو آپ کی جان کی خیر نہیں ہے۔ یہ سب سوچ سمجھ کر ہاتھ ڈالیں۔

ہمارا کام تھا عمل بتا دیں۔ جو لمبے وظیفے نہیں کر سکتے، جنگل قبرستان نہیں جا سکتے، وہ عام کام کے لیے معمولی سی محنت کر کے وظیفہ کر لیں۔ پھر تعداد عمل ضرورت کے مطابق پڑھ کر اپنا ہر مطلب پورا کر لیا کریں۔ ہمارا کام تھا سمجھانا، آگے آپ کی مرضی ہے۔ اس میں چھوٹا بڑا گوشت ہر قسم منع ہے، مچھلی یا کوئی گوشت والی چیز یا سالن ہر قسم وظیفہ عمل کے دوران منع ہے، باقی کوئی پرہیز نہیں ہے۔ پڑھائی اندھیری راتوں میں شروع کریں۔ صرف تیس (30) رات پڑھائی کرنی ہے۔ آخری دن گوشت اپنے پاس رکھیں۔ جب عمل پورا کر لیں تو گوشت ویران جگہ رکھ دیں اور کہہ دیں یہ ہماری طرف سے ہدیہ ہے۔

جب ہم پڑھائی پڑھیں گے، تم کو ہمارا وہ کام کرنا ہوگا۔ عمل کے دوران رات کو سوتے میں شیر چیتے نظر آئیں گے۔ شیرنی نظر آئے گی۔ بڑے بڑے دیو نظر آئیں گے۔ رات کو حصار کر کے سوئیں، ان سے نہ ڈریں۔ ہم جب عمل اپنے گھر کے باہر رات عشاء کے بعد نالی کے پاس کھڑے ہو کر پڑھتے تھے، دوسرے دن ایک کتی آ جایا کرتی تھی۔ ہمارے عمل کی تعداد پوری کرنے سے پہلے وہ چلی جایا کرتی تھی۔ نویں دن کچھ آدمی سائیکل پر، موٹر سائیکل پر آئے۔

جب ہمارے تین سو تین (303) بار کی تعداد کرنے میں چند دانے رہ گئے تھے، کہنے لگے "بزرگو! کیا پریشانی ہے؟ خیریت ہے؟ ہمیں بتاؤ۔" لیکن ہم اپنے وظیفہ میں رہے۔ جب ہماری تعداد پوری ہوئی، وہ خاموش ہو کر چلے گئے۔ ہم نے جب گیارہ (11) دن عمل کے پورے کیے تو ہم نے پاؤ گوشت نماز ظہر کے بعد خریدا، سونے ولی جگہ پر رکھ کر سو گئے۔ نیند کے دوران مجھے جاگ ہوئی تو دروازے پر ایک بوڑھی عورت تقریباً نوے سال عمر کی، سوکھی، بال سفید تھے، کھڑی تھی۔ میرے منہ سے نکلا السلام وعلیکم، اس کے بعد وہ چلی گئی۔ ہم نے سوچا اس کا مطلب ہے کہ میں کمزور ہوں، عمل مکمل کرو لیکن میں نے تجربہ کرنا تھا، اثر ہے یا نہیں۔ پورے تیس (30) دن ہم نے نہیں کیے۔

اس عمل کے دوران ہم دیکھتے ہمارے مخالف کافی پریشان تھے کیونکہ یہ لڑائی میں بہت کام کرتی ہے۔ ہم نے اپنا واقعہ بھی لکھ دیا ہے، تعداد پڑھائی کی روزانہ تین سو تین (303) بار ہے۔ عمل کے بعد ایک (1) تسبیح ورد کریں۔ پھر جو کام ہو، اس کے عدد کے مطابق گیارہ (11) دن ورد کریں۔

زوجین میں محبت کے طلسمات

یاسین قادری مدظلہٗ (کراچی)

میاں بیوی کے دل میں ایک دوسرے کی محبت پیدا کرنے کا طلسم

اس طلسم کو کسی بھی وقت دن اور ساعت میں تیار کریں۔ ایک زعفرانی سیاہی سے لکھ کر شوہر کو یا دونوں میں سے جو نفرت کرتا ہو، اس کو کسی میٹھی چیز میں پلائیں اور اسی پانی سے اکیس (21) دن تک بیوی روزانہ اپنے چہرے کو مسح کرے ہلکا سا اور ایک لال رنگ کی سیاہی سے لکھ کر پاکیزگی کے ساتھ اپنے پاس رکھے۔ طلسم کے ارد گرد ''یا ودود'' بیس (20) بار لکھنا ہے اور طلسم کے اندر لکھی جانے والی عبارت مندرجہ ذیل ہے:

''حب وعشق بین الزوج والزوجۃ فلان ابن فلانہ وفلانہ بنت فلانہ''

نوٹ: طلسم کے اندر جہاں ''فلان ابن فلانہ'' لکھا ہے وہاں شوہر کا نام اور جہاں ''فلانہ بنت فلانہ'' لکھا ہے وہاں بیوی کا نام لکھیں۔

محبت زوجین کا مجرب طلسم

اس طلسم کو سات (7) بجے وقت جمعہ کے دن میں زعفرانی سیاہی سے لکھیں اور اگر شوہر ناراض ہے تو صاد حرف کے اندر شوہر کا نام لکھیں اور اگر بیوی ناراض ہے تو بیوی کا نام بمع والدہ لکھیں اور کسی میٹھی چیز یا شربت میں ملا کر پلا دیں اور ایک نسخہ لال رنگ کی سیاہی سے لکھیں اور اگربتی کی دھونی دے کر طالب کو دے دیں، اپنے پاس رکھے پاکیزگی کے ساتھ۔ ان شاء اللہ، پہلے ہی دن سے فرق محسوس ہوگا لیکن بہتر یہ ہے کہ تین (3) سے سات (7) دن پلایا جائے۔ کچھ دن بیچ میں چھوڑ کر یعنی روزانہ نہیں پلانا، درمیان میں کچھ دن وقفہ دیں۔

طلسم کے گرد لکھے جانے والی عبارت ناراض شوہر کے لیے:

''جلب الزوج فلان بن فلانہ الی محبۃ وعشق الزوجہ بامر اللہ''

اور اگر ناراض بیوی ہے تو یہ عبارت لکھی جائے گی:

''جلب الزوجہ فلانہ بنت فلانہ الی محبۃ وعشق الزوج بامر اللہ''

مندرجہ بالا عبارات میں جہاں ''فلان بن فلانہ'' لکھا ہے وہاں شوہر کا نام بمع والدہ اور جہاں ''فلانہ بنت فلانہ'' لکھا ہے وہاں بیوی کا نام بمع والدہ لکھیں۔

حصولِ ملازمت و بحالی

ملازمت کا خاص عمل

حضرت مولانا اعجاز احمد خان مدظلہ (کراچی)

اگر کسی کی ملازمت چھوٹ گئی ہو یا وہ نوکری اور ملازمت نہ ملنے کی وجہ سے پریشان ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اس عمل کی برکت سے جلد ہی ملازمت مل جائے گی اور اگر ملازمت چھوٹ گئی ہے تو جلد ہی اسی ملازمت پر بحال ہو جائے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات (نوچندی جمعرات) کو روزہ رکھے۔ اور اسی رات کو باوضو بستر پر لیٹتے وقت یہ آیت پڑھے (پ ۱۳ رکوع ۱)۔ ایک (1) بار بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر ایک (1) بار پڑھے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ وَقَالَ الۡمَلِکُ ائۡتُوۡنِیۡ بِہٖۤ اَسۡتَخۡلِصۡہُ لِنَفۡسِیۡ ۚ فَلَمَّا کَلَّمَہٗ قَالَ اِنَّکَ الۡیَوۡمَ لَدَیۡنَا مَکِیۡنٌ اَمِیۡنٌ ﴿۵۴﴾ قَالَ اجۡعَلۡنِیۡ عَلٰی خَزَآئِنِ الۡاَرۡضِ ۚ اِنِّیۡ حَفِیۡظٌ عَلِیۡمٌ ﴿۵۵﴾ وَ کَذٰلِکَ مَکَّنَّا لِیُوۡسُفَ فِی الۡاَرۡضِ ۚ یَتَبَوَّاُ مِنۡہَا حَیۡثُ یَشَآءُ ؕ نُصِیۡبُ بِرَحۡمَتِنَا مَنۡ نَّشَآءُ وَ لَا نُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿۵۶﴾ (یوسف: ۵۴-۵۶)

پھر جمعہ کے دن جمعہ کی نماز کے بعد اس آیت کو پڑھے۔ پھر نماز عشاء کے بعد اس آیت کو پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو (100) بار یہ پڑھے:

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اس کے بعد ایک سو (100) بار یہ پڑھے:

اَللّٰہُ اَکۡبَرُ

اس کے بعد ایک سو (100) بار یہ پڑھے:

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ

اس کے بعد ایک سو (100) بار یہ پڑھے:

سُبۡحَانَ اللّٰہِ

اس کے بعد ایک سو (100) بار یہ پڑھے:

اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ

اس کے بعد ایک سو (100) بار درود شریف پڑھے۔ درود شریف یہ ہے: اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکۡتَ عَلٰۤی اِبۡرَاھِیۡمَ وَ عَلٰۤی اٰلِ اِبۡرَاھِیۡمَ اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیۡتَ عَلٰۤی اِبۡرَاھِیۡمَ وَ عَلٰۤی اٰلِ اِبۡرَاھِیۡمَ اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ۔

اس کے بعد پاک بستر پر باوضو سو جائے۔ دوسرے (2) دن (ہفتہ کے دن) بعد نماز فجر باوضو اس نقش زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر لکھے اور موم جامہ کر کے ہرے کپڑے میں سی کر مرد دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ برسر روزگار ہو جائیں گے۔ بے روزگاری ختم ہو جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

٣١٣٦	٣١٣٩	٣١٤٢	٣١٢٩
٣١٤١	٣١٣٠	٣١٣٥	٣١٤٠
٣١٣١	٣١٤٤	٣١٣٧	٣١٣٤
٣١٣٨	٣١٣٣	٣١٣٢	٣١٤٣

روحانی درسگاہ کی طرف سے درج ذیل اعمال پر

10% خصوصی رعایت برائے دسمبر 2023

عمل خزینۂ فتوحات

ہر حال میں فتح، ہر مقام پر فتح، ہر موقع پر فتح، ہر وقت فتح، ہر جگہ پر فتح، ہر مقصد میں فتح، ہر کام میں فتح، جی ہاں! یقیناً فتح آپ کی امید، خیال، توقع، سوچ سے بڑھ کر فتح۔ عمل خزینۂ فتوحات سے بفضل خداوندی ہر قدم پر فتوحات کے دروازے کھلنا شروع ہو جاتے ہیں۔

عمل خزینۂ فتوحات کے پڑھنے سے ہر قسم کی چھوٹی، بڑی، نئی، پرانی، معمولی، سخت...... بندشیں اور رکاوٹیں بھی ختم ہو جاتی ہیں۔ اس عمل کی ریاضت ہر شخص باآسانی کرسکتا ہے۔ اس عمل کی دو (2) ریاضتیں (چلّے) کروائی جاتی ہیں۔ اس عمل سے مکمل فیض یاب ہونے کے لیے چلّہ کشی لازمی ہے۔ صرف اجازت سے یہ عمل جاری نہیں ہوتا۔

ہدیہ: 3100 روپے

عمل دفع موذی امراض (سات یوم)

ہر بیماری کا تیرہ (۱۳) یوم میں علاج کریں

صرف سات (7) یوم میں اس عمل کے عامل بننے کے بعد مریضوں کو ہر قسم کے موذی امراض، سخت نفسیاتی امراض، فالج، لقوہ، کینسر، جسم کے مختلف حصوں کے امراض (دل، جگر، گردہ، معدہ وغیرہ) اور ہر قسم کے رنج و غم سے نجات دلوائیں، اپنی شہرت میں اضافہ کریں اور ثواب دارین بھی حاصل کریں۔ ہر عاقل، بالغ، مرد و عورت اس عمل کا عامل صرف سات (7) یوم کی ریاضت کر کے بن سکتا ہے۔ اس عمل کا عامل بننے کے بعد قریب اور دور کے مریضوں کا روحانی علاج کیا جا سکتا ہے۔ فون پر بھی دم کیا جا سکتا ہے۔ یہ عمل ایسے مریضوں کے لیے بھی پیغامِ شفاء ہے جن کو ہر طبیب و ڈاکٹر نے جواب دے دیا ہو۔

عمل کی فیس: 1600 روپے

نوٹ: اجازت کے ساتھ عمل کے مختلف طریقہ استعمال ساتھ دیے جائیں گے۔

دفع آسیب کا خاص عمل

ایک ایسا عمل جو جنات و آسیب زدہ مریضوں کا علاج کرنے والے عاملین کے لیے بہت ضروری ہے۔ اس عمل کے چند فوائد:

- سخت سے سخت آسیب مریض کا جسم چھوڑ کر چلا جائے گا۔
- سخت سے سخت آسیب کا اثر مریض پر سے ختم ہو جائے گا۔
- سخت سے سخت آسیب گھر و دفتر سے نکل جائے گا۔
- سخت سے سخت آسیب بلڈنگ سے نکل جائے گا۔
- سخت سے سخت آسیب فیکٹری و گودام سے نکل جائے گا۔
- سخت سے سخت آسیب زمین، رقبہ، کھیت سے نکل جائے گا۔

عمل کی فیس: 1600 روپے

ہر قسم جادو، نظرِ بد، جنات سے نجات و حفاظت کا عمل

"**عمل باندھ جادو**" ایک ایسا عمل ہے، جس سے ہر طرح کی نظرِ بد...... غیبی مخلوق جیسے جن، پری، بھوت، ڈائن، خبیث، شیطان، ابلیس وغیرہ...... ہر قسم کا جادو ٹونہ جو مختلف طریقوں سے کیا ہوا جیسے گڈا (پتلہ) بنایا ہو، مسان کا عمل کیا ہو، تعویذ کیے ہوں، کھلایا پلایا ہو، کہیں عمل کر کے دبایا ہو، آگ پر رکھا ہو، گرہوں پر پڑھ کر پھونکا ہو یا کسی بھی قسم کا عمل کیا ہو...... ان سب کو باندھا اور علاج کیا جا سکتا ہے۔ اس عمل کے عامل پر جادو کا وار بہت مشکل سے چلتا ہے۔ دو (2) چلّوں کے بعد، اس عمل کا عامل بنا جا سکتا ہے۔ تیسرا چلّہ مزید ترقی کیلئے ہے۔

عمل کی فیس: 1600 روپے

روحانی درسگاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0333-7772775 | 0309-7772775 | 042-35420586
ruhanidarsgah | ruhanidarsgah97 | ruhanidarsgah
darulamal.org/ruhanidarsgah | ruhanidarsgah@gmail.com

روحانی درس گاہ میں سکھائے جانے والے خاص خاص اعمال کی تفصیل https://bit.ly/3usgK78

روحانی درس گاہ میں سکھائے جانے والے علوی اعمال کی تفصیل https://bit.ly/3JGbvHI

خاص خاص تعویذات

برائے ممبران: 1100 روپے
عوام کے لئے: 1600 روپے

تعویذ نمبر 1 جلد شادی کا قرآنی تعویذ

والدین بچیوں کی پیدائش کے بعد سے ہی ان کے اچھے نصیب اور اچھے رشتوں کے لئے دعائیں شروع کر دیتے ہیں۔ دارالعمل چشتیہ کا خاص قرآنی تعویذ اور خاص دم، وظیفہ کے ساتھ منگوائیں۔ ایسے افراد جو شادی کے لئے رشتہ تلاش کر رہے ہیں، وہ اور ان کے عزیز و اقارب یہ تعویذ حاصل کریں اور تعویذ کی کرامت ملاحظہ فرمائیں۔

تعویذ نمبر 2 شادی کی ہر طرح کی رکاوٹ دور کرنے کا قرآنی تعویذ

شادی میں رکاوٹ روحانی طور پر پیدا کرنا حاسدین کا محبوب ترین مشغلہ ہے۔ اس میں نوجوان لڑکیوں کے رشتے باندھ دینا، ان کے رشتے نہ آنا، اگر رشتے آئیں تو پسند نہ آئیں، اگر پسند آجائیں تو واپسی جواب نہ آنا، اگر بات طے ہو جائے تو نکاح تک بات نہ پہنچنا۔ عرصہ دراز سے شادی میں رکاوٹوں کے حل کے لئے خاص تعویذ۔

تعویذ نمبر 3 رزق کی ہر طرح کی رکاوٹ دور کرنے کا قرآنی تعویذ

رزق کا اپنے محلہ، اپنے شہر اور اپنے ملک میں مل جانا اور برکت والا ہونا بہت بڑی نعمت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے سب دوستوں اور احباب کے رزق کے معاملات کو آسان اور عافیت والا بنادے، آمین۔ یہ ایک ایسا کرشماتی قرآنی تعویذ ہے کہ اگر رزق کے حوالے سے بہتر تدبیر اور خوبصورت پلان اختیار کر کے اس کے ساتھ دیا جانے والا وظیفہ بھرپور یقین سے پڑھا جائے تو اس کے فوائد دو چند ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا یقین کے ساتھ وظیفہ کرنے والے حضرات اس تعویذ اور وظیفہ سے استفادہ کریں۔

تعویذ نمبر 4 ہر طرح کی پریشانی، مصیبت اور مشکل کے خاتمے اور جائز حاجت پوری ہونے کا خاص قرآنی تعویذ

آج کا دور مسلمانوں کی شامت اعمال کی بناء پر پریشانیوں، تکالیف، مصائب اور دکھوں کا دور ہے۔ ہر بندہ پریشانی، بے برکتی، مصیبت، دکھ اور تکلیف کی شکایت کرتا نظر آتا ہے۔ اس تعویذ کے بارے میں یوں کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ہر طرح کی حاجت، ضرورت اور جائز سوچ کی تکمیل میں یہ تعویذ معاون ہے اور بارہا کا مجرب ہے۔ اس تعویذ کے ساتھ وظیفہ بھی دیا جاتا ہے تاکہ تعویذ سے کماحقہ فائدہ اُٹھایا جاسکے۔

تعویذ نمبر 5 اولاد نرینہ کا خاص تعویذ

الحمدللہ، ادارے کے سالہا سال کے مجرب تعویذات میں سے ایک خاص قرآنی تعویذ جو کبھی خطا نہیں ہوا۔ جس کو بھی دیا، اللہ تعالیٰ نے اس کو چاند سا خوبصورت بیٹا عطاء فرمایا ہے۔ جس کو بھی دیا اس نے ادارے کو مزید ترقی اور سایہ رحمت بن کر مسلمانوں کی خدمت کرنے کی دعا دی ہے۔ لہٰذا آپ یا آپ کے عزیز و اقارب میں سے جو کوئی بھی اولاد نرینہ سے محروم ہو، وہ فوری طور پر ادارے سے رابطہ کرے۔ قرآن پاک کے معجزے کو کھلی آنکھوں دیکھیں کہ قرآن ہر زمانے میں ہر ایک کے لئے شفاء ہے۔ یہ تعویذ حمل کے پہلے دو ماہ کے اندر لیا جائے تو اس سے مکمل فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔

تعویذ نمبر 6 جادو جنات سے شفاء اور حفاظت کا خاص قرآنی تعویذ

جنات کا ظاہری طور پر تنگ کرنا، چیزیں آگے پیچھے کر دینا، غائب کر دینا، روپے پیسے کے حوالے سے گھر میں گم ہو جانے کی شکایت وغیرہ ایسی علامات ہیں کہ ان سے حفاظت مل جانا خدا کی خاص رحمت ہے اور قرآن کا معجزہ ہے۔ اس کے ساتھ خصوصی ورد اور وظیفہ منگوائیں اور بتائے ہوئے طریقے پر عمل شروع کریں۔

تعویذ نمبر 7 جنات کے ڈسے ہوؤں کیلئے تریاق

اگر آپ جادو کے اثرات کا شکار ہیں، اگر آپ جنات کے اثرات کا شکار ہیں اگر آپ سایہ وغیرہ کے اثرات کا شکار ہیں۔ اگر آپ آسیب وغیرہ کے اثرات کا شکار ہیں۔ اگر آپ مال تجارت میں ہر قسم کے خسارے اور نقصانات سے بچنا چاہتے ہیں اگر آپ مندرجہ بالا اثرات و بلیات سے محفوظ رہنا چاہتے ہیں تو روحانی علاج کے بعد تعویذ نمبر 7 آپ کیلئے بہت فائدہ مند ہے۔

تعویذ نمبر 8 رزق کی برکت کا خاص دروازہ

اگر آپ جملہ مقاصد میں کامیابی و کامرانی چاہتے ہیں تو تعویذ نمبر 8 آپ کیلئے نفع مند ہے۔ اگر آپ وسعت رزق اور فراخی رزق چاہتے ہیں۔ اگر آپ مخلوق خدا میں مقبولیت و شہرت چاہتے ہیں۔ اگر آپ روزگار میں ترقی اور بڑھوتری چاہتے ہیں۔ اگر آپ غربت اور مفلسی دور بھگانا چاہتے ہیں۔ اگر آپ محتاجی سے تا زندگی بچاؤ چاہتے ہیں۔ اگر آپ ہر قسم کی حاجات و ضروریات و خواہشات کی تکمیل چاہتے ہیں تو دیر نہ کیجئے تعویذ نمبر 8 آپ کی قسمت جگادے گا۔

مجرب عملیات

محمد شبیر (اسلام آباد)

تسخیر کا وظیفہ

یہ وظیفہ تسخیر کا ہے، حزب البحر کا ہے۔ اور یہ وظیفہ ہر جائز مقصد کے لیے پڑھا جا سکتا ہے۔ کسی بھی مسئلہ کے لئے، کوئی بھی مسئلہ ہو، کوئی بھی مشکل ہو، اس کو حل کرنے کے لیے یہ وظیفہ پڑھا جا سکتا ہے۔ والدین اپنی نافرمان اولاد کے لیے پڑھ سکتے ہیں۔ اور بے روزگار اپنے روزگار کے لئے پڑھ سکتے ہیں۔ یعنی کسی بھی مسئلے میں یہ وظیفہ آپ لوگ پڑھ سکتے ہیں۔ وظیفے کی ترتیب یہ ہے کہ فجر کی نماز کے بعد، باوضو قبلہ رخ بیٹھ کے، ایک (1) دفعہ درود ابراھیمی پڑھیں، گیارہ (11) دفعہ یہ وظیفہ پڑھیں اور پھر ایک (1) دفعہ درود ابراھیمی پڑھیں۔ تصور میں جس مقصد کے لیے آپ یہ وظیفہ پڑھ رہے ہیں، اس کو اپنے ذہن میں رکھے، یہ وظیفہ پڑھنا ہے۔ وظیفہ حزب البحر کا ہے۔ حزب البحر میں یہ شروع ہوتا ہے اعوذ باللہ من شیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ وَاِذْ يَقُولُ الْمُنٰفِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اِلَّا غُرُورًا ۔ فَثَبِّتْنَا وَانْصُرْنَا وَسَخِّرْ لَنَا هٰذَا الْبَحْرَ كَمَا سَخَّرْتَ الْبَحْرَ لِمُوسٰى وَسَخَّرْتَ النَّارَ لِاِبْرَاهِيمَ وَسَخَّرْتَ الْجِبَالَ وَالْحَدِيدَ لِدَاوُدَ وَسَخَّرْتَ الرِّيحَ وَالشَّيَاطِينَ وَالْجِنَّ لِسُلَيْمَانَ وَسَخِّرْ لَنَا كُلَّ بَحْرٍ هُوَ لَكَ فِي الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ وَالْمُلْكِ وَالْمَلَكُوتِ وَبَحْرَ الدُّنْيَا وَبَحْرَ الْاٰخِرَةِ وَسَخِّرْ لَنَا كُلَّ شَيْءٍ يَا مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ ۔ [كٓهٰيٰعٓصٓ (۳ مرتبہ پڑھیں)]۔

اسی طرح یہ گیارہ (11) دفعہ پڑھنا ہے۔ اوّل آخر ایک (1) مرتبہ درود ابراھیمی۔ یہ فجر کی نماز کے بعد بھی پڑھیں اور عشاء کی نماز کے بعد بھی پڑھیں۔ باتصور پڑھیں، اعتماد کے ساتھ پڑھیں، پانچ (5) وقت کی نماز کی پابندی کے پابندی کے ساتھ پڑھیں، ان شاءاللہ کچھ ہی دنوں میں آپ کو اس کے فائدے نظر آنا شروع ہو جائیں گے۔

حصار کا طریقہ

یہ بہت ہی زبردست اور مضبوط عمل ہے۔ اس کے ذریعہ آپ اپنا، اپنے اہل وعیال کا، اپنے پورے گھر کا حصار کر سکتے ہیں اور یہ جادو سے، جنات سے، نظر بد سے، جو لوگ آپ سے حسد/بغض/کینہ رکھتے ہیں...... اُن کے منفی اثرات سے اس کے ذریعے آپ اپنے آپ کو، اپنے اہل وعیال کو اور اپنے گھر کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ فجر کی نماز کے بعد گیارہ (11) دفعہ اسماء الحسنیٰ یہ پڑھنا ہے اور گیارہ (11) دفعہ یہ دعا پڑھنی ہے:

اَعُوذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيمِ الَّذِي لَيْسَ شَيْءٌ اَعْظَمَ مِنْهُ. وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ. وَبِاَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا. مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ. مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَاَ وَذَرَاَ ۔

یہ دعا گیارہ (11) دفعہ پڑھنی ہے اور یہ عصر کی نماز کے بعد بھی اسی ترتیب سے پڑھنی ہے۔ یہ اسماء الحسنیٰ اور یہ دعا پڑھ کے اپنی شہادت کی انگلی پر دم کر دیں اور تصور میں اپنے گھر کو لائیں یا جس کی حصار اور حفاظت کرنی ہو، اس کو اپنے تصور میں لائیں اور انگلی کو گول دائرے کی طرح پھیر دیں۔ ان شاءاللہ، اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائیں گے۔

روحانی درسگاہ کے شاگرد متوجہ ہوں

ایسے تمام شاگرد جو ممبر شپ نہیں لیتے یا ممبر شپ ختم ہونے پر تجدید نہیں کرواتے، ان کو ممبران والی رعایت نہیں دی جائے گی۔ اس کے علاوہ روحانی درسگاہ میں سکھائے جانے والے بغیر فیس اعمال، خزینہ روحانیات کے ممبران والے اعمال اور روحانی درسگاہ کے شاگردوں والے اعمال کی بھی اجازت نہیں دی جائے گی۔ (انتظامیہ)

مصیبتوں کے خاتمے کا سب سے بڑا وسیلہ......درود شریف

مرتب: سلیمان سبحانی

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''طاعون اور دیگر بڑی مصیبتوں کے خاتمے کا سب سے بڑا وسیلہ ہے نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم پر کثرت سے درود بھیجنا۔

مِن أعظم الأشياء الدافعة للطاعون وغيره من البلايا العظام كثرةُ الصّلاة على النبی صلی الله تعالی عليه وسلم۔ {بذل الماعون لابن حجر ۳۳۳}''

علامہ نبہانی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

''طاعون اور اس طرح کی دیگر بڑی بیماریوں کے خاتمہ کے لیے سب سے بڑا وسیلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا ہے۔

ان من اعظم الاشياء الدافعة للطاعون وغيره من البلايا العظام الصلوة على النبی صلی الله عليه وسلم (سعادة الدارين ص ۵۰۰)''

اور حدیث میں جمعۃ المبارک کے بارے میں ہے کہ یہ تمام دنوں سے افضل ہے۔

إِنَّ مِنْ أَفْضَلِ أَيَّامِكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس دن مجھ پر زیادہ درود پڑھو۔

فَأَكْثِرُوا عَلَيَّ مِنَ الصَّلَاةِ فَإِنَّ صَلَاتَكُمْ مَعْرُوضَةٌ عَلَيَّ

(ابوداود ۱۰۴۷)

نوٹ: جمعۃ المبارک کو سب زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھ کر دعا کیا کریں۔ درود شریف کوئی بھی ہو، پڑھ لیں۔ افضل درودِ ابراہیمی ہے۔

ضرورتوں کو پورا کرنے کا عمل

مرتب: محمد عارف (لاہور)

ایک بہت مجرب عمل ہے۔ جس نے اسے آزمایا، وہ حیرت زدہ ہوا۔ لہٰذا اسے آزمائیں۔ آپ کو اس پر افسوس نہیں ہوگا۔ اللہ جل جلالہ کا قرب اختیار کریں۔ ان شاء اللہ، آپ کی ضرورت اللہ جل جلالہ پورا کریں گے۔

جب لوگ سو رہے ہوں تو درج ذیل عمل کریں۔ عمل شروع کرنے سے قبل اول آخر گیارہ (11) بار درود تنجینا پڑھیں۔ اکیلے کمرے میں خوشبو سلگائیں۔ پاک صاف کپڑے پہن کر اعلیٰ خوشبو لگائیں۔ پھر توجہ سے یہ عمل پڑھیں:

1. رَبِّ اغْفِرْلِی، وَتُبْ عَلَیَّ، اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ۔ ایک سو (100) مرتبہ۔
2. یَا لَطِیْفُ۔ ایک سو انتیس (129) مرتبہ۔
3. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ فِیْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَنَفَسٍ عَدَدَ مَا وَسِعَهٗ عِلْمُكَ۔ ایک سو (100) مرتبہ۔
4. اَللّٰهُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔ ایک سو (100) مرتبہ۔
5. اَللّٰھُمَّ رَضِّنِیْ بِمَا قَضَیْتَ وَعَافِنِیْ فِیْمَا اَبْقَیْتَ حَتّٰی لَا اُحِبَّ تَعْجِیْلَ مَا اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِیْرَ مَا عَجَّلْتَ۔ ایک سو (100) مرتبہ۔
6. اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ۔ ایک سو انتیس (129) مرتبہ۔

ایک (1) ہفتہ سے اکیس (21) یوم تک یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ، جو بھی ضرورت ہوگی، اس عمل سے پوری ہوجائے گی۔

عام اجازت ہے۔ جو بھی اس عمل سے فائدہ اٹھائے، وہ مجھے، ادارے کو اور خاص کر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کو دعاؤں میں ضرور یاد رکھے، جن کی بدولت یہ نایاب عمل آپ تک پہنچ رہے ہیں۔

شرفِ قمر کا خاص عمل برائے تسخیر و محبت و حاضریٔ مطلوب

فیصل حمید نقشبندی (لاہور)

خاتمہ	ابتداء
22-12-2023 13:04	22-12-2023 11:19

۷۸۶

د ح	و و	د د	و ب
و ب	ہ د	و و	د ح
و و	د ح	و ب	د د
د د	و ب	د ح	و و

الحب فلاں بنت بن فلاں علی حب فلاں بنت بن فلاں

بحق و بحرمت ھذا النقش و بحق یابدوح

ترکیب عمل:

تسخیر و محبت و حاضری مطلوب کے لیے یہ عمل بہت ہی خاص اور مجرب ترین ہے۔ اس نقش کو چار (4) عدد لکھیں۔ ایک (1) پاس رکھیں، دوسرا آگ میں گرم کریں۔ تیسرا ہوا میں لٹکائیں یا کسی پھل دار درخت پر اور چوتھا بھاری وزن تلے یا مطلوب کے راستے میں دبا دیں۔ آپ کا مطلوب خود آپ کا طالب نہ بن جائے تو کہنا۔

عداوت کا خاص عمل

(اراکین روحانی علاج گاہ)

خاتمہ	ابتداء
09-12-2023 14:16	09-12-2023 12:21

اس نقش کو مع عزیمت کورے سکورے یا کاغذ پر لکھ کر دشمن کی چوکھٹ میں دفنا دیں یا پانی سے بھگو کر اس کا پانی دشمن کے در و دیوار پر چھڑک دیں۔ اس کا بخور ھینگ ہے۔

داب غنم والھزیل و مصدع و شبیط و عمیر و سالف وقدار و سمعان رئیس الماکرین یخربون بیوتھم بایدیھم و ایدی المؤمنین توکلوا یا خدام ھذہ الاسماء بالفراق والکراھیة والبغضة بین فلان بن فلانہ و فلان بن فلانہ الوحا الوحا العجل العجل الساعة الساعة

ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط
ط	ز	ز	ز	ز	ز	ز	ز	ط
ط	ز	ھ	ھ	ھ	ھ	ھ	ز	ط
ط	ز	ھ	ج	ج	ج	ھ	ز	ط
ط	ز	ھ	ج	ا	ج	ھ	ز	ط
ط	ز	ھ	ج	ج	ج	ھ	ز	ط
ط	ز	ھ	ھ	ھ	ھ	ھ	ز	ط
ط	ز	ز	ز	ز	ز	ز	ز	ط
ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط

نوٹ: اس نقش کو ہبوط قمر کے اوقات کے دوران زحل یا مریخ کی ساعت میں لکھیں۔ اگر اس دوران یہ ساعت نہ آئیں تو پھر کسی بھی ساعت میں لکھیں۔

روحانی علاج گاہ کے تیار شدہ کورسز

ہر قسم کے جادو کا علاج

اکیس (21) روز پر مشتمل اس کورس کو استعمال کرنے سے ہر قسم کا جادو، ٹونہ، بندشیں، رکاوٹیں اللہ جلالہٗ کے فضل و کرم سے ختم ہو جاتی ہیں۔ ایک کورس سے ایک سے زائد افراد بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

ہدیہ فی کورس (معمولی) **2000** روپے

(درمیانہ) **3000** روپے (سخت) **4000** روپے

جناتی مریضوں کا علاج

اکیس (21) روز پر مشتمل کورس کرنے پر اللہ جلالہٗ کے فضل و کرم سے جناتی اثرات سے نجات مل جاتی ہے۔ جسم و دماغ آزاد ہو جاتا ہے۔ ایک گھر میں اگر ایک سے زائد مریض ہوں تو ایک کورس سب کے لئے کافی ہوتا ہے۔

ہدیہ فی کورس (معمولی) **2000** روپے

(درمیانہ) **3000** روپے (سخت) **4000** روپے

جادو اور جنات کے بداثرات سے نجات

اکیس (21) روز پر مشتمل اس کورس کو استعمال کرنے پر اللہ جلالہٗ کے فضل و کرم سے جادو، جنات اور شیاطین کے ہر قسم کے اثرات سے نجات مل جاتی ہے۔ ہر قسم کی بندشیں، رکاوٹیں، بیماریاں جو بداثرات کی وجہ سے ہوتی ہیں، وہ بھی ختم ہو جاتی ہیں، ان شاء اللہ۔ جو لوگ بہت علاج کروا چکے ہوں اور فائدہ نہ ہو رہا ہو، ان کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

ہدیہ فی کورس (معمولی) **3000** روپے

(درمیانہ) **4000** روپے (سخت) **5000** روپے

روحانی علاج گاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0342-7772772 | 0324-7772772 | 042-35420586
darulamal.org/ruhaniilajgah | ruhaniilajgah@gmail.com
ruhaniilajgah | ruhaniilajgah96 | ruhaniilajgah

گھر کی روحانی صفائی کب ضروری ہوتی ہے

جادو جنات نظر بد کے نحس اثرات کی وجہ سے گھر جہنم بنے ہوئے ہیں۔ خوشیوں کی جگہ غموں، صحتوں کی جگہ بیماریوں، محبتوں کی جگہ نفرتوں نے ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں۔ اس طرح کی بہت ساری دیگر علامات سخت اور شدید اثرات کی نشانیاں ہیں۔ اگر آپ کے گھر میں یہ مسائل ہیں تو اپنے گھر کو روحانی طور پر چیک کروائیے اور صاف کروائیے۔ اپنے گھر، اپنی رہائش کی روحانی صفائی، روحانی حفاظت، روحانی حصار کیلئے رابطہ کیجئے۔ گھر میں اثرات ہونے کی چند علامات درج ذیل ہیں:

گھر میں بے سکونی	گھر میں بے چینی	گھر میں غصہ آنا	گھر میں بے آرامی	گھر میں نا اتفاقی	گھر میں لڑائی جھگڑے	گھر میں بے برکتی
گھر میں نقصانات	گھر میں نحوست	گھر میں خوف آنا	گھر میں وحشت	گھر میں دباؤ	گھر میں بدبو	گھر میں خون کے چھینٹے
گھر میں پانی کے چھینٹے	گھر میں تیل کے چھینٹے	گھر میں کیڑے زیادہ ہونا	گھر میں زہریلے جانور	گھر سے چیزیں غائب	گھر سے چیزیں گم	گھر میں کچا گوشت ملنا
گھر سے تعویذ نکلنا	گھر سے سوئیاں نکلنا	گھر سے ہڈیاں نکلنا	گھر میں پتھر گرنا	گھر میں کپڑے کٹنا	گھر میں چیزیں خراب ہونا	گھر سے مختلف آوازیں آنا
گھر سے ہنسنے کی آواز آنا	گھر سے رونے کی آواز آنا	گھر میں چلنے کی آواز آنا	گھر میں دروازے بجنا	گھر میں لائٹ خود بند ہونا	گھر کا فروخت نہ ہونا	اور بہت سی علامات

اہل لاہور اور اس کے مضافات کے لئے دار العمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ نے گھروں کی روحانی صفائی کیلئے باقاعدہ روحانی علاج کے ماہرین کی ٹیم تشکیل دے دی ہے۔ جو ہر ہفتے میں 2 دن (ہفتہ اور اتوار) اسی خدمت پر مامور رہیں گے۔ اگر خدانخواستہ آپ کے گھر یا رہائش میں اثرات ہیں تو آپ پورے اعتماد سے رابطہ فرمائیں۔ تاکہ آپ لوگوں کو مشکلات سے نجات مل سکے۔

0324-7772772 | 0342-7772772 | 042-35420586
روحانی علاج گاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
ruhaniilajgah | ruhaniilajgah96 | ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah | ruhaniilajgah@gmail.com

مولانا علی آفاق (ناظم) 0305-7772772
مولانا سلیم اللہ (نائب ناظم) 0304-7772772
مولانا قاری ممتاز (رکن) 0306-4758334
محمد علیم (رکن) 0300-8818652

حبس دم سے کامل یکسوئی، طویل عمر اور کنڈالنی شکتی بیدار کرنا

قسط اول

قاری شاہد منصور (ضلع بنوں)

ہم سب سے پہلے اپنے اساتذہ کرام خصوصاً سیدی و مرشدی استاد العالمین استاد محترم جناب حضرت خالد مقبول عارف صاحب حفظہ اللہ کے دل سے شکر گزار ہیں کہ ان ہی کی محنت، محبت، شفقت اور دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ ہم ناقص بھی اس میدان میں کھڑے ہوئے۔ اور اس قابل بنایا کہ اپنا ناقص علم برصغیر کے کونے کونے میں بواسطہ ماہنامہ خزینہ روحانیات سے پہنچاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے جملہ اساتذہ کرام کے علم، عمر، فراست میں خوب اضافہ فرمائیں اور جو دنیا سے رخصت ہوئے ہیں ان کی قبروں پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے، آمین۔

ہمارے خیالات کا ہماری سانس کے ساتھ انتہائی گہرا تعلق ہے۔ ہمارے خیالات کے بعد ہمارے جسم میں جو سب سے لطیف چیز موجود ہے، وہ سانس ہے۔ ہماری روح کو اللہ نے ہمارے جسم میں جس چیز سے باندھا ہے وہ سانس کا دھاگہ ہے۔ جسے اگر توڑ دیا جائے تو روح آزاد ہو جاتی ہے۔ اس طرح ہماری سانس کا ہماری روح اور خیالات سے بالکل ایسا ہی رشتہ ہے جیسا مچھلی کا پانی سے ہے۔ ہماری جو سانس باہر سے آتی ہے، وہ باہر کی کائنات کے خیالات ہمارے اندر لاتی ہے اور ہماری جو سانس نکلتی ہے، وہ ہمارے خیالات باہر تک پہنچاتی ہے۔ میری اس بات کو سمجھنے کے لیے ایک سادہ سی مثال ہے کہ اگر کوئی آدمی حبس دم کا ماہر ہو اور جب تک وہ سانس روک کے بیٹھا رہے تب تک آپ اس کے خیالات نہیں پڑھ سکتے، کیونکہ اس کے خیالات اس کی سانس کے ذریعے باہر آتے ہیں۔ سانس کا باہر رہنا ہمیں مادیت سے قریب کرتا ہے اور سانس کا اندر رہنا ہمیں روح سے قریب کرتا ہے۔ اگر ہم اپنی سانس کو بہت زیادہ دیر تک اندر روکنے پر قادر ہو جائیں تو ہم روح کے اتنے ہی قریب ہو جاتے ہے۔ سانس کا اندر رکنا ہمیں لاشعور سے قریب کرتا ہے اور ہمارے اندر یکسوئی پیدا کرتا ہے۔ اس لیے ماہرین نے سانس روکنے کا ایک طریقہ بیان کیا ہے کہ جب آپ کو کھانا کھائے ہوئے تین (3) گھنٹے گزر گئے ہوں، آپ کا پیٹ خالی ہو، بھرا ہوا نہ ہو، تب آپ یہ مراقبہ کریں۔ یہ مراقبہ ”کنڈالنی شکتی“ کو جگانے کے لیے بہترین ہے۔ کنڈالنی شکتی دوسری ارتکاز توجہ کی مشقوں اور مراقبوں سے بھی جاگتی ہے مگر اس سے بہت زیادہ جلدی جاگتی ہے۔

حبس دم کا طریقہ: آپ چوکڑی مار کر آرام سے بیٹھ جائیں۔ دو (2) منٹ تک آرام سے بیٹھے رہیں۔ آنکھیں بند کرلیں۔ اس کے بعد اپنا منہ بند کرلیں اور صرف ناک سے سانس آہستہ آہستہ اندر کھینچیں اور جتنی کھینچ سکتے ہوں، اتنی اندر کھینچ لیں۔ اس کے بعد اپنی سانس کو روک کے رکھنا ہے۔ جتنا آپ آسانی سے روک سکتے ہیں، اتنا روک لیں۔ جب آپ کو لگے کہ سانس اب مزید روکنا ممکن نہیں تو سانس کو آہستہ آہستہ ناک کے رستے نکال دیں۔ اس طرح یہ سانس کا ایک چکر بنا۔ اب ایک چکر کے بعد چند سیکنڈ کا وقفہ لیں اور سانس کو نارمل ہونے دیں۔ جب سانس نارمل ہو جائے تب دوبارہ ویسے ہی طریقے سے سانس کو ناک کے رستے اندر لیں، سانس کو اندر روکیں اور پھر نکال دیں۔ اس طرح یہ حبس دم آپ نے کرنا ہے۔ ایک چکر کے بعد چند سیکنڈ کا وقفہ لینے کے بعد دوسرا کرنا ہے۔

اور ہاں! سانس پیٹ سے ہی اندر لینی اور پیٹ میں ہی روکنی اور پیٹ سے ہی باہر نکالنی ہے۔ مطلب کہ اس عمل کے دوران ہم نے اپنے سینے کا زور کم سے کم لگانا ہے۔

حبس دم پہلے مہینہ مشکل ہوگا۔ اس کے بعد سانس کی ٹائمنگ تین (3) منٹ تک چلی جاتی ہے۔ اس کے بعد سانس روکنے میں مزہ آنے لگتا ہے۔ دل کرتا ہے کہ سانس ہی نہ آئے۔ سکون کی ایک گہری کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ امید ہے آپ حبس دم کا طریقہ سمجھ گئے ہوں گے۔

اب ایک اور چیز کی طرف آتے ہیں، وہ یہ ہے کہ جب ہم نے سانس اندر لی، روکی اور باہر نکالی، اس دوران تصور کیا کرنا ہے؟ کیونکہ تصور ضروری ہوگا ورنہ ہمارا ذہن آزاد پھرتا رہے گا۔ تو اب آیئے تصور کی طرف۔ حبس دم کے دوران آپ نے یہ تصور کرنا ہے کہ مجھ پر نور کی بارش ہو رہی ہے۔ بس یہی سوچنا ہے کہ مجھ پر نور کی بارش ہو رہی ہے۔ جیسے عام روٹین میں پانی کی بارش ہوتی ہے، بالکل اسی طرح آپ کے اوپر بالکل پانی کی بارش کی طرح نور کی بارش ہو رہی ہے۔

یہ تصور کرنے سے آپ کو انتہائی سکون کا احساس ہوگا کیونکہ نور جب جسم میں داخل ہونے لگتا ہے تو ایک گہرا روحانی سکون کا احساس ہوتا ہے۔

یہ تصور آپ نے اس سارے عمل کے دوران کرنا ہے۔ جب آپ سانس اندر کھینچ رہے ہوں، اندر روک رہے ہوں اور باہر نکال رہے ہوں۔ اس طرح یہ اسلامی مراقبہ بھی بن جاتا ہے۔ کیونکہ نور اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ یہ مراقبہ انتہائی تیز اثرات کا حامل ہے۔ جب آپ یہ حبس دم روزانہ کریں گے تو کچھ عرصہ بعد آپ کو کمر کی جڑ میں ایک حرارت کا احساس ہوگا اور پھر وہ حرارت زیادہ ہوتی جائے گی اور پھر وہی حرارت پیچھے کمر میں سفر کرتی ہوئی آپ کے دماغ میں داخل ہوگی۔ یہی کنڈالنی شکتی کی پاور ہوگی جو کمر کی جڑ میں محفوظ ہے۔ مشقوں سے وہی چیز بیدار ہو کر دماغ میں داخل ہونے لگتی ہے اور دماغ پاور میں آجاتی ہے۔ یہی کنڈالنی شکتی ہوتی ہے۔ حقیقت میں یہ مادہ حیات کی پاور ہوتی ہے۔ اگر آپ مادہ حیات کی حفاظت نہ کریں گے، اسے ضائع کریں گے تو کنڈالنی شکتی بیدار نہیں ہوگی۔

کنڈالنی شکتی ایک ہزار (1000) گھنٹہ مشق مراقبہ یا حبس دم کرنے کے بعد پوری بیدار ہوتی ہے اور جب یہ بیدار ہونے لگتی ہے تو اس میں سب سے زیادہ خطرناک چیز سیکس کی ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ ایک سیکس پاور ہی ہے کہ انسان کو جنسی درندہ بنا دیتی ہے۔ انسان اندھا دھند سیکس میں پاگل ہو جاتا ہے۔ اس سے بچنے کے لیے مراقبہ نور اسی وجہ سے دیا گیا ہے۔ مراقبہ نور انسان کو اس چیز سے بچاتا ہے۔

اور اتنے لمبے عرصے کے مراقبے سے انسان یکسو ہو جاتا ہے تو کنڈالنی شکتی کو وہ سنبھال سکتا ہے، چاہے اس میں جتنی بھی پاور ہو۔ مگر انسان خیالات کے کنٹرول میں ہے اور اس وقت خیال انسان کے کنٹرول میں آجاتا ہے۔ اس لیے کنڈالنی شکتی کو کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔

اس کی مثال ایسے ہی سمجھ لیجیے کہ اگر نارمل انسان جنات کا چلّہ کرے تو اس کے پاگل ہونے کا خدشہ ہے لیکن وہی چلّہ یکسوئی والا انسان کرے تو کامیابی ہوتی ہے۔

باقی جب بیدار ہونے لگے تو اسے کنٹرول کرنے کے لیے کھانے پینے میں تبدیلی لا کر بھی سنبھالا جاتا ہے۔

بے شک یہ پاور بہت زیادہ ہے۔ جب دماغ میں آجاتی ہے تو انسان اپنے دماغ کی پاور سے ایک بھاری پتھر کو بھی حرکت دے سکتا ہے۔

حبس دم کا ایک بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اس میں جیسے جیسے سانس اندر لینے کی ٹائمنگ بڑھتی ہے، ویسے ویسے یکسوئی خود بخود آنے لگتی ہے۔ دوسری مشقوں میں ہمیں توجہ خود لگانی پڑتی ہے مگر یہاں توجہ خود بخود لگ جاتی ہے۔ کیونکہ ہم نے خیال کی جو جڑ ہے سانس، اس کو کنٹرول کر لیا ہے تو ضروری ہے کہ یکسوئی کا پہاڑ پیدا ہو جائے گا۔

یہ مشق تو پہلے ہفتہ پندرہ منٹ کرنی ہے۔ مطلب پندرہ (15) منٹ میں جتنے بھی چکر لگتے ہیں۔ اس کے بعد دوسرے ہفتے آدھا گھنٹہ اس کا ٹائم کر دینا ہے۔ دو (2) ہفتے آدھا (1/2) گھنٹہ ہی کرنا ہے۔ اس کے بعد چوتھے ہفتے ایک (1) گھنٹہ کر دینا ہے اور پھر ایک (1) گھنٹہ ہی کو لے کر چلنا ہے۔

بعض لوگ جب سانس اندر روکتے ہیں تو گھڑی دیکھنے لگ جاتے ہے کہ کتنے منٹ سانس روکی؟ ایسا نہیں کرنا۔ نور والے تصور پر فوکس کرنا ہے۔

جس طریقے سے آپ کو بتایا ہے، اگر اس طریقہ سے کریں تو آپ کی سانس روکنے کی ٹائمنگ دو (2) مہینے تک پانچ (5) منٹ پکی ہو جاتی ہے۔ مطلب آپ سانس کو پانچ (5) منٹ تک اندر روک سکیں گے۔

نور والا تصور لازمی کرنا ہے کیونکہ اگر وہ نہ کیا تو جنسی خیالات آپ کو کنٹرول کر لیں گے۔ (جاری ہے)

مجرب عملیات

احمد فراز نقشبندی (کراچی)

جنات سے نجات کے لیے

ایسے جنات جو بہت زیادہ سرکش ہوں، وہ کسی طور ٹلتے نہ ہوں تو ایسے جناب کو دفع کرنے کے لیے عامل کو چاہیے کہ پہلے ایک ہی نشست میں بیٹھ کر

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ (المؤمنون:۱۱۵-۱۱۸)

سورۂ مومنون کی ان چار آیتوں کو ایک ہی نشست میں بیٹھ کے عامل گیارہ سو (1100) بار عمل پڑھے اور جب اس کو پڑھ چکے تو پھر جنات کے مریضوں پر ان کو استعمال کریں، خاطر خواہ فائدہ اٹھائے گا، ان شاء اللہ۔

سخت جنات میں جو ٹلتے نہ ہوں، میرے خیال سے ایک سو گیارہ (111) مرتبہ پڑھ کے دم کریں اور اگر کوئی مریض ایسے ہوں یا جنات ایسے ہوں، جن کے اوپر حاضری ہوتی ہو اور جو کسی طور نہ جاتے ہوں تو مریض کی انگلی پکڑ کر تین سو تیرہ (313) مرتبہ یہ دم کریں، ان شاء اللہ جنات جل جائیں گے یا بھاگ جائیں گے۔

جادو کی کاٹ کے لیے

جادو کی کاٹ کے لیے اور ایسا جادو جو بہت پرانا ہو گیا ہو یا ایسا مدفون جادو جو کہیں دفن ہو، جس سے خلاصی نہ ہوتی ہو تو ایسے جادو کے خاتمے کے لیے پہلے تو عامل کو چاہیے کہ تین سو تیرہ (313) مرتبہ مرتبہ پڑھ کر زکوٰۃ کی نیت سے سورۂ تکویر ختم کرے ایک ہی نشست میں۔ اور پھر جادو کو ختم کرنے کی نیت سے اکتالیس (41) مرتبہ پانی پہ دم کر کے دے مریض کو جو پینے جو پینے میں اور چھڑکنے میں استعمال کرے یا پھر عامل سورت کو پڑھ کر حکم لگا دے کہ اس کے خدام (جو بھی ہیں) جادو کی فل فور کاٹ کریں تو فوراً کاٹ بھی ہو گی۔ جادو کہیں بھی مدفون ہو، وہ مدفون جادو خود ہی ختم ہو جائے گا۔ ایک فائدہ اس کا یہ بھی ہے کہ جادو کرنے والے پر پلٹ جائے گا۔

بندش کے کھولنے کے لیے

پرانی سے پرانی بندش ہو، خواہ وہ نکاح کی ہو یا رزق کی ہو یا کسی بھی قسم کی بندش ہو، جادو کے ذریعے سے لگائی گئی ہو، جنات مسلط کیے گئے ہوں، دم پھونک تعویذ کچھ بھی کیا گیا ہو تو

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۚۙ ﴿۷۳﴾ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾ (ال عمران:۷۳-۷۴)

ان آیتوں کو ایک سو گیارہ (111) مرتبہ پڑھا جائے اور انہی کے دو (2) تعویذ بنائے جائیں۔ ایک مریض اپنے گلے میں ڈالے اور ایک اپنی الماری میں اپنے کپڑوں میں رکھ کر چھوڑ دے۔ اور ان آیتوں کو جب استعمال شروع کرے، پڑھنا شروع کرے اور تعویذ بنا لے تو ایک آدمی کو کھانا کھلا دے۔ بس یہ بہت تیز اور بہت مجرب عمل ہے۔ اللہ کے فضل و کرم سے سینکڑوں لوگ ایسے ہیں جن کے رشتے نہیں ہوتے تھے، اللہ نے ان کی شادیاں کرا دیں۔ رزق روزگار کی بندش اس سے چند ہی دنوں میں کھل جاتی ہے۔

نظرِ بد سے چھٹکارا

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾

(القلم:۵۱-۵۲)

سخت سے سخت نظر کی کاٹ کے لیے اس کو اکہتر (71) مرتبہ یا ایک سو گیارہ (111) مرتبہ ورد میں رکھیں۔ تین (3) دن یا سات (7) دن یا گیارہ (11) دن میں نظر ان شاء اللہ کٹ جائے گی، خواہ وہ جنات کی ہو یا انسانوں کی۔

حالت مقام مطلوب

پیر انعام علی جعفری انوری (کوہاٹ)

ذیل میں منازل قمر اور حروف کا نقشہ دیا جاتا ہے۔ اس سے یہ معلوم کریں کہ مطلوبہ گاؤں وشہر کس منزل پر واقع ہے۔ ہر منزل کے سات حروف ہیں۔ مقام کے نام کے پہلے حرف سے اس کی منزل معلوم ہوگی۔

نمبر شمار	حروف	نام منازل	نمبر شمار	حروف	نام منازل
۱	ا	شرطین	۱۵	س	غفرہ
۲	ب	بطین	۱۶	ع	زبانہ
۳	ج	ثریا	۱۷	ف	اکلیل
۴	د	دبران	۱۸	ص	قلب
۵	ھ	ہقعہ	۱۹	ق	شولہ
۶	و	ہنعہ	۲۰	ر	لغائم
۷	ز	ذراعہ	۲۱	ش	ہلدہ
۸	ح	نثرہ	۲۲	ت	ذابح
۹	ط	طرفہ	۲۳	ث	بلعہ
۱۰	ی	جبہتہ	۲۴	خ	سعود
۱۱	ک	زبرہ	۲۵	ذ	اخبیہ
۱۲	ل	صرفہ	۲۶	ض	مقدم
۱۳	م	عوا	۲۷	ظ	موخر
۱۴	ن	سماک	۲۸	غ	رشا

جب منزل معلوم ہو جائے تو اس منزل کے آگے سات منزلیں لکھو۔ یہ سات منزلیں مقام پیشانی کی ہوں گی۔ ان کے آگے پیشانی لکھ دو۔ دوسری سطر میں پھر سات منزلیں لکھو۔ یہ مقام پشت ہوں گی۔ ان کے آگے پشت لکھو۔ تیسری سطر میں پھر سات منزلیں لکھو۔ یہ مقام سینہ قرار پائیں گی۔ ان کے آگے لفظ سینہ لکھ دو۔ چوتھی سطر میں اگلی سات منزلیں لکھ دو۔ یہ منازل پاؤں کی ہوں گی اس لیے ان کے آگے پاؤں لکھ دو۔

اب آپ معلوم کریں کہ آپ کے نام کے حروف اول کی منزل کس حصے پر آئی ہے۔ اگر نام کی منزل پیشانی کے حصے میں آئی ہے تو اس مقام پر عزت و آبرو حاصل ہوگی۔ اگر وہ منزل پشت پر آئی ہے تو مال کا نقصان، تکلیف، رنج و پریشانی اٹھانی پڑے گی۔ اگر نام کی منزل سینے کی منزل پر ہو تو بہت اچھا ہوگا۔ زر و مال ملے گا۔ عیش کی زندگی نصیب ہوگی۔ اگر نام کی منزل پاؤں کے مقام پر آئے تو کامیابی ہوگی مگر رنج و تکلیف اٹھانے کے بعد۔

مندرجہ بالا نقشے میں بالترتیب منازل دی گئی ہیں۔ اگر گنتے گنتے منازل ختم ہو جائیں تو ابتداء سے پھر شروع کریں۔ یعنی اٹھائیسویں منزل کے بعد پہلی شمار میں آئے گی۔

جب کسی مقام کاروبار یا رہائش بدلنا چاہیں تو اس طریقہ سے حال معلوم کریں۔ اس کو مکان خریدنے یا کاروبار کے لیے کون سی جگہ بہتر ہے یا نہیں؟ کون سے ملک کا ویزا لوں؟ یا اگر فلاں جگہ رشتہ کرلوں تو حالات کیسے رہیں گے؟ اس طرح کے بہت سے حالات کے لیے پہلے سے معلومات کر سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ سے بغیر فیس عملیات سیکھیں

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ 1997ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ (5) قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

درود ابراهیمی (عوام کے لئے): بنیادی درود شریف جس کا عامل بننے سے بہت ساری برکتیں حاصل ہوتی ہیں اور عامل بننے کے بعد جس عمل کے شروع اور آخر میں پڑھیں گے، اس کی تاثیر زیادہ ہوگی۔

دعائے حزب النصر (خزینہ روحانیات کے ممبران کے لئے): قطب کبیر ولی کامل حضرت ابوالحسن شاذلی نور اللہ مرقدہ کے سلسلے کی خاص دعا، جو ہر قسم کے دشمن سے حفاظت کے لیے انتہائی مجرب ہے۔ دشمن چاہے ظاہری ہو یا باطنی جیسے شیاطین، جنات، آسیب وغیرہ۔ اس دعا کی برکت سے دشمن اپنی چالوں میں خود ہی پھنس جاتا ہے اور اس کی چالیں اس پر الٹی پڑتی ہیں۔

قصیدہ حسنیٰ (علماء اکرام کے لئے): اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر مشتمل ولی کامل حضرت مولانا شیخ موسیٰ صاحب روحانی بازی نور اللہ مرقدہ کا عمل۔ ہر مشکل کا حل اور ہر حاجت کے لیے مجرب۔

نظر بد ختم کرنے کا عمل (خواتین کے لئے): اس عمل کو کرنے کے بعد ہر قسم کی نظر بد اتارنے میں آسانی ہوتی ہے۔ اور کم وقت میں نظر بد اتر جاتی ہے۔

محبت کی عظیم آیت کا عمل (روحانی درس گاہ کے طالب علم): شوہر بیوی پر توجہ نہ دیتا ہو، حقوق واجبہ ادا نہ کرتا ہو، زبان درازی کرتا ہو، گالی دیتا ہو، مار پیٹ کرتا ہو، گھر سے نکال دیا ہو۔ بیوی زبان درازی کرتی ہو، محبت نہ کرتی ہو، توجہ نہ دیتی ہو، روٹھ کر میکے چلی گئی ہو، اولاد نافرمان ہو، آپس میں جھگڑتے ہوں، ان سب کے لئے مجرب عمل۔

مفت روحانی خدمات برائے دسمبر 2023

رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے ارسال کریں۔ ایک کوپن ایک فرد کے لیے۔ شرائط پر پورا نہ اترنے والوں سے معذرت۔

جادو سے نجات

ایسا جادو، جس کا اثر جسم کے کسی بھی حصے پر ہو، اس جادو سے نجات کے لیے گیارہ یوم پر مشتمل تعویذات کا علاج۔

درخواست منظور کروانا

اگر کوئی اہم درخواست منظور کروانی ہو اور جائز کام ہو تو اس خاص عمل سے درخواست منظور ہوگی، ان شاء اللہ۔

جنات سے نجات کا خاص تعویذ

ہر طرح کے آسیبی و جناتی اثرات سے نجات کے لیے۔

جادو اور جنات سے حفاظت

ہر طرح کے جادو اور جنات سے حفاظت کے لیے ایک خاص عمل۔

میاں بیوی میں ناراضگی ختم ہو

زوجین میں کسی بھی وجہ سے ناراضگی ہو، بازو پر باندھنے کے اس تعویذ کو استعمال کرنے سے ناچاقی، ناراضگی، اختلاف وغیرہ ختم ہوگا۔

گھر سے اثراتِ بد اور بے برکتی ختم ہو

گھر سے ہر طرح کے اثراتِ بد اور بے برکتی ختم کرنے کے لیے گھر میں پانی چھڑکنے کا خاص عمل۔

ظالم سے نجات

ظالم کسی طرح کا ہو، اس سے نجات کا خاص وظیفہ۔

روحانی علاج گاہ
0342-7772772 042-35410586 ruhaniilajgah
0324-7772772 ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com

تین کلو گوشت گھر کے باہر کوئی رکھ گیا

سوال ایک ہفتہ پہلے میں اپنے شوہر کے ساتھ گھر میں تھی کہ گھر کے باہر رکشہ رکنے کی آواز آئی۔ پھر فوراً ہی رکشہ سٹارٹ ہوا اور چلا گیا۔ میرے شوہر کو شک ہوا کہ اتنی جلدی تو کوئی اتر نہیں سکتا۔ انہوں نے باہر جا کر دیکھا تو رکشہ تو نہیں تھا البتہ ایک پیکٹ میں 3 کلو کے قریب گوشت رکھا ہوا تھا۔ انہوں نے اٹھا کر کوڑے میں پھینک دیا۔ میں اس دن سے بہت پریشان ہوں۔ پہلے بھی ہمارے گھر میں گوشت آتا رہا ہے اور بہت اثرات آ گئے تھے۔ آپ کی مہربانی کہ آپ نے مکمل علاج کیا اور کافی عرصہ سے ہم لوگ سکون سے رہ رہے ہیں۔ کبھی کبھار چھوٹے موٹے مسئلے ہوئے بھی تو عارضی طور پر ہوئے۔ اب یہ 3 کلو گوشت دیکھ کر بہت پریشان ہو گئی ہوں۔ مہربانی فرما کر دیکھیں کہ کیا معاملہ ہے اور ہمیں کیا کرنا ہے؟ (ن، لاہور)

جواب آپ پر جادو کا وار کیا گیا ہے۔ آپ کے شوہر کی طرف سے خاتون رشتہ دار نے ہی کروایا ہے۔ اچھا ہوا کہ ہٹا دیا مگر غلطی یہ کی کہ کوڑے میں پھینک دیا۔ پہلے بھی آپ کو ہدایت کی تھی کہ چلتے پانی میں بہایا کریں اور جو بہا کر آئے، وہ غسل کر کے آئے یا پھر گھر آ کر فوری غسل کرے اور کپڑے تبدیل کر کے دوسرے پہن لے۔ اتارے ہوئے کپڑے دھو کر استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ آئندہ کے لیے بھی یاد رکھیے گا۔

آپ کے شوہر نے سات سلام اور چہل کاف کے عمل کی اجازت لی ہوئی ہے۔ ان سے کہیں کہ درج ذیل اعمال فوری طور پر کریں:

۱ گھر سے جادو جنات نکالنے والا عمل۔ سات (7) دن لگاتار کریں۔ اگر ممکن نہ ہو تو تین (3) دن لگاتار لازمی کریں۔ منگل بدھ اور جمعرات کو کریں۔

۲ اسی عمل کے نیچے اصحاب کہف والا تعویذ دیا گیا ہے۔ اس کو لکھ کر اس کا پانی سات (7) دن تک پورے گھر کے پاک کونوں اور دیواروں، کھڑکیوں اور دروازوں پر چھڑکیں۔ سات (7) دن بعد نیا تعویذ لکھیں اور اس طرح تین (3) تعویذ استعمال کریں۔

۳ ل ش ک والے تعویذ سے گیٹ کے اندر اور باہر والے حصے کو دھوئیں۔ سات (7) یوم لگاتار کریں۔ پھر منگل، ہفتہ، منگل، ہفتہ۔ کل گیارہ (11) بار ہوگا۔

۴ آپ سب لوگ اپنی حفاظت کا خیال کریں۔ پابندی سے حصار کے اعمال ہر نماز کے بعد، رات کو سونے سے قبل اور باہر نکلتے وقت پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کریں۔

ان شاء اللہ، یہ وار خالی جائے گا اور آپ لوگ محفوظ رہیں گے۔

بد اثرات کی وجہ سے جسمانی تکالیف

سوال میری دائیں طرف، گردن سے بازو کی طرف درد ہو رہا ہے۔ اسی طرح کمر کی طرف بھی درد ہو رہا ہے۔ بے چینی بہت ہے۔ بلا وجہ غصہ آ رہا ہے۔ عبادات خاص کر نماز پڑھنے کو تو بالکل دل نہیں کرتا۔ کیا یہ سب طبی وجہ سے ہو رہا ہے یا روحانی وجہ سے؟ رہنمائی فرمائیں۔ (؟، لاہور)

جواب یہ کہنا تو مشکل ہے کہ سارا طبی وجہ سے ہو رہا ہے یا سارا ہی روحانی وجہ سے۔ فی الحال آپ کے جسم پر بد اثرات ہیں اور ان کے علاج کروانے پر خود جسم سے ان علامات کا خاتمہ ہو جائے گا، جو ان بد اثرات کی وجہ سے پیدا ہو رہی ہیں۔

آپ کو کچھ تعویذات بھجوائے جا رہے ہیں۔ جسم پر مل کر جلانے والے، غسل کرنے والے اور پینے والے۔ ان کو استعمال کریں، ان شاء اللہ، یہ علامات جلد ہی ختم ہو جائیں گی۔

اپنی روحانی حفاظت کا خیال رکھیں۔ روزانہ ہر نماز کے بعد، رات کو سوتے وقت اور باہر جاتے وقت حصار کیا کریں۔

عملیات میں ناکامی کی دو بڑی وجوہات

افتخار الحسن رضوی مدظلہ

عملیات اور روحانی علاج سیکھنے کے لیے مختلف ممالک سے دوست رابطے کرتے ہیں۔ بعض تو اس قدر جلد باز ہوتے ہیں کہ ایک وٹس ایپ میسج کے ذریعے ہی کل اجازت مانگ لیتے ہیں۔ کچھ ایسے بھی ہوتے ہیں جنہیں اسباق دیے جائیں یا تربیتی مراحل طے کروائے جائیں تو بھی ناکام ہو جاتے ہیں اور چند ایسے بھی آئے جنہیں کوئی ایک وظیفہ ہی کفایت کر گیا اور اسی سے فیض کا سلسلہ جاری ہو گیا۔

لیکن ۹۹ فیصد ناکام ہو جاتے ہیں، کچھ وجوہات مندرجہ ذیل ہیں:

۱......عملیات سیکھنے کے لیے اہتمام بہت کرتے ہیں لیکن روحانی طہارت اور قلبی صفائی نہیں کرتے۔ اہداف میں حب جاہ، مال دار بننے کے لیے شارٹ کٹ کی تلاش اور اپنی زندگی کو comfort zone تک پہنچانا ہی شامل ہوتا ہے جب کہ رضائے الٰہی مفقود۔ اسی لیے امام غزالی علیہ الرحمہ نے علم سے بھی پہلی تزکیہ نفس پر زور دیا ہے کیونکہ خراب باطن والے کو علم سکھانا ایسا ہی ہے جیسے خراب معدے والے کو شیرینی و حلوے کھلانا۔ صحیح مسلم کی روایت ہے: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ اِلٰى اَجْسَادِكُمْ وَلَا اِلٰى صُوَرِكُمْ وَلٰكِنْ يَنْظُرُ اِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَاَعْمَالِكُمْ

''اللہ تعالیٰ تمہارے جسموں اور چہروں کی طرف نظر نہیں فرماتا، وہ تو تمہارے دلوں اور اعمال پر نظر فرماتا ہے۔''

یہاں یہ حقیقت بھی پیش نظر رہے کہ ایسے لالچی اور فکری کمزور افراد کو واہ واہ تو مل جاتی ہے لیکن اللہ تعالیٰ مخلوق کے دلوں میں ان کی محبت و احترام نہیں ڈالتا۔

۲......عملیات اور روحانیت کی راہ میں حائل دوسری بڑی رکاوٹ بخل اور کنجوسی ہے۔ جب آپ کے پاس کوئی مریض آ کر اپنی مفلسی، تنگ دستی اور غربت کا اظہار کرے اور اس کا روحانی علاج چاہے تو عامل کو چاہیے اللہ کی عطا کی ہوئی نعمتوں میں سے اسے بھی کچھ دے اور جو ممکن ہو سکے، اس کی مالی مدد بھی کرے۔ خصوصاً اپنے صدقات بروقت نکالا کرے، زکوۃ بروقت ادا کرے، عیدین کے موقع پر اپنے آس پاس والوں اور مستحقین کو تحفے دیا کرے، سادات کرام کے ساتھ خصوصی شفقت و محبت کا اظہار کرے کیونکہ چلہ کشی اور لمبے چوڑے وظائف جہاں ناکام ہو جائیں، صدقات اور سادات کرام کی خدمت وہاں بھی کامیاب ہوتی ہے۔ مخلوق خدا کی خدمت رب تعالیٰ کی بارگاہ تک پہنچنے کا سب سے مختصر راستہ ہے۔ لہٰذا عامل حضرات تعویذات اور علاج کے بدلے صرف پیسہ وصول ہی نہ کریں بلکہ مستحقین کی خدمت اپنی جیب سے بھی کیا کریں۔ لوگوں کے ساتھ تعلقات اچھے رکھے، خوشی غمی میں شریک ہوا کرے، دلجوئی کرے اور لوگوں سے ملتے وقت عاجزی اور نرمی سے کام لے۔ لیکن اس منزل تک پہنچنے کے لیے بھی آپ کو قناعت، توکل اور یقین کی دولت درکار ہو گی۔

طلسم کبیریت الاحمر شفاء الامراض

الروحانی الفلکی اسلم رضا خان المشرقی (ڈھاکہ)

یہ بہت نایاب طلسم ہے اور بہت ہی زود اثر طلسم میں سے ایک ہے۔ اس طلسم سے دنیا کے تمام اقسام کے امراض کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ ہماری طلسماتی روحانی امداد گروپ پر طلسم کبیریت الاحمر کو کافی لوگوں نے استعمال کیا اور اللہ پاک کے فضل وکرم سے سب کو کامل فائدہ حاصل ہوا۔ آج میں ایک طلسم کبیریت الاحمر کو روحانی ماہ نامہ خزینۂ روحانیات میں لکھ رہا ہوں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس طلسم سے فائدہ حاصل کریں اور خلق کی خدمت ہوسکے۔

اس طلسم کو لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ آپ اس طلسم کو کسی بھی نماز کے بعد دو (2) عدد طلسم زعفران یا زردے کے رنگ سے لکھیں۔ ایک (1) طلسم کو مریض اپنی مرض کی جگہ پر باندھ لے۔ دوسرے طلسم کو پانی میں حل کرلیں اور یہ پانی صبح نہار منہ، دوپہر اور رات کھانا کھانے کے بعد ایک کپ پانی پی لیا کریں، گیارہ (11) روز تک۔ اگر مرض پرانا ہو تو آپ پینے کیلئے تین (3) طلسم یا سات (7) طلسم لکھ لیں۔ جب طلسم لکھ لیں تو اگربتی کا بخور دیں اور مشک کا عطر طلسم پر لگائیں مگر یہ خیال رکھیں کہ طلسم پر عطر کا داغ لگنے نہ پائے۔ بس اشارہ سے ہلکا سا عطر اپنے ہاتھوں پر لگا کر طلسم والی کاغذ پر لگادیں، کافی ہے۔ پہلے اعداد کو بائیں طرف سے لکھیں۔ اس کے بعد نیچے ایک (1) لکیر لگائیں۔ اس لکیر کے نیچے عربی حروف کو دائیں طرف سے لکھیں۔ اس کے بعد اور ایک (1) لکیر لگائیں اور اس لکیر کے درمیان عربی حروف کو دائیں طرف سے لکھیں۔ اس کے بعد آخر ایک (1) لکیر لگائیں اور اس کے درمیان پہلے 18 کا عدد لکھیں۔ اس کے بعد حروف کو دائیں طرف سے لکیر کے درمیان لکھیں۔ اس کے بعد آخر کے عدد 9 کو لکھیں۔ اور جس مرض کا علاج کرنا چاہتے ہیں، اس مرض کا ایک (1) مکمل جملہ بنائیں۔ طلسم کے چاروں طرف الگ الگ حروف میں لکھیں۔ مجرب ہے۔

۳۴۳۳۴۴۹۴۵۰۴۲۴۱۹

ع ذ ط و ش ك م ع

ط د د ج ي ث ص ل ت ح ت ت ب غ د ج غ غ غ و و ب ع ع ل خ ظ ذ ط ز ج غ ي ي غ غ

۱۸ ص ر ا ی غ ج ع ت غ خ غ ا س خ غ ۹

قصیدہ غوثیہ کے اعمال

صاحبزادہ فقیر احمد رضا قادری سروری (لاہور)

یہ قصیدہ مبارکہ حضور غوث الاعظم محبوب سبحانی قطب ربانی شیخ عبد القادر جیلانی قدس سرہ العزیز کی زبان فیض ترجمان سے ادا ہوا ہے اور سلسلہ عالیہ قادریہ میں اس کا وردِ دولتِ ظاہری و باطنی کے حصول کا سبب ہے۔ اس کے 28 اشعار ہیں۔ اس قصیدہ مبارکہ کا ورد بہت مفید ہے۔ لہٰذا اس کے چند فوائد یہاں بیان کرتا ہوں تاکہ قارئین اس مبارک قصیدہ غوثیہ کا ورد کرکے ظاہری و باطنی فوائد حاصل کرسکیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ سب کو خوشیوں سے نوازے اور فیوض و برکات سے نوازے اور کامیابی و کامرانی عطا فرمائے آمین ثم آمین یارب العالمین برحمتك یا ارحم الراحمین سبحان ربك رب العزة عما یصفون وسلام علی المرسلین والحمدلله رب العالمین برحمتك یا ارحم الراحمین۔

تسخیر خلق کے لئے مجرب عمل

تسخیر خلائق کے لئے از حد کارآمد ہے اور قربِ خداوندی کے حصول کا ذریعہ ہے۔ نماز عشاء کے بعد اکتالیس (41) بار پڑھیں۔ اکتالیس (41) دن کافی ہے۔ اس کے بعد ایک (1) بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔

قوت حافظہ کے لئے مجرب عمل

اس قصیدہ مبارکہ کو تین (3) بار صبح کے وقت گیارہ (11) عدد بادام پر پڑھیں اور صبح نہار منہ ان بادام کو استعمال کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اکیس (21) دن میں قوت حافظہ بڑھ جائے گا۔

غوث الاعظم دستگیرؒ کی زیارت کے لئے عمل

جو شخص اس قصیدہ غوثیہ مبارکہ کو اپنے سامنے رکھے اور نماز عشاء کے بعد گیارہ (11) بار اوپر سے دیکھ کر پڑھے، مقبول بارگاہ غوثیت ہوگا اور حضور سیدنا غوث اعظم پاک رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت فیض بشارت سے مشرف ہوگا۔

عربی پڑھنے میں بصیرت حاصل ہو

اس قصیدہ مبارکہ کو تین (3) بار پڑھنے والے کو عربی پڑھنے میں بصیرت حاصل ہوتی ہے۔

قضاء حاجات کے لئے

ہر مشکل و سخت کام کے لئے چالیس (40) روز بلا ناغہ تین (3) بار پڑھیں۔ ان شاء اللہ مشکل سے چھٹکارا مل جائے گا۔

شفائے امراض کے لئے

ہر مرض و تکلیف کے لئے تین (3) بار یا پانچ (5) بار پانی پر پڑھ کر دم کریں اور دن میں تین (3) بار استعمال کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی۔

اولاد کے لئے مجرب عمل

بانجھ عورت اس قصیدہ مبارکہ کو صحیح خواں سے اکتالیس (41) مرتبہ پڑھوا کر پانی پر دم کرکے چالیس (40) روز پیئے تو حاملہ ہو جائے اور حضور غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی برکت سے بیٹا عطا ہوگا۔

سحر، آسیب زدہ و جن والے مریض کے لئے

روغن یعنی تیل پر اکتالیس (41) بار پڑھ کر دم کرکے اس کے جسم پر ملیں، دفع ہوگا۔

دشمن سے نجات کا عمل

ظالم سے نجات پانے کے لئے ہر روز دشمن کا تصور کرکے 7 بار پڑھیں خلاصی نصیب ہوگی۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

دشمنوں سے حفاظت کے لئے ہر روز قصیدہ غوثیہ کا تین (3) بار ورد کرنا بہت ہی مفید ہے۔

(نوٹ) برکت کے لیے اجازت لے کر پڑھیں۔ خ

دسمبر 2023 میں تعویذات پر 10% رعایت 1000 روپے تک کی خریداری پر 20% خصوصی رعایت

نورانی تعویذات سے مراد وہ تعویذات ہیں، جو قرآن، اسماء الحسنی، درود شریف، دعائیں، اسماء النبی پر مشتمل ہوتے ہیں۔ نورانی تعویذات کی چند اقسام چونکہ علیحدہ کردی گئی ہیں، اس لیے یہاں مراد دعائیں اور تمام نورانی کلام علاوہ قرآن، اسماء الحسنی اور درود شریف ہیں۔ جن تعویذات میں ایک سے زائد نورانی کلام ہو، وہ بھی اسی قسم میں داخل ہیں۔ درج ذیل چھپے ہوئے نورانی تعویذات ہیں۔

* گھر اور جگہ پر لگانے کا خاص طلسمی تعویذ * یا مغنی 1100 اور سورہ مزمل گیارہ 11 بار کا تعویذ * دُعائے استعاذہ * حزب البحر * حزب النصر * رقیہ حسد و نظر * حفاظت کا خاص تعویذ * سفر میں حفاظت کا خاص تعویذ * یا مغنی 1100 اور سورہ مزمل گیارہ 11 بار * ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ 651 بار * یابدیع العجائب بالخیر یابدیع بارہ سو 1200 بار * تہدیدی نامہ/حرز ابو دجانہ رضی اللہ عنہ * مسائل کا حل، امراض اور جنات سے نجات * چہل کاف کا خاص نقش "نقش ہرکارہ" * امان از ہر آفات * ہر جائز مقصد کے لیے * لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم * ہر بیماری خاص کر لا علاج بیماری سے شفاء کیلئے * وضع حمل میں آسانی * اللّٰھم افتح لی ابواب رحمتک تیرہ سو پندرہ 1315 مرتبہ * علاج سحر المرض * زبان بندی کا تعویذ۔

پی ڈی ایف کے لئے لنک پر جائیں۔

https://bit.ly/3Ne7oDF

21 دنوں میں ہر قسم کی بندش و جادو ختم کرنے کا خاص روحانی کورس

اگر آپ پر سفلی بندش ہے یا آپ پر جادو جنات اور سحر کے ذریعہ سے لگائی گئی بندش ہے تو آپ کے لئے یہ کورس مفید ہے۔ جو شخص پریشان ہو، خود کی یا کسی بھائی یا بہن کی یا اولاد کی شادی میں طرح طرح کی روکاٹیں پیدا ہو رہی ہوں، شادی کے رشتے اول تو آتے ہی نہیں یا آتے ہیں تو بہانے سے انکار کر دیتے ہیں۔ ان سب شکایات کے ازالہ کے لئے ایک خاص الخاص کورس۔ اگر جادو سحر، آسیبی اثرات کی وجہ سے آپ کے کاروبار پر بندش ہو یا کسی مخالف نے سفلی عمل کے ذریعے سے بندش لگوادی ہو تو یہ روحانی کورس آپ کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ رزق کی بندش، صحت کی بندش، رشتہ کی بندش، شہوت کی بندش، سفر کی بندش، نیز ہر قسم کی بندش کے لئے یہ کورس بہت مفید ہے۔

جناتی بندش	جادوئی بندش	آسیبی بندش
عملیاتی بندش	شیطانی بندش	تعویذاتی بندش
مردانہ بندش	زنانہ بندش	اولاد کی بندش
رشتوں کی بندش	کاروباری بندش	ملازمت کی بندش

ہر طرح کی تمام چھوٹی، بڑی، نئی، پرانی معمولی اور زیادہ بندشوں کے توڑ اور خاتمے کا خاص روحانی کورس۔ بندشیں خواہ کسی بھی وجہ سے ہوں یا کسی بھی طرح کی ہوں خود اور اپنے مریضوں کو یہ کورس استعمال کروائیں۔

ہدیہ فی کورس (معمولی) 2100 روپے

(درمیانہ) 3100 روپے

(سخت) 4100 روپے

زبان بندی کے مجرب اعمال

ملازم حسین (اسلام آباد)

برائے زبان بندی

٧٨٦

١٦٥٤	١٦٥٩	١٦٥٢
١٦٥٣	١٦٥٥	١٦٥٧
١٦٥٨	١٦٥١	١٦٥٦

بستم زبان عقل وہوش فلاں بن فلاں فی

غرض وحق فلاں بن فلاں

ترکیب تین (3) عدد نقش لکھو۔ دو (2) خاکی، ایک (1) آبی چال سے۔ آبی نقش کو مچھلی کے منہ میں رکھ کر بہتے پانی میں ڈال دیں۔ خاکی نقش ایک (1) قبرستان میں دفن کرو، ایک (1) کو وزنی پتھر کے نیچے دبا دیں۔

زبان بندی

گیہوں کے بیس (۲۰) دانے لے کر ہر ایک پر تیس (۳۰) بار سورۃ الم نشرح پڑھ کر پھونکے اور نیت کرے کہ کلام اور زبان فلاں بن فلاں کا میں نے باندھا، جب تک میں نہ کھوں اور دوسرا کوئی نہ کھولے۔ وہ دانے مرغیوں کے آگے ڈال دیں۔ فوراً زبان بند ہو جائے گی۔ لاکھوں روپے کا عمل ہے اور سینکڑوں مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

برائے زبان بندی

نوچندی جمعرات یا اتوار کو باوضو پاک صاف ہو کر بازار سے مٹی کی دو (2) چھوٹی کلیاں (کٹوریاں) خریدلائیں۔ اور قیمت دیتے وقت دل میں کہے کہ "یا اللہ میرے دشمن کی زبان بند کردو"

اب وہ دونوں کلیاں گھر لے آئیں اور ان میں اپنے چولہے کی راکھ بھر دیں۔ اور اس راکھ میں وہ پہلی والی عبارت (یا اللہ میرے دشمن کی زبان بند کردو) بمع والدہ کے نام کے لکھ کر دبا دو۔ اور ان کلیوں کو کسی پوشیدہ جگہ گھر میں یا دروازے کے اوپر رکھ دیں تاکہ ان پر کسی اور آدمی کا سایہ نہ پڑے۔ اور رکھتے وقت ایک سو (100) مرتبہ یہ کلام پڑھیں

صمٌ صمٌ صمٌ بکمٌ بکمٌ بکمٌ زبان فلاں بن فلاں دشمن کی بند کردے تصدق علی المرتضیٰ شیر خدا و غوث الاعظم غوث الوریٰ

جب کام پورا ہو جائے یعنی زبان بند ہو جائے تو راکھ مع تعویذ نکال کر دریا میں ڈال دیں۔ اور ان دونوں کلیوں کو شکر سے بھر کر بزرگوں کی نیاز دے کر بچوں میں تقسیم کردیں۔ مجرب عمل ہے۔

دشمن کے عضو کو معطل کردینا

حجۃ الاسلام امام محمد غزالی رحمہ اللہ

(جبکہ وہ شخص ناحق ہو اور اس کے بغیر کوئی چارہ کار نہ ہو)

یہ مجرب اور صحیح ہے کہ اگر تم اپنے دشمن کے کسی عضو کو معطل و بیکار کرنا چاہو تو مندرجہ ذیل نقش مکمل لکھو۔ پھر ایک (۱) چھری لو۔ جس حرف کو بھی چاہو نشان زد کردو۔ جس عضو پر بھی وہ حرف لکھا ہوا ہوگا، وہ عضو بیکار ہو جائے گا یعنی اعضاء کے مندرجہ ذیل نمبرات ہیں۔ سر اور دائیں بائیں کندھے کے آٹھ (۸) نمبر ہیں۔ دائیں پہلو کے سات (۷) نمبر ہیں۔ بائیں پہلو کے تین (۳) نمبر ہیں۔ دل کے چار (۴) نمبر ہیں۔ دائیں ران کے دو (۲) نمبر ہیں۔ بائیں ران کے چار (۴) نمبر ہیں۔ قدم سے شرمگاہ تک اور آلہ تناسل کے نو (۹) نمبر ہیں۔ جس بندے کو بھی تم قلم زد کرو گے تو وہ اللہ کی قدرت سے ہو جائے گا، ان شاء اللہ۔ اور یہ خصوصیت ہے اس مندرجہ ذیل نقش کی مکمل اور تمام ہے۔

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

مقالہ: انسان، نفس اور روح

تحریر: آغا حسنین احمد عالی (احمد پور شرقیہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ فِیۡۤ اَحۡسَنِ تَقۡوِیۡمٍ (القرآن)

ترجمہ: بے شک ہم نے انسان کو سب سے اچھی صورت میں پیدا کیا

اہل سخن و اہل قلم کے لیے انسان، نفس اور روح ہمیشہ سے مشکل موضوعات رہے۔ جب بھی لفظ انسان کا ذکر ہوا تو لازمی آدمی۔ بندہ۔ بشر اور فرد کے الفاظ بھی مفکرین کے ذہن میں ضرور آتے ہیں اور ان الفاظ کے مراتب پر ضرور نظر کرتے ہیں۔

انسان کا مصدر اُنس ہے یعنی محبت رکھنے والا۔ اخلاق سے آراستہ۔ انسان کی جمع اناس ہے جیسے یوم ندعوا کل اناس بامامھم (القرآن) ایک (روز محشر) ہم تمام انسانوں کو بلائیں گے اُن کے اماموں کے ساتھ۔ انسان کی دو اقسام مشہور ہیں، انسان ناقص اور انسان کامل۔ آدمی کا مصدر آدمؑ ہے لہٰذا حضرت آدمؑ کی جملہ اولاد آدمی کہلاتے ہیں، ان میں اچھے بھی اور برے بھی۔ ان میں سے کچھ احترام آدمیت میں مست ہیں اور کچھ تذلیل آدمیت میں بدمست ہیں۔ آدمی ہمیشہ خاکی انسان کو کہتے ہیں جس میں کئی عیب ہوسکتے ہیں۔ اس کو بہشت کا شجر ممنوعہ راس نہ آیا۔ کچھ آدمی وحشی کی مثل بن جاتے ہیں۔ آدمی مطلب میں اندھا ہو جاتا ہے، آدمی اناج کا کیڑا کہلاتا ہے، آدمی پانی کا بلبلہ کی مثل ہے یعنی کئی دم کی زندگی رکھتا ہے، آدمی کے ساتھ محاورۃً الو، جانور اور گھن چکر جیسے بُرے الفاظ اس کے کردار کے مطابق استعمال ہوتے آئے ہیں۔

لفظ بندہ

غلام، نوکر، ملازم، نیازمند، خاکسار انسان، بشر، آدمی، عابد، شاہد، سر جھکا دینے والا، حکم ماننے والا کے لیے مستعمل ہے۔ محاورۃً بندہ بشر ہے کا مفہوم یہ ہے کہ سہو اور خطا انسان کی فطرت میں ہے یعنی بشر خطا کار انسان کے لیے مخصوص لفظ ہے۔

بشر

بشرۃ کھال کی ظاہری سطح کو کہتے ہیں اور ارمتہ باطنی سطح کو! بشرۃ کی جمع بشر اور ابشار آتی ہے۔ انسان کو بشر اسی لئے کہتے ہیں کہ اور حیوانات میں کسی کی کھال اون سے ڈھکی ہوتی ہے اور کسی کی بالوں سے۔ مگر انسان کی کھال سب حیوانات کے برخلاف کھلی ہوتی ہے، اس لئے قرآن نے انسان کے ظاہری جسم اور جثہ کو بشر سے تعبیر کیا ہے۔ چودہ صدیاں گزر جانے کے باوجود اپنی آنکھ کے ڈھیلے میں موجود ایک سینٹی میٹر کے ہزارویں حصہ دائرہ اور اپنے بشری وجود کی ماہیت تو جان نہ سکے البتہ لائق درود محمد، مصطفیٰ، احمد، مجتبیٰ، حامد، قاسم، عاقب، فاتح، رشید، منیر، بشیر، نذیر، ہادی، رسول، نبی، طٰہٰ، یٰسین، مزمل، مدثر، شفیع، خلیل، کلیم، حبیب، مختار، ناصر، منصور، قائم، حافظ، شہید، عادل، حکیم، نور، حجتہ، برہان، مومن، مطیع، واعظ، امین، صادق، مصدق، ناطق، مکی، مدنی، عربی، ہاشمی، حجازی، ترازی، قریشی، اُمی، عزیز، رؤف، رحیم، یتیم، غنی، جواد، فتاح، عالم، طیب، طاہر، مطہر، خطیب، فصیح، سید، متقی، امام، متوسط، سابق، مقتصد، مہدی، حق، مبین، اول، اور قریب، منیب، طٰسٓ، حٰمٓ، حسیب، شاہد، مبشر، ولی، متین، مصباح، مکرم، کریم، عبداللہ، رسول الراحت، نبی الرحمت، خاتم النبین، رحمۃ للعالمین ﷺ کو اپنے جیسا بشر کہہ ڈالا اور دلیل میں قرآن کی آیت لائے۔

القرآن پارہ 16 قال الم، سورۃ الکہف 18 آیت 110 قُلۡ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ یُوۡحٰۤى اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰـهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ۔ (ترجمہ) اے میرے رسول ﷺ کہہ دیجیے ماسوا اس کے نہیں کہ میں تمہاری مثل بشر ہوں؟ مگر میری طرف تو وحی آتی ہے بجز اس کے نہیں کہ تمہارا معبود یکتا معبود ہے۔

آیت میں لفظ مِثۡلُكُمۡ استعمال ہوا ہے۔ مِثۡلُكُمۡ بھی قرآن میں آیا ہے چند صفحات میں مِثۡلُكُمۡ اور مِثۡلُكُمۡ کی وضاحت ممکن نہیں البتہ آیت مذکورہ میں مثکم نہیں ہے۔ یعنی میں تم میں سے بشر ہوں۔ نہیں ہے۔ مثل کسی چیز کا عین نہیں ہوتا مثلاً پارہ 6۔ سورۃ مائدہ 5۔ کی آیت میں کوے کو مثل کہا گیا

ہے تو کیا قابیل کوا کی طرح چونچ اور کالے پر رکھتا تھا۔ ہرگز نہیں۔

پ 28 سورۃ جمعہ ع! کی آیت میں توریت کا علم نہ اٹھانے والوں کو گدھے کی مثل کہا گیا حالانکہ وہ نہ تو گدھے جیسے کان جسم کھال رکھتے تھے، نہ گدھے کی طرح ڈھیچوں ڈھیچوں کرتے تھے۔ پ 6۔ سورہ اعراف ع 22۔ کی آیت بلعم باعور کو کتے کی مثل کہا گیا حالانکہ وہ انسان تھا۔ پ 6۔ سورۃ مریم ع ا کی آیت حضرت مریم کے پاس جبرائیل مثل بشر آئے مگر آج تک جبرائیلؑ کو بشر نہ کہا گیا۔ حضرت ابراہیمؑ اور حضرت لوطؑ کی طرف فرشتے مثل بشر آئے، ان فرشتوں کو بھی آج تک بشر نہ کہا گیا۔

نفسیات قرآن یہ ہے کہ جہاں جہاں بھی لفظ قُل استعمال ہوا ہے وہاں خدا کی غیرت گوارہ نہیں کرتی وہ کافرین، مشرکین، منافقین، مفسدین، منکرین سے خود خطاب کرے بلکہ وہاں نبی رحمت ﷺ کو کہا جاتا ہے قُل۔ ان سب سے آپ ﷺ کہہ دیں۔ تو غیرت خداوندی کس طرح گوارہ کرے گی کہ وہ بزبان محمد ﷺ۔۔۔ کافرین مشرکین منافقین کو کہلوائے کہ میں تمہاری طرح کا بشر ہوں بلکہ یہاں یوں ہے کہ اے میرے رسول ﷺ کہہ دیجئے ماسوا اس کے نہیں کہ میں تمہاری طرح بشر ہوں میری طرف وحی آتی ہے۔ یعنی میں تمہاری طرح بشر ہوں استفہامیہ ہے۔

امید قوی ہے کہ غور عمیق کرنے سے علمائے حق میری اس تشریح تک ادراک کریں گے۔

عبد

بندہ، غلام، عبدیت، بندگی، اطاعت، بندگی خدا، نماز پڑھنا، اطاعت کرنا، عبد کی جمع عِباد ہے اور عابد کی جمع عُباد ہے۔

پارہ تبارک الذی 29 سورۃ الجن 72 آیت 19 و انہ لما قام عبداللہ یدعوہ کو دو یکونون علیہ لبداۃ اور یقیناً جن اللہ کا عبد (محمد ﷺ) کھڑا ہو کر اسے پکارتا ہے قریب ہے کہ وہ لوگ ہجوم کر کے اس کو گھیر لیں اور یہیں کی آیت نمبر 26 کا ترجمہ:- وہ غیب کا جاننے والا ہے پس وہ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا۔ سوائے اس کے جسے اپنے رسول میں سے مرتضیٰ کیا پس یقیناً وہ اس کے آگے اور پیچھے نگہبان چلا دیتا ہے۔

پارہ سُبحٰن الذی 15 سورہ بنی اسرائیل 13 آیت نمبر 1 سبحٰن الذی تا بصیر پاک ہے ذات خدا جس نے سیر کرائی اپنے عبد (محمد ﷺ) کو رات کے ایک حصہ میں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک جن کا ماحول ہم نے بابرکت بنایا تاکہ اس عبد کو اپنی نشانیوں میں سے کچھ دکھائیں یقیناً وہ بہت سننے والا اور دیکھنے والا ہے (معراج النبیا) محمد کریم ﷺ کو اپنے جیسا بشر کہنے والو ذرا تم تو زمین سے دو سو میل اوپر جا کر دیکھو کہ سانس بند ہو کر دھڑام سے نیچے گرو گے تو ریزہ ریزہ ہو جاؤ۔ ایک بشر کی کیا مجال کہ سدرۃ المنتہیٰ سے آگے تک جا پہنچے جہاں جبرائیل کی پرواز رک جائے لہٰذا حضرت محمد ﷺ خدا کے عبد تو ہیں مگر ان کو بشر نہ کہو نہ سمجھو البتہ آپ اور ہم بشر ہیں اور بشری تقاضوں کے حامل ہیں۔

روح

اے رسول ﷺ لوگ آپ سے روح کے متعلق سوال کرتے ہیں آپ کہہ دیجئے کہ روح میرے رب کا ایک امر ہے اور تم کو اس کے متعلق بہت تھوڑا علم دیا گیا ہے (پارہ 15۔ سورۃ بنی اسرائیل 17۔ آیت نمبر 18) انتہائی کم علمی کی وجہ سے ہم روح کی حقیقت بیان کرنے سے قاصر ہیں۔ لیکن اس قدر ضرور جاننا چاہئے کہ روح بدن مادی اور بدن نفسی کی طرح کوئی صورت نہیں رکھتا ہے جس کے تمام تر اثرات وجود نفسی پر ہوتے ہیں۔ پورے قرآن میں روح کی جمع ارواح صرف دو مقامات پر مذکور ہے ورنہ ہر جگہ روح ہی مذکور ہے۔

روح

سورج سے زیادہ روشن برف سے زیادہ پاکیزہ ایتھر سے زیادہ لطیف ہوتی ہے۔ کائنات کے اسرار میں روح تا حال سے مخفی راز ہے جس کے ادراک سے عقل انسانی قاصر ہے۔ فلاسفروں نے تو کیا کہنا تھا انبیاء علیہم السلام اور راسخوان فی العلم بھی صرف اتنا فرما کر خاموش ہو گئے کہ روح امر ربی ہے۔ چونکہ یہ کبھی بھی امر الٰہی سے خالی نہیں رہی۔ اسی لئے مولا لیاں حیدر کرار کے بارہویں امام صاحب الامر کا ظہور امر ربی تک بقایا ہے،

خدا کی وہ پاک روح یا پاک امر جو بی بی مریم میں پھونک گئی حضرت عیسیٰ ہیں۔ حضرت عیسیٰ کو روح اللہ بھی کہا جاتا ہے۔ صاحب الامر کا بیّن ثبوت یہ ہوگا کہ روح القدس اور روح اللہ حضرت عیسیٰ ہمارے امام آخرالزمان کی اقتداء میں نماز پڑھیں گے۔

پاک صاف مقدس روح سے متعلق علوم کو روحانی کہتے ہیں اور روح کی قوت یا خاصیت سے متعلق امور کو روحانیت کہا جاتا ہے۔

نفس

کُلُّ نَفۡسٍ ذَآئِقَةُ الۡمَوۡتِ۔ القرآن۔ تمام سانسوں نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے، یہ نہیں کہا کہ تمام انسانوں، آدمیوں، بندوں، جسموں، بشر یا عباد نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے بلکہ ذائقہ موت ہر سانس کے لیے مخصوص کیا گیا۔ پانی کے بڑے گلاس میں سے چکھنا اور پانی کا بھرا گلاس پورا پی جانے میں فرق ہے ہر سانس کو موت کا ذائقہ چکھنے سے یہ مفہوم عیاں ہوتا ہے کہ ہم نے پھر بھی زندہ ہونا ہے جس کو محشر کہتے ہیں اور محشر ہی کے متعلق خالق کائنات نے فرمایا کہ ہم بلائیں گے تمام انسانوں کو ان کے اپنے اپنے امام کے ساتھ (القرآن)۔ محبان محمد وآل محمد کو یہ فخر حاصل ہے کہ ان کا ایمان ایسے اماموں پر ہے جو معصوم اور منصوص من اللہ ہیں۔

لفظ نفس کے لغوی معنی بہت زیادہ ہیں مثلاً سانس دم نفس واپس حالت نزع کی آخری سانس جو جا کر نہ آئے۔ نفس گرم۔ جلے دل کی فریاد نفس الامری۔ وہ حالات واقعی جنہیں دوست ودشمن مانیں۔ نفس امارہ۔ انسان کی خواہش جو برائی کی طرف مائل کرے۔ نفس بہیمی۔ بدی کی رغبت گناہ کی طرف میلان۔ نفس پروری۔ خود غرضی خواہشات کے کہنے پر چلنا۔ نفس کش۔ نفسانی خواہشات کو کچلنے والا۔ نفس لوامہ۔ گناہ سرزد ہونے کے بعد اپنے آپ کو لعنت ملامت کرنے والا نفس۔ نفس مطمئنہ۔ حکم الٰہی پر چلنے والا ضمیر مطمئن۔ نفس ناطقہ۔ انسانی روح۔ نفسانیت۔ خود غرضی۔ غرور۔ نخوت۔ نفسیات۔ انسان کے تحت الشعور اور لاشعور کی تحقیق کا علم۔

نفسیات

خود کو سائنس کہلوانا پسند کرتا ہے لیکن ایسے موضوعات جو یکسر غیر مادی ہیں اور جنہیں مشاہدہ میں نہیں لایا جا سکتا، ان پر علم نفسیات بات کرنے سے قاصر اور عاجز ہے۔ مثلاً نفسیات کی بنیاد فلسفہ ہے اور فلسفہ کا تعلق موجودات سے ہے، علم نفسیات کی مختصر تعریف یوں ہے:

یعنی روح کا مطالعہ۔

PSYCHOLOGY=PSYCHE=SOULLOGY=STUDY

نفس

ہمارا مادی جسم ہر وقت ہماری نگاہوں کے سامنے ہے مگر ہمارا وجود نفسی جو ایتھرک (ایک مادہ ماہرین طبعیات کے نزدیک خلا میں بھرا ہوا ہے) ہے۔ اتنا لطیف ہے کہ اسے ہم دیکھ نہیں سکتے، تخیلات وخواب کا تعلق وجود نفسی سے ہے یعنی روح سے تعلق ہے۔

علوم روحانیت میں وجود انسانی میں سانس کی آمد ورفت کا نام نفس ہے مگر حیرت ہوتی ہے جب ہم یومیہ اپنی ہی سانس کی آمد ورفت کا بغور مطالعہ کریں اور منہ بند کر کے ناک سے سانس کھینچیں یا چھوڑیں تو کبھی ہمارے ناک کا دایاں نتھنا کام کرتا، نظر آتا ہے، کبھی بایاں نتھنا کبھی دونوں نتھنے یکساں کام کر رہے ہوتے ہیں۔ ناک سے سانس کی یہ سریں ایام واوقات میں بدلتی رہتی ہیں مگر عام لوگوں کو ان سروں کی تاثرات کا ہرگز علم نہیں ہے۔ اگر ہم چاہیں تو ناک کی سانس کی ان سروں کو اپنی منشاء سے ادل بدل کر تسخیر کائنات کے کام لے سکتے ہیں خود کو یا دیگر مریضوں کو صحت مند بنا سکتے ہیں، مطلوبہ مقصد کو حاصل کرنے کی راہ اجاگر کر سکتے ہیں۔

ماہ دسمبر کی بیماریاں اور ان کا علاج

(مولانا سلیم اللہ ظفر)

دسمبر شروع ہوتے ہی موسم سرما اپنے عروج پر آنے کی اطلاع دینا شروع ہو جاتا ہے۔ وہ ہلکی ہلکی ٹھنڈک جو ماہ نومبر کے آخری عشرے میں صرف صبح اور رات کے وقت اپنا آپ محسوس ہو جاتی ہے۔ اگرچہ نومبر کے شروع سے لے کر نصف دسمبر تک سردی کی شدت اپنی ابتدائی منازل میں ہوتی ہے۔ لیکن پھر بھی سرد ہواؤں کی وجہ سے اچھے خاصے تندرست انسان بھی نزلہ، زکام، کھانسی، بخار کی لپیٹ میں آجاتے ہیں۔ کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ماہ دسمبر کے آغاز میں صبح سورج نکلنے کے بعد دوپہر تک موسم بہت خوش گوار رہتا ہے۔ لیکن یہ کیفیت چند دن ہی رہتی ہے۔ جوں جوں ماہ دسمبر اپنے اختتام کی طرف بڑھتا ہے موسمی تبدیلیاں واضح طور پر نظر آنا شروع ہو جاتی ہیں۔ ایسی حالت میں کم عمر بچوں، کمزور افراد اور بوڑھے افراد کے لیے بہت سے خطرات ہوتے ہیں۔ ماہ دسمبر سے ہی سر اور ناک وغیرہ کو سرد اور ٹھنڈی ہواؤں سے حتی الامکان بچائے رکھنا ضروری ہے۔ ماہ دسمبر میں یہ نسخہ بہت ہی مفید اور فائدہ مند رہتا ہے۔

نسخہ: (1) سبز چائے آدھا چمچ۔ (2) سبز الائچی 2 عدد۔ (3)۔ دار چینی 3 رتی۔ (4) پانی ایک پاؤ۔ (5) چینی یا شکر حسب ضرورت یہ فائدہ مند قہوہ بنا کر دینا بہت ہی فائدہ مند ہے۔

اگر ماہ دسمبر کے اختتام تک بارش نہ ہو تو خشک سردی اپنی طرف سے خشک کھانسی کا تحفہ ضرور دیتی ہے۔ اگرچہ خشک کھانسی موسمی کھانسی ہی کہلاتی ہے۔ اس سے نجات کے لیے اول تو احتیاطی تدابیر پر عمل کرنے یعنی غذائی احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ مگر خشک کھانسی کے لیے احتیاط کے ساتھ ساتھ علاج کی طرف بھرپور توجہ دینی چاہیے۔ کیونکہ اگر خشک کھانسی کا ہر وقت علاج نہ کیا جائے تو آگے جا کر یہ دمے یا کسی دوسری بڑی بیماری کا باعث بن سکتی ہے۔ اگر خدانخواستہ خشک کھانسی ہو جائے تو مندرجہ ذیل تجاویز پر عمل کر کے خشک کھانسی پر قابو پایا جا سکتا ہے۔

1. خشک کھانسی کے لیے نمک اور نیم گرم پانی کے غرارے بہت مفید ہیں۔
2. ہلدی یا گرم پانی کی بھاپ لینا بہت ہی مفید ہے۔
3. خشک کھانسی کی صورت میں زیادہ سے زیادہ پانی پینا بہت ہی مفید ہے۔
4. گڑ یا شکر کی چائے، بہت فائدہ مند چیز ہے۔
5. گڑ چوسنا بہت ہی فائدہ مند ہے۔
6. دودھ جلیبی بہت ہی موثر ہے۔
7. بادام کی گریاں 11 عدد رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح چھیل کر چینی اور مکھن میں ملا کر پیسٹ بنالیں۔ خشک کھانسی کے لیے مجرب نسخہ ہے۔
8. سوپ اور یخنی بھی موثر ہیں۔

قارئین یاد رکھیں! پورے موسم سرما میں موسم سرما کی سبزیاں اور فروٹ بھرپور استعمال کریں۔ یہ چیزیں مدافعتی نظام کو مضبوط بھی کرتی ہیں اور موسم سرما کی بیماریوں سے محفوظ بھی رکھتی ہیں اور موسم سرما کی بیماریوں کا بہترین علاج بھی ہیں۔ پورے موسم سرما میں آغاز سے اختتام تک اپنی چائے اور قہوہ میں ادرک کا استعمال لازمی کریں۔

کھجور، انجیر اور امرود سے بیماریوں کا علاج

(مولانا سلیم اللہ ظفر)

قدرت نے پاکستان کو بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے۔ رنگ برنگے رسیلے پھل اللہ پاک کی خاص نعمتوں سے ہیں۔ اللہ پاک کا شکر ہے کہ پاکستان میں ہر طرح کے موسمی پھل ہر وقت وسیع مقدار میں دستیاب رہتے ہیں۔ پھلوں میں تمام غذائی اجزاء وٹامنز اور معدنیات وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ پھل کھانے سے انسان تندرست توانا رہتا ہے۔ زیادہ نہ سہی کم ہی سہی موسمی فروٹ لازمی کھانے چاہئیں۔ مثل مشہور ہے کہ سیب کا روزانہ استعمال انسان کو ڈاکٹر اور بیماری سے دور اور محفوظ رکھتا ہے۔ کیلا، آڑو، ناشپاتی کا استعمال ہائی بلڈ پریشر کو کم کرتا ہے۔ کیونکہ ان پھلوں میں پوٹاشیم ہوتا ہے۔ جو بلڈ کا پریشر اپنے اعتدال پر رکھتا ہے۔ صحت مند اور فٹ رہنے کے لیے تازہ اور اس بھرے پھلوں کا زیادہ سے زیادہ استعمال کرنا چاہئے۔ موسم سرما میں دیگر فروٹس کے ساتھ ساتھ کھجور لازمی کھانی چاہیے۔

کھجور کے فائدے

(1) کھجور میں بے حد غذائیت ہے (2) کھجور تازہ خون پیدا کرتی ہے (3) کھجور زبردست ہاضم ہے (4) کھجور معدے کو طاقت دیتی ہے (5) کھجور جگر کو تندرست رکھتی ہے (6) کھجور باہ کو قوت بخشتی ہے (7) کھجور لقوے فالج جیسے امراض سے بچاتی ہے (8) کھجور میں تمام غذائی اجزاء پائے جاتے ہیں (9) کھجور جسمانی کمزوری کو ختم کرتی ہے (10) کھجور توانائی پیدا کرتی ہے (11) دبلا پن دور کرنے کے لیے کھجور کو کھیرے، ککڑی وغیرہ کے ساتھ کھانا مفید ہے (12) کھجور نہار منہ کھانے پیٹ کے کیڑے مر جاتے ہیں۔

انجیر کے فائدے

موسم سرما میں انجیر کھانا بھی بہت فائدہ مند ہے۔

(1) انجیر خوش ذائقہ پھل ہے (2) انجیر جلد کی بیماریوں کے لیے فائدہ مند ہے (3) انجیر معدے کی اصلاح کرتا ہے (4) انجیر جگر کو فائدہ دیتی ہے (5) انجیر کھانے سے تلی کا ورم دور ہو جاتا ہے (6) انجیر گلے کی خراش کو ختم کرتی ہے (7) انجیر کھانے سے بچوں کا قد بڑھتا ہے (8) انجیر کھانے سے نظر تیز ہوتی ہے۔

انگور کے فائدے

اس موسم میں انگور کھانا بھی بہت فائدہ مند ہے۔ انگور مزے دار پھل ہے۔

(1) درد شقیقہ کے مریضوں کے لیے انگور بہت مفید ہے (2) انگور چھوٹے بچوں کو کھلانا بہت مفید ہے۔ اس سے ان کے دانت آسانی کے ساتھ نکل آتے ہیں (3) انگور ان مریضوں کے لیے جن کا سر چکراتا ہو اور دماغ گھومتا ہوا نظر آتا ہو بہت مفید ہیں (4) انگور کھٹے ڈکاروں کی شکایت ختم کرتا ہے (5) انگور گیس کی بیماری ختم کرتے ہیں (6) انگور تیزابیت کے مریضوں کے لیے فائدہ مند ہے

امرود کے فائدے

امرود اس موسم میں کھانا بہت مفید ہے۔

(1) امرود دل کو طاقت دیتا ہے (2) امرود دماغ کو تقویت دیتا ہے (3) امرود اعضائے رئیسہ کی اصلاح کرتا ہے (4) امرود نظام ہاضمہ کو درست کرتا ہے (5) امرود خون کے قوام کو اعتدال پر رکھتا ہے (6) امرود نزلہ، زکام، کھانسی کی بیماریوں میں صحت کی بحالی کا موجب ثابت ہوتا ہے (7) امرود مقوی پھل ہے (8) امرود مفرح قلب ہے (9) امرود خفقان کے مریضوں کے لیے فائدہ مند ہے (10) امرود زبردست قبض کشا ہے (11) امرود گیس اور تبخیر کی بیماریوں کے لیے نفع بخش ہے (12) امرود بواسیر کے مریضوں کے لیے بہت فائدہ مند ہے (13) امرود مسوڑھوں کی سوزش اور خون بہنے کی تکلیف کو دور کرتا ہے۔

گھر والوں کو حادثات سے بچائیے

ارم فاطمہ

یوں تو چھوٹے موٹے حادثات انسانی زندگی کا حصہ ہوتے ہیں۔ لیکن تسلی سے بیٹھ کر اگر سوچا جائے تو اس کے پیچھے کہیں نہ کہیں ہماری غلطی، غفلت اور لاپرواہی کا عنصر چھپا ہوا ضرور ملے گا۔ گھروں میں ہونے والے حادثات عموماً چھوٹے موٹے اور زیادہ سنگین نوعیت کے نہیں ہوتے۔ ان حادثات کی بدولت انسان زخمی، معذور یا تکلیف میں مبتلا ہوسکتا ہے۔ بعض اوقات گھریلو حادثات کی بدولت موت بھی واقع ہوسکتی ہے۔

گھر میں ہونے والے حادثات میں خاتون خانہ کی لاپرواہی کا بڑا عمل دخل ہوتا ہے۔ ہاتھ میں چاقو یا چھری کا لگ جانا، پاؤں میں کانٹا چبھنا اور کیلے کے چھلکے پر سے پھسل جانا وغیرہ۔ بعض اوقات اس قسم کے گھریلو حالات موت کا سبب بھی بن سکتے ہیں۔ آیئے ہم دیکھتے ہیں کہ وہ کون سے عوامل ہیں جن کی بدولت گھر کے لوگ حادثات کا شکار بنتے ہیں۔ اور ان سے کس طرح بچاؤ ممکن ہے؟

☆......گھروں میں عموماً بچے سیڑھیوں پر کھلونوں کو ادھر ادھر پھیلا کر رکھتے ہیں اور پھر ان چیزوں کو سمیٹے بغیر کمرے میں آجاتے ہیں۔ کھلونوں سے کھیلنے کے بعد واپس اسی جگہ پر سمیٹ کر رکھنے کی عادت بچوں کے اندر ضرور پیدا کریں۔

☆......بے شمار گھروں میں سیڑھیوں پر کاٹھ کباڑ نظر آتا ہے۔ اس سے ٹھوکر کھا کر گرنے سے بڑا نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ خصوصاً اگر اندھیرا ہو تو حادثے کا امکان بھی بڑھ جاتا ہے۔

☆......اکثر خواتین کپڑے دھونے کے بعد اس بات کا خیال نہیں رکھتیں کہ کپڑے دھونے والی جگہ پر صابن یا سرف گرنے سے پھسلن ہوجاتی ہے۔ بچے ایسی جگہوں پر ضرور جاتے ہیں اور پھر گر پڑتے ہیں۔ خواتین کو چاہیے کہ کپڑے دھونے کے فوراً بعد فرش کی صفائی کے بعد پنکھے چلا دیں اور بچوں کو فرش پر بھاگنے دوڑنے نہ دیں۔

☆......سیڑھیاں چڑھتے وقت بعض بچے اور بڑے انہیں پھلانگتے ہوئے جلد بازی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ اس طرح آپ کو گرنے یا چوٹ لگنے کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔ بچوں کو منع کریں کہ وہ بھاگ بھاگ کر سیڑھیاں نہ چڑھیں۔

☆......کچھ خواتین کو عادت ہوتی ہے کہ وہ سیڑھیوں کے زیادہ چکر لگانے کے بجائے ایک بار ہی سارا سامان اتارنا یا چڑھانا پسند کرتی ہیں۔ اس معاملے میں بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔

☆......رات کے وقت اندھیرے میں ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں جاتے وقت محتاط ہوکر چلیں۔ اگر فاصلہ زیادہ ہو تو ٹارچ استعمال کریں۔ اس قسم کی احتیاط سے آپ کسی بھی چوٹ سے آسانی سے بچ سکتے ہیں۔

☆......جن گھروں میں چھ سے دو سال تک کے بچے ہوں وہاں ماؤں کو ہر وقت خیال رکھنا پڑتا ہے۔ بچوں کو اونچی جگہوں پر اکیلا نہ بٹھائیں اور نہ کھلی جگہ پر تنہا چھوڑیں جہاں ان کے گرنے کا امکان ہو۔ ایسے کھلونے نہ دیں جن سے ان کے زخمی ہونے کا امکان ہو۔ اگر بچہ سائیکل چلانا سیکھ رہا ہو تو جب تک وہ بااعتماد طریقے سے سائیکل چلانا سیکھ نہ جائے اسے اکیلا یا باہر سڑک پر نہ جانے دیں۔

☆......سڑک پر چلتے وقت بچوں کے ہاتھ مضبوطی سے تھامے رکھیں، بعض اوقات بچے ہاتھ چھڑا کر سڑک پر دوڑتے ہیں اور حادثات کا شکار ہوجاتے ہیں، اسی طرح بچوں کو آگ کی طرف متوجہ نہ کریں۔

☆......گھروں میں اکیلی ہوں تو بجلی کے تار اور پلگ پانی سے دور رکھیں۔ گیلے ہاتھوں سے بجلی کی تاروں یا بجلی کے سامانوں کو ہاتھ نہ لگایا جائے ورنہ کرنٹ لگنے کا خطرہ رہتا ہے۔

☆......گھر سے باہر جاتے وقت اس بات کا اطمینان کرلیں کہ گیس کا چولہا اچھی طرح بند ہے۔

☆......گولیاں یا ادویات وغیرہ درج تاریخ سے پہلے ہی استعمال کرلیں تو بہتر ہے۔ دھوپ میں پڑی رہنے والی دوائیں جن کے ڈبے پیلے پڑ گئے ہوں ایسی ادویات استعمال کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ اکثر لوگ دوائیں باتھ روم میں رکھتے ہیں۔ یہ طریقہ درست نہیں کیوں کہ حتی الامکان کوشش کریں کہ ادویات بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔ بے دھیانی، لاپرواہی اور

جلد بازی سے کیے گئے کام اکثر حادثات کا موجب بنتے ہیں۔ چھوٹی چھوٹی غلطیوں پر قابو پا کر اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو حادثات سے بچانا آپ کی ذمہ داری ہے۔

ایک اہم بات

گھر میں دو مقامات ایسے ہیں جو سب سے زیادہ نازک اور ذرا سی لاپرواہی یا بے توجہی کے سبب بچوں سے زیادہ بڑوں کے لیے خطرناک ہوتے ہیں۔ ان مین گھر کا باتھ روم اور گھر کا کچن بہت اہم ہیں۔

اکثر بزرگوں کے ساتھ یا گھر میں حاملہ عورتوں کے ساتھ باتھ روم میں گرتے اور کولہے کی ہڈی کے فریکچر یا حمل ضائع ہوجانے کے حادثات ہوتے ہیں۔ ایسا صرف اس وجہ سے ہوتا ہے کہ وہاں پر پانی یا چکنائی پر پھسل جاتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ باتھ روم استعمال کرنے کے بعد اچھی طرح خشک کر دیا جائے۔ اگر گھر میں ضعیف والدین ہیں تو ضروری ہے کہ سوکھے کپڑے سے خشک کر دیا جائے۔

دوسرا مقام کچن ہے، اس کے بارے میں دو قسم کی احتیاط درکار ہے۔ ایک احتیاط کچن میں کھانا پکاتے وقت، سبزیاں کاٹتے وقت، گیس چولہا جلاتے وقت اور تیل میں چیزیں فرائی کرتے وقت درکار ہے۔ دوسری احتیاط کچن کا کام سمیٹ کر چولہا بند کرتے وقت درکار ہے۔ اس کے لیے یقینی بنائیں کہ سلنڈر کا ریگولیٹر بند کر دیا ہے اور چولہے کے آن آف کرنے کا بٹن بند ہے۔ گھر میں اگر بچے ہوں تو ہمیشہ چولہا بند کرنے کے ساتھ ساتھ ریگولیٹر بھی بند کریں۔

کام کی باتیں

سرفراز صدیقی

کامیاب کون؟

”انسان اپنی زندگی میں کس درجہ کامیاب تھا اور آخرت میں اُس کا مقام کیا ہوگا؟ اس کا بخوبی اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ وہ دُنیا سے جاتے ہوئے اپنے پیچھے کتنی آنکھیں، کتنے لمبے عرصے کے لئے اشکبار چھوڑ گیا۔“

چالاک اور عقلمند کا فرق

”چالاک اور عقلمند میں یہ فرق ہوتا ہے کہ چالاک لوگ اپنی تمام زندگی اس دُنیا میں جینے کا گر سیکھنے میں گزار دیتے ہیں اور عقلمند لوگ زندگی جینے میں۔“

کامیابی کیسے؟

”وہ لوگ جو زندگی میں کچھ پانے کے لئے جدوجہد کرتے ہیں، ان کے ساتھ دو ہی باتیں ہوتی ہیں۔ یا تو وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوتے ہیں یا پھر ناکام۔ مگر جو لوگ محنت نہیں کرتے، وہ صرف ناکام ہوتے ہیں۔ انسان اگر جائز کام کے لئے محنت کرے اور اللہ سے صدق دل کے ساتھ دُعا کرے تو اللہ اس کو سنتا بھی ہے اور کسی نہ کسی شکل میں کامیابی بھی عطا کرتا ہے۔“

حکمرانی کا خواہشمند کون؟

”ایک عادل اور منصف شخص کے لیے حکمرانی سے بڑھ کر کوئی اور بوجھ نہیں۔ اس کے برعکس ایک ظالم انسان کو اقتدار سے زیادہ دُنیا میں کوئی دوسری شئے نہیں لبھاتی۔

ظالم سدا اختیار حاصل کرنے کے لئے سرگرداں رہتا ہے لیکن انصاف پسند شخص ہمیشہ حکمرانی کے بارِ گراں سے منہ موڑتا ہے تاوقتیکہ اُس کے سر میں عوام اُلناس کی بھلائی کا سودا نہ سما جائے۔“

پیغام جوانی کیپسول

چھوٹی پیکنگ: 1000 روپے (10 کیپسول)

بڑی پیکنگ: 2000 روپے (20 کیپسول)

◆ طاقت وقوت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے ◆ مخفی وپوشیدہ طاقتوں کا سرچشمہ ہے ◆ ہمیشہ کی شرمندگی سے نجات دلاتا ہے ◆ مسرت وشادمانی کے لمحات میں اضافہ کرتا ہے ◆ خاص اوقات میں زبردست اضافہ کرتا ہے ◆ بلا مبالغہ حقیقت میں ہی جوانی کا پیغام ہے ◆ ازدواجی تعلقات کو مستحکم ومضبوط بناتا ہے ◆ زوجین کے اعتماد کو ہمیشہ بحال رکھتا ہے ◆ خاوند کو جلدی گھر آنے پر مجبور کرتا ہے ◆ مایوس الباہ دوستوں کیلئے ایک عظیم خوشخبری ہے ◆ فوری اور پہلی خوراک میں رزلٹ دینے والا گفٹ ہے ◆ منٹوں کو گھنٹوں میں بدلنے والا ایک خاص نسخہ ہے ◆ ہر عمر کے مرد حضرات بلا خوف وخطر استعمال کر سکتے ہیں ◆ ہر قسم کی نشہ آور اور مضر اثرات سے سو فیصد پاک ہے ◆ آپ کی سوچ سے زیادہ قیمتی اجزاء سے تیار کیا گیا ہے ◆ قدردانوں کیلئے ایک انمول، بے مثال اور لاجواب چیز ہے ◆ مطب العارف کی طرف سے عوام الناس کیلئے طب یونانی کا 100 فیصد رزلٹ دینے والا ایک خاص مثالی تحفہ ہے۔

042-35410586
0304-7772772

سفوف شباب آور

قیمت: 1050 روپے

● مایوسیوں کو امیدوں میں تبدیل کرتا ہے ● جسم انسانی میں حقیقی شباب کو قائم رکھتا ہے ● حکماء اور طبیبوں کے سینوں کا خاص راز ہے ● رگوں اور پٹھوں میں غضب کا جوش پیدا کرتا ہے ● اعصاب میں زبردست مضبوطی پیدا کرتا ہے ● بوڑھوں کو نوجوان بنانے والا ایک نسخہ کیمیا ہے ● برف کی مانند ٹھنڈوں کو آگ کی سی تپش دیتا ہے ● مرجھائے ہوئے چہروں کو گلاب جیسی رعنائی دیتا ہے ● مرد کو حقیقی مرد اور جسم میں بجلی کی سی تیزی پیدا کرتا ہے ● قدیم اور شاہی حکیموں کی زندگی بھر کا نچوڑ اور خلاصہ ہے ● شوگر کے مریضوں کے لیے بھی ایک نایاب وکامیاب چیز ہے ● انتہائی مقوی، بے حد مغلظ اور بے انتہا محرک ہے ● جوانی کو قائم ودائم اور ہمیشہ فٹ رکھنے والا سفوف ہے ● بڑھاپے کے اثرات اور نشانیوں کو ختم کرتا ہے ● ہر قسم کے نقصان دہ اور صحت کو تباہ کرنے والے مضر اجزاء سے پاک ہے ● تا زندگی استعمال کیا جا سکنے والا ایک بے ضرر قیمتی ٹانک ہے ● انتہائی کم خوراک میں بہت زیادہ طاقت پیدا کرتا ہے ● ہر عمر میں استعمال ہونے والا ایک ارزاں دیسی نسخہ ہے ● سفوف شباب آور مطب العارف کا ایک اہم اور کثیر تعداد میں فروخت ہونے والا انتہائی مفید اور قیمتی اجزاء پر مشتمل بیش قیمت مرکب ہے

042-35410586
0304-7772772

بے مثال مرہم

قیمت 90 روپے

"بے مثال مرہم" کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ جلد کی کوئی بھی تکلیف ہو مثلاً دھدر، چنبل، جلنے کا زخم، کٹنے کا زخم، پھوڑے پھنسی کا زخم، ختنہ کا زخم، ناف کا زخم، ہاتھ کی انگلیوں کا پھٹنا، ایڑیوں کا پھٹنا، ہونٹوں کا پھٹنا، منہ کے اندر کے چھالے، آنکھوں کی تمام تکالیف اور جانوروں کے کاٹنے کے زخم کو فوری مندمل کر کے صحت سے ہمکنار کرتا ہے۔

بے مثال مرہم: خراش پر لگائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں!

بے مثال مرہم: جل جانے پر لگائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں!

بے مثال مرہم: کسی بھی زخم پر لگائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں!

بے مثال مرہم: منہ کے چھالوں پر لگائیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھیں!

بے مثال مرہم: آنکھوں کے جملہ امراض میں لگائیں۔

بے مثال مرہم: ہر قسم کی کٹن اور پھٹن پر لگائیں۔

جلد کی کسی بھی تکلیف میں لگائیں، اس کے نتائج اور فوائد دیکھ کر آپ حیران رہ جائیں گے ان شاء اللہ العزیز۔

042-35410586
0304-7772772

خواتین اور بچوں کے مسائل کا روحانی حل

خواتین کے مسائل رشتہ طے نہ ہونا، شوہر، ساس، نند، سسرال کے مسائل، خواتین کی ہر قسم کی بیماریاں، اولاد نہ ہونا، اولادِ نرینہ نہ ہونا، معاشی مسائل۔

بچوں کے مسائل تعلیم میں مشکل یا ناکامی، نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، لڑنا جھگڑنا، بدزبانی، جھوٹ بولنا، بری عادات، بچوں کی ہر قسم کی بیماریاں۔

روحانی معالجہ اُمِّ نافع 0334-4435862

خواتین اور بچوں کی بیماریوں کا ہومیو علاج

خواتین کے امراض حیض کی خرابیاں، اسقاط حمل، حمل کی تکالیف، بانجھ پن، دودھ کی کمی، لیکوریا، نسوانی حسن میں کمی، ہسٹیریا، چہرے پر دانے، نفسیاتی امراض وغیرہ۔

بچوں کے امراض چڑچڑاپن، دانت نکلنے کی تکالیف، سوکھا پن، بستر پر پیشاب، دودھ نہ پینا، بھوک نہ لگنا، مٹی کھانا، کمزوری، قد نہ بڑھنا، نفسیاتی امراض وغیرہ۔

ہومیو ڈاکٹر اُمِّ نافع: 0346-4435862

لنگر برائے ترقی روحانیت

روحانی درسگاہ کے طلباء وطالبات کے لیے

● روحانی اعمال کی مضبوطی کے لئے ● روحانی اعمال کی طاقت کے لئے ● روحانی اعمال میں ترقی کے لئے ● روحانی اعمال میں تیزی کے لئے ● روحانی اعمال کو موثر ترین بنانے کے لئے ہر نوچندی اتوار کو دارالعمل میں خاص لنگر کا عرصہ دراز سے اہتمام کیا جا رہا ہے۔ روحانی درسگاہ کے پرانے طلباء وطالبات کے پرزور اصرار پر اور نئے طلباء وطالبات کی خواہش کی تکمیل کو مدنظر رکھتے ہوئے مجلس شوریٰ کی مشاورت کے بعد تمام طلباء وطالبات کے لئے خوشخبری ہے کہ آپ بھی اب اس خاص لنگر میں شامل ہو سکتے ہیں۔

نصف حصہ: 500 روپے | مکمل حصہ: 1000 روپے

زنجانی جنتری 2024ء

صفحات: 187

از افادات: شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی | 2024ء

قیمت: 500 روپے

☆ 2024 کا اسم اعظم ☆ اسم اعظام عروج زحل ☆ جعفری فالنامہ ☆ پاکستان میں عید الفطر کس دن؟ ☆ نوروز عالم افروز 2024 ☆ فضائل عید غدیر، دعا امام زمانہ ☆ حماس اسرائیل جنگ ☆ عالمی امن اور UNO ☆ چین امریکہ پاکستان ☆ پاکستان دوستی ☆ قائد کے پاکستان کو اعلیٰ قیادت ☆ Welcome USA ☆ IMF کی حکومت کو ظالمانہ ہدایات ☆ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ ☆ چوتھی مرتبہ وزیر اعظم کے امیدوار وزیر اعظم بن سکیں گے؟ ☆ عمران خان اور الیکشن 2024 ☆ یوکرائن جنگ کا خاتمہ؟ ☆ سرپرائزنگ سال 2024، ☆ افغانیوں کی اپنے وطن واپسی کب تک؟ ☆ سچی پیشگوئیاں 2023، ☆ عالمی وسیاسی حالات 2024، ☆ تو یر السال 2024، ☆ کیلنڈر کہانی 2024، ☆ 12 ماہ تقسیم 2024، ☆ اعمال اسلامی ماہ (قوائے صالحین) ☆ پرائز بانڈ کی نمبر 2024، ☆ صدقہ سے شفاء ☆ نقش مہر نبوت ﷺ ☆ نام سے برج معلوم کرنا ☆ آپ کا برج کون سا ہے؟

کوپن برائے مفت روحانی خدمات

دسمبر 2023ء

تاریخ ____________

نام ____________ والد ____________

والدہ ____________ مکمل پتہ ____________

____

موبائل نمبر ____________

Email (اگر ہو) ____________

مطلوبہ علاج ____________

نوٹ: علیحدہ کاغذ پر اپنا مسئلہ تفصیل سے لکھ کر رجسٹرڈ جوابی لفافے کے ساتھ ارسال کریں۔ ایک کوپن میں دو مقصد سے زائد نہ لکھیں۔ کوپن کے بغیر علاج/تعویذات/وظیفہ بھیجنے سے معذرت۔ مزید تفصیلات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

کوپن برائے بغیر فیس اعمال

دسمبر 2023ء

تاریخ ____________

نام ____________ والد ____________

والدہ ____________ مکمل پتہ ____________

____

موبائل نمبر ____________

Email (اگر ہو) ____________

مطلوبہ اعمال ____________

نوٹ: رجسٹری جوابی خط کے ساتھ شناختی کارڈ کی ایک عدد صاف کاپی ارسال کریں۔ ایک وقت میں دو اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔ مزید شرائط وتفصیلات کے لیے ویب سائٹ دیکھیں یا رابطہ فرمائیں۔